ہر قسم کے قرآن مجید وحمائلیں معری ومترجم قاعدے سیپارے وجملہ کتب دینیہ ملنے کا پتہ (مولوی) سید احمد مالک خانہ اعزازیہ دیوبند (یوپی)

۷۸۶

وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ

الحمد للہ علی احسانہ کہ

آیات قرآنی حصہ اول اعمال قرآنی

مکمل اعمال قرآنی

حصہ سوم اعمال قرآنی — حصہ دوم اعمال قرآنی

ہر سہ حصہ

مؤلفہ

عالم باعمل وفاضل اجل مولانا قاری حافظ محمد اشرف علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

جسکو

(مولوی) سید احمد صاحب مالک کتب خانہ اعزازیہ دیوبند نے

اپنے

کتب خانہ اعزازیہ دیوبند سے شائع کیا

ہر قسم کی درسی وغیر درسی، عربی فارسی اردو کتب
وتصانیف علماء دیوبند بکفایت اور عمدہ ملنے کا پتہ:- (مولوی) سید احمد مالک کتب خانہ اعزازیہ دیوبند (یوپی)

آیات قرآنی المسمیٰ بہ اعمال قرآنی

مع :-

تعویذات مفید عام و ضمیمہ لاثانی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ اَنۡزَلَ الۡفُرۡقَانَ عَلٰی خَیۡرِ الۡعِبَادِ وَبَیَّنَ فِیۡہِ اَمۡرَ الۡمَعَاشِ وَالۡمَعَادِ وَ نَصَبَ فِیۡہِ اٰیَاتٍ مُّحۡکَمَاتٍ لِیَھۡتَدُوۡا بِھَا الۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتُ اِخۡتَفٰی فِیۡہِ کُنُوۡزَ الشِّفَآءِ حَتّٰی یَتَدَارَکَ بِھَا الۡمَرۡضٰی عَنِ الدَّآءِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشۡرَفِ الۡمَوۡجُوۡدَاتِ مُحَمَّدِ الَّذِیۡ اَیَّدَہُ اللّٰہُ بِاَنۡوَاعِ الۡمُعۡجِزَاتِ وَعَلٰی اٰلِہِ الطَّیِّبِیۡنَ وَاَصۡحَابِہِ الطَّاھِرِیۡنَ

امابعد احقر العباد سیّد احمد مدیر کتب خانہ اعزازیہ دیوبند شائقین اعمال قرآنی کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ حضرت مولانا حاجی شاہ محمد اشرف علی صاحب حنفی چشتی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ رسالہ مشتمل خواص آیات قرآنی جو بزرگان دین سے سینہ بسینہ چلے آتے تھے۔ واسطے فائدہ مسلمانوں کے اپنے حسن اخلاق سے تحریر فرمایا تھا۔ اور مختلف جگہ پر طبع ہوا مگر افسوس ہے کہ طابع حضرات نے بے توجہی سے اس کو طبع کرایا اور صرف جلب منفعت کو اکثر حضرات نے اپنا مقصود بنایا جس کی وجہ سے کتاب بہت غلط سلط طبع ہوتی رہی جس کو دیکھ دیکھ کر ہمارے دل کو رنج اور قلب کو صدمہ پہنچتا رہا کہ اس قدر مفید اور بہتر کتاب اور اس قدر گڑبڑ ہو کر شائع ہو۔ اس لئے ہم نے بنام خدا اس کی طباعت کا خود انتظام کیا اور انتہائی جاں فشانی کے بعد اس کو صحیح کر کے طبع کرایا ہے اللہ تعالیٰ اس سے مسلمانوں کو فائدہ بخشے اور امید ہے کہ جس سے فائدہ حاصل کرنے والے حضرات احقر کو دعوات صالحہ سے فراموش نہ کریں گے۔

احقر سیّد احمد۔ مدیر کتب خانہ اعزازیہ دیوبند - یوپی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فَذَبَحُوۡہَا وَمَا کَادُوۡا یَفۡعَلُوۡنَ خاصیت یہ آیت پڑھ کر خربوزہ یا اور کوئی چیز پر تراشے تو انشاء اللہ تعالیٰ شیریں و لذیذ معلوم ہوگی۔ فَسَیَکۡفِیۡکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ خاصیت جس سے حاکم ناراض و خفا ہو وہ اس آیت کو پڑھا کرے یا لکھ کر بازو پر باندھ لیوے انشاء اللہ تعالےٰ حاکم مہربان ہوجائیگا۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّاۤ اِلَیۡہِ رٰجِعُوۡنَ خاصیت اگر یہ آیت پڑھ کر گم ہوئی چیز تلاش کیجاوے تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور ملجاوے ورنہ غیب سے کوئی چیز اس سے عمدہ ملے گی۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ یَّتَّخِذُ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ اَنۡدَادًا یُّحِبُّوۡنَھُمۡ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ وَلَوۡ یَرَی الَّذِیۡنَ ظَلَمُوۡۤا اِذۡ یَرَوۡنَ الۡعَذَابَ اَنَّ الۡقُوَّۃَ لِلّٰہِ جَمِیۡعًا وَّاَنَّ اللّٰہَ شَدِیۡدُ الۡعَذَابِ خاصیت جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو شیرینی پر پڑھ کر کھلاوے انشاء اللہ تعالیٰ مہربان ہوجاوے گا مگر واضح رہے کہ ناجائز محل میں ہرگز اس کا اثر نہ ہوگا۔ اٰتَیۡنٰھُمۡ مِّنۡ اٰیَۃٍۭ بَیِّنَۃٍ وَمَنۡ یُّبَدِّلۡ نِعۡمَۃَ اللّٰہِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَتۡہُ فَاِنَّ اللّٰہَ شَدِیۡدُ الۡعِقَابِ خاصیت جس سے حاکم سخت خفا و ناراض ہو ان آیتوں کو تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کرکے اس کے سامنے جائے انشاء اللہ تعالیٰ مہربان ہوجائے گا۔ اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ (پارہ تلک الرسل سورۂ بقرہ رکوع ۲) آخر تک خاصیت آیۃ الکرسی کو جو شخص ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لے انشاء اللہ تعالےٰ اس کے پاس شیطان نہ آئے گا کیونکہ اس نے اقرار کیا ہے کہ جو شخص آیۃ الکرسی پڑھتا ہے میں اس کے پاس نہیں جاتا۔ اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَیۡہِ مِنۡ رَّبِّہٖ تا عَلَی الۡقَوۡمِ الۡکٰفِرِیۡنَ (پارہ تلک الرسل رکوع ۲۸) خاصیت جو شخص یہ آیتیں شب کو پڑھ کر سو رہے تو انشاء اللہ تعالیٰ چور اور ہر شئی سے محفوظ رہے گا۔ الٓمّٓ اللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ خاصیت حدیث شریف میں آیا ہے کہ اس آیت میں اسم اعظم ہے۔ رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ ھَدَیۡتَنَا وَھَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡکَ رَحۡمَۃً اِنَّکَ اَنۡتَ الۡوَھَّابُ خاصیت جو کوئی ہر نماز کے بعد اس کو پڑھ لیا کرے وہ دنیا سے انشاء اللہ تعالیٰ باایمان اٹھے گا۔ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الۡمُلۡکِ تُؤۡتِی الۡمُلۡکَ مَنۡ تَشَآءُ

فائدہ۔ اگر درد زہ سے تکلیف ہو تو عورت موطا امام مالک پر ہاتھ رکھے فوراً ولادت ہوجائے گی۔

فائدہ دعار رویت ہلال۔ اَللّٰھُمَّ اَھِلَّہٗ عَلَیۡنَا بِالۡاَمۡنِ وَالۡاِیۡمَانِ وَالسَّلَامَۃِ وَالۡاِسۡلَامِ رَبِّیۡ وَرَبُّکَ اللّٰہُ۔

وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ **خاصیت** ادائے قرض کے لئے سات بار صبح وشام پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا۔ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً إِنَّكَ سَمِيعُ الدُّعَاءِ **خاصیت** جس کو اولاد سے مایوسی ہو گئی ہو اس آیت کو پڑھا کرے خداوند کریم اس کی برکت سے فرزند صالح عطاء فرمائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ يُرْجَعُونَ **خاصیت** اگر سواری کا کوئی جانور گھوڑا اونٹ سواری کے وقت شوخی و شرارت کرے اور چڑھنے نہ دے تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھ کر اس کے کان میں پھونک دے انشاء اللہ تعالیٰ سیدھا ہو جائے گا۔

ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً تا وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ **خاصیت** کشائش رزق کے لئے ان آیتوں کو ابتداء مہینہ کے جمعہ سے چالیس جمعہ تک بعد مغرب کے گیارہ مرتبہ پڑھے اور اس دوسری آیت یعنی وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَا تَشْكُرُونَ۔ کو ہر جمعہ کے بعد کاغذ پر لکھ کر کوئیں میں ڈالتا جائے امید قوی ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے غنی و تونگر ہو جائے گا۔ حَسْبُنَا اللَّهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ **خاصیت** جو شخص کسی مصیبت و بلا میں مبتلا ہو اس آیت کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مصیبت جاتی رہے گی۔ إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ تا لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ **خاصیت** رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نماز تہجد کے بعد اس رکوع کو پڑھا کرتے تھے اس سے بڑھ کر اور کیا فضیلت ہو گی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس کو پڑھا کرتے تھے اس کو اس وقت پڑھ کر جو دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہو گی۔ فَكُلُوهُ هَنِيئًا مَرِيئًا **خاصیت** اس آیت سے حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک عجیب دوا استنباط فرمائی ہے وہ یہ ہے کہ کوئی شخص اپنی زوجہ کو دین مہر میں سے کچھ زر نقد دے اور وہ عورت اس زر نقد کو لیکر پھر اپنے شوہر کو بخشدے اس زر نقد سے شہد خرید کیا جائے اور اس میں بارش کا پانی ملا کر جس مریض کو پلایا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور شفا پاویگا مجرب و آزمودہ ہے۔

فائدہ اگر کسی شخص کو بلا میں مبتلا پاوے تو یہ دعا پڑھے الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ وَفَضَّلَنِي عَلَىٰ كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا۔ عہ پارہ لن تنالوا رکوع ۷۔ عہ پارہ لن تنالوا رکوع آخر آل عمران ۱۲

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا وَّاجْعَلْ
لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا - خاصیت اگر کسی ظالم وبدکار کے شہر یا موضع میں گرفتار ہو اور وہاں
سے نجات مشکل ہو تو اس آیت کو کثرت سے پڑھا کرے اور اللہ سے اپنی رہائی کے لئے دعا مانگے
انشاء اللہ تعالیٰ ضرور رہا ہو جائے گا - وَيُحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ
عَلَى الْكٰفِرِيْنَ خاصیت اس آیت کو شیرینی پر دم کرکے جس کو کھلاوے انشاء اللہ تعالیٰ
اس سے محبت ہو جائے گی - وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ
خاصیت اگر دو آدمیوں میں تفریق وعداوت ڈالنا چاہے تو اس آیت کو بھوج پتھر پر
لکھ کر اس کے نیچے یہ نقش لکھے اور اس نقش کے نیچے یہ عبارت لکھے کہ
درمیان فلاں فلاں تفریق واقع ہووے فلاں کی جگہ دونوں کا نام لکھے اور تعویذ بنا کر درمیان
پرانی دو قبروں کے دفن کر دیوے مگر ناحق کے لئے نہ کرے ورنہ گنہگار ہوگا - پوری سورۃ انعام
خاصیت جس مہم اور غرض کے لئے چاہے اس سورۃ کو پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہوگی
وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ رُسُلُ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ
يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ - خاصیت ان دونوں آیتوں میں لفظ اللہ کا دو جگہ متصل واقع ہے جو
شخص ان دونوں لفظ اللہ کے درمیان میں کوئی دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور پوری ہووے
رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ خاصیت جو شخص
اس آیت کو ہر فرض نماز کے بعد ایک بار پڑھ کر مغفرت کی دعا مانگے انشاء اللہ اس کے گناہ معاف
ہوں کیونکہ یہ دعا آدم علیہ السلام کی ہے + اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ
تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ خاصیت جس شخص کو گرمی سے بخار آتا ہو اس آیت کو پڑھ کر
اس پر دم کردے یا تشتری پر لکھ کر پلادے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی + لِيَرْبِطَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ
وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ - خاصیت یہ آیت ہول دل کے لئے نہایت مجرب ہے اس کو لکھ کر
تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکاوے کہ وہ تعویذ عین قلب پر رہے بلکہ اس کو کپڑے یا ڈورے
سے باندھ دے تاکہ قلب سے نہ ہٹنے پاوے + هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ -
وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ

اَلَّفَ بَيْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ خاصیت محبت کے لئے شیرینی پر دم کر کے کھلاوے دلی محبت انشاء اللہ تعالیٰ ہو جاوے + اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْاٰنِ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ خاصیت ان آیتوں کو لکھ کر مال تجارت میں رکھے تو موجب بہتری اور ترقی کا ہو گا + لَقَدْ جَآءَكُمْ سے هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ تک خاصیت جو کوئی ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ روز حشر میں جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم اس کی شفاعت فرماویں گے اور جس مصیبت اور مہم کیلئے چاہے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت آسان ہو جائے گی۔ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ خاصیت جس شخص کو بدخوابی ہوتی ہو اور پریشان خواب دیکھتا ہو وہ اس کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا سوتے وقت پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ خواب بد سے محفوظ رہے گا + فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ خاصیت سحر کے لئے بہت مجرب ہے جس پر کسی نے سحر کیا ہو ان آیتوں کو لکھ کر گلے میں ڈالے یا طشتری پر لکھ کر پلاوے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی + بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ خاصیت جب کشتی یا کسی دوسری سواری پر سوار ہونے لگے تو اس آیت کو پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ راہ کی آفتوں سے محفوظ رہے گا اور جس شخص کو سردی سے بخار آتا ہو اس کو بیری کی لکڑی پر لکھ کر اس کے گلے میں ڈالدے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو گی + اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ خاصیت اگر کوئی لونڈی یا غلام سرکش ہو تو بال پیشانی کے پکڑ کر تین مرتبہ اس کو پڑھے اور اس پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ تابعدار اور مسخر ہو جاوے گا۔ فَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ مَعَكَ خاصیت استقامت قلب کے لئے گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے + يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ

اِمْرَاَۃُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰهَا عَنْ نَّفْسِهٖ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا اِنَّا لَنَرٰهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ خاصیت
یہ آیت حب میں سے ہیں جس کی ترکیب اوپر دو جگہ گذر چکی + فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ
خاصیت جس کو دشمن سے خوف ہو یا اور کسی طرح کی بلاؤ مصیبت کا خوف ہو وہ اس کو کثرت
سے پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشواری دور ہو جاوے گی + اَللّٰهُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَ
مَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ۔ خاصیت اگر حمل گر جانے کا خوف ہو
یا حمل نہ ٹھیرتا ہو تو اس آیت اور اوپر والی آیت ان دونوں کو لکھ کر عورت کے رحم پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ
حمل محفوظ رہے گا اور اگر نہ ٹھیرتا ہوگا تو قرار پائے گا + وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ
خاصیت رعد اور برق کے وقت اس کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا + اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا
وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ۔ خاصیت ہول دل
کے واسطے ہے ترکیب اوپر گذر چکی + رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ
وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۔ خاصیت سفر کرنے کے وقت یا سفر سے آنے
کے وقت اس کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ عزت وقدر سے بسر ہوگی + وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ
وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا۔ خاصیت ہر مرض اور ہر درد کے واسطے مقام مرض پر ہاتھ
رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت ہوگی + وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ
ذِرَاعَیْهِ خاصیت اگر راستہ میں کوئی شیر یا کتا حملہ کرے اور شور مچاوے تو فوراً اس آیت کریمہ
کو پڑھ لے چپ ہو جاوے گا + پوری سورۂ کہف خاصیت جو کوئی ہر جمعہ کو ایک بار پڑھ لے
انشاء اللہ تعالیٰ دوسرے جمعہ تک اُس کا دل نور سے منور ہوگا۔ اور جو کوئی شروع کی دس آیتیں
روزمرہ پڑھ لے وہ دجال کے شر سے محفوظ رہے گا + اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ
لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا خاصیت آیات حب میں سے ہے اس کی ترکیب اوپر گذر چکی + رَبِّ اشْرَحْ
لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ خاصیت ترقی علم
اور کشادگی ذہن کے لئے ہر روز نماز صبح کے بعد اکیس ۲۱ بار پڑھا کرے مجرب ہے + مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ
وَفِیْهَا نُعِیْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى خاصیت مشائخ سے منقول ہے کہ اگر میت
پر دفن کے وقت تین بار اس آیت کو پڑھ کر مٹی دیوے تو اس کا ہمزاد شیطان بھی اس کے ساتھ

دفن ہوجائے گا + رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا خاصیت ترقی علم کے لئے ہر نماز کے بعد جس قدر ہوسکے پڑھا کرے
قُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰی اِبْرٰھِیْمَ خاصیت جسکو گرمی سے بخار آتا ہو اس آیت کو لکھ کر تعویذ
بنا کر اس کے گلے میں ڈالدے انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا + اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ
خاصیت بلا و مصیبت کے وقت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ نجات ہوگی + لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ
اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ خاصیت اس میں اسم اعظم مخفی ہے جس مصیبت و بلا میں پڑھے انشاء اللہ
تعالیٰ فائدہ عظیم اٹھائے گا + رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ خاصیت جس کو اولاد
سے مایوسی ہو نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہوجائے گا یہ دعا زکریا علیہ السلام
کی ہے + یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ اِنَّ زَلْزَلَۃَ السَّاعَۃِ شَیْءٌ عَظِیْمٌ خاصیت حفظ حمل کے لئے
مفید ہے اس کی ترکیب اوپر گذر چکی ہے + رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ ھَمَزٰتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ
رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ خاصیت جس کے دل میں وسوسے شیطانی بہت پیدا ہوتے ہوں وہ اسکو
بکثرت پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ان وسوسوں سے محفوظ رہیگا + رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ
خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ خاصیت جب کسی شہر میں داخل ہو تو اس آیت کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہاں بخیر
و خوبی بسر ہوگی + اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا وَّاَنَّکُمْ اِلَیْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ۔ فَتَعٰلَی اللّٰہُ الْمَلِکُ
الْحَقُّ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْکَرِیْمِ وَمَنْ یَّدْعُ مَعَ اللّٰہِ اِلٰھًا اٰخَرَ لَا بُرْھَانَ لَہٗ بِہٖ فَاِنَّمَا حِسَابُہٗ
عِنْدَ رَبِّہٖ خاصیت جس شخص پر آسیب ہو ان آیتوں کو تین بار پڑھ کر منھ پر چھینٹا دیوے یا کان
میں دم کر دیوے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً دور ہوجاوے گا + وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ خاصیت
اگر کسی کو زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات بار پڑھ کر
دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوجائے گی + رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّۃَ اَعْیُنٍ وَّ
اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا خاصیت جو اس کو ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اس کی اولاد
اور بیوی دیندار ہوجائیں گے + یٰٓاَیُّھَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰکِنَکُمْ لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُہٗ
وَھُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ خاصیت اگر چیونٹیوں کی کثرت ہو تو اس آیت کو لکھ کر ان کے سوراخ کے
پاس رکھدے انشاء اللہ تعالیٰ سب چیونٹیاں اپنے سوراخ میں داخل ہوجائیں گے + فَرَدَدْنٰہُ
اِلٰٓی اُمِّہٖ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُھَا وَلَا تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰہِ حَقٌّ وَّلٰکِنَّ اَکْثَرَھُمْ لَا یَعْلَمُوْنَ

خاصیت اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو اس آیت کو لکھ کر چرخہ میں باندھ کر ساٹھ مرتبہ ہر روز چالیس دن تک الٹا گھماویں انشاءاللہ تعالیٰ ببرکت اس عمل کے وہ شخص جلد واپس آئے گا + إِنَّ الَّذِي فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْآنَ لَرَادُّكَ إِلَىٰ مَعَادٍ **خاصیت** دو رکعت نفل پڑھ کر اس آیہ کریمہ کو ایک سو انیس ۱۱۹ مرتبہ چالیس روز تک پڑھے ببرکت اس کے جو شخص بھاگ گیا ہو واپس آوے —

يَا بُنَيَّ إِنَّهَا إِن تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُن فِي صَخْرَةٍ أَوْ فِي السَّمَاوَاتِ أَوْ فِي الْأَرْضِ يَأْتِ بِهَا اللَّهُ إِنَّ اللَّهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ **خاصیت** ببرکت اس کے جو شخص بھاگ گیا ہو واپس آجاویگا ترکیب اوپر کے عمل میں لاویں + إِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهُ شائخ اس سے استنباط کرتے ہیں کہ جو شخص نماز کے بعد کلمہ توحید تین بار پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس کی نماز مقبول ہو جائے گی + إِنَّ اللَّهَ يُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ أَن تَزُولَا إِنَّهُ كَانَ حَلِيمًا غَفُورًا تک **خاصیت** اس کو کاغذ پر لکھ کر تعویذ بنا کر طحال پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ طحال جاتا رہے گا + ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ **خاصیت** جس کسی ناف ٹل گئی ہو اس آیہ کریمہ کو لکھ کر ناف پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہو جائے گی۔ پوری سورہ یٰسٓ **خاصیت** اس سورہ کی حدیث میں بہت کچھ فضیلت آئی ہے کہ جو شخص اس سورہ کو ایک مرتبہ پڑھ لے گا تو گویا اس نے چار قرآن شریف ختم کئے اس سے کوئی یہ نہ سمجھے کہ خود اس قرآن کے ختم کرنے کی ضرورت نہیں نہیں ضرورت ہے کیونکہ قرآن جس میں یہ سورۃ اور دوسری بھی فضیلت بہت ہیں پھر ایک سورہ کے ختم کا یہ ثواب ہوگا تو پورے قرآن کے ختم کا کیا کچھ فائدہ نہ ہوگا علاوہ ازیں قرآن پاک کی تلاوت سے تقرب الی اللہ جو ایک بے بہا شے ہے حاصل ہوتا ہے اور اس سورہ کو جو شخص ہر صبح ایک بار پڑھ لے تو تمام دن اس کا خیر و فلاح سے گذرے + إِنِّي أَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ عَن ذِكْرِ رَبِّي حَتَّىٰ تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ رُدُّوهَا عَلَيَّ فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوقِ وَالْأَعْنَاقِ **خاصیت** آیات سب میں سے ہے ترکیب اس کی اوپر گذر چکی + وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ **خاصیت** اگر کسی شریر ظالم کو شہر سے نکالنا ہو تو ہر روز سات سرخ گھونگچی پر ایک بار سات دن تک پڑھے اور ہر روز پڑھ کر اس گھونگچی کو کوئیں میں ڈال آئے انشاءاللہ تعالیٰ وہ شخص اس شہر سے جلد جاوے گا۔ اس عمل میں ترک حیوانات لازم ہے مگر اس کو ناجائز جگہ پر عمل نہ کرے ورنہ نقصان اٹھائے گا + وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ يَخْرُجُ

مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ + وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ - وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ. قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ خاصیت
ان آیات شفا کو جس مرض میں چاہے طشتری پر لکھ کر مریض کو پلاوے یا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالدے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی اگرچہ کیسا ہی سخت مرض ہو + کٓهٰيٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ خاصیت اگر حاکم خفا ہو تو اول تین مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ پڑھے بعدہ کٓهٰيٰعٓصٓ کے ہر ہر حرف کو پڑھتا جاوے اور داہنے ہاتھ کی انگلی کو ہر ہر حرف پر بند کرتا جاوے اسی طرح حٰمٓ عٓسٓقٓ کے ہر ہر حرف کو پڑھتا جاوے اور بائیں ہاتھ کی انگلی کو بند کرتا جاوے اس کے بعد کٓهٰيٰعٓصٓ کے ہر حرف کو پڑھتا جاوے اور داہنے ہاتھ کی انگلی کھولتا جاوے اور اسی طرح حٰمٓ عٓسٓقٓ کے ہر حرف کو پڑھتا جاوے اور بائیں ہاتھ کی انگلی کھولتا جاوے اس ترکیب کے بعد تطرہ بچا کر حاکم کی طرف دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ مہربان ہوجائے گا + اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ خاصیت زیادتی رزق کے لئے بعد نماز کے کثرت سے پڑھا کرے + سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ خاصیت گھوڑے یا دوسری سواری کے سوار ہونے کے وقت اس آیت کو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ آفتوں سے محفوظ رہے گا + حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ حٰمٓ تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ حٰمٓ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ حٰمٓ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا كُنَّا مُنْذِرِيْنَ - حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ خاصیت جو شخص ان ساتوں حٰمٓ کو پڑھا کریگا اس پر دوزخ کے ساتوں دروازے بند ہوجائیں گے + وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خاصیت جس کی اولاد نافرمان ہو وہ اس آیت کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ صالح ہوجائے گی پڑھنے کے وقت ذُرِّيَّتِيْ کے لفظ پر اپنی اولاد کا خیال رکھے + فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ خاصیت اس آیت کو ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر انگلی پر دم کرکے آنکھوں پر لگا انشاء اللہ تعالیٰ بصارت میں کمی نہ ہوگی بلکہ جس قدر نقصان ہوگیا ہوگا وہ بھی جاتا رہے گا + وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ خاصیت جس کو اولاد سے مایوسی ہو وہ دو انڈے روز جوش کرکے اور پوست دور کرکے ایک پر وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ اور دوسرے پر وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ لکھے پہلا بیضہ مرد اور دوسرا بیضہ عورت کھاوے

اسی طرح چالیس روز تک یہ ترکیب کرے اور اس درمیان میں قربت بھی کرتا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ استقرار حمل ہوگا پوری سُورۃ واقعہ خاصیت حدیث میں ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو رات کے وقت ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا + لَا يُصَدَّعُونَ عَنْهَا وَلَا يُنْزِفُونَ خاصیت جس کو درد سر ہو اس پر تین دفعہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہیگا + اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ خاصیت جو کوئی اس آیہ کریمہ کو بعد نماز کے گیارہ بار انگلی پر دم کرکے پیشانی پر مل دیوے تو انشاء اللہ تعالیٰ قیامت میں اس کا منہ چمکے گا + هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ خاصیت اسم اعظم اس میں مخفی ہے جو کوئی صبح کے وقت سات مرتبہ پڑھے تو شام تک اس کے واسطے فرشتے دعائے مغفرت کریں گے اور اگر اس دن میں مرے تو شہید کا درجہ پائے گا اور اگر شام کو پڑھے تو صبح تک اس کے واسطے فرشتے دعائے مغفرت کریں اور جو اس شب کو مرے تو درجہ شہادت کا پاوے + وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۔ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىْءٍ قَدْرًا خاصیت فراخی رزق کے لئے اور جس مہم میں چاہے اس کو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ تنگدستی دور ہو جاوے گی اور مہم آسان ہوگی پوری سورہ ملک خاصیت جو شخص اس سورۃ کو ہمیشہ پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ وہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا ن اور جتنے مقطعات حروف قرآن شریف میں ہیں خاصیت ان سب کو انگشتری پر کندہ کرا کر جو شخص اپنے پاس رکھیگا تو انشاء اللہ تعالیٰ ان کی سب حاجتیں پوری ہوں گی اور خیر اور خوبی سے بسر ہوگی + وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔ خاصیت حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ نظر بد کے لئے مفید ہے + فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا خاصیت چند شخص حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آئے کسی نے بارش نہ برسنے کی شکایت کی اور کسی نے اولاد نہ ہونے کی شکایت کی اور کسی نے دوسری حاجتوں کے لئے کہا آپ نے سب کے جواب میں فرمایا کہ استغفار کرو ایک شخص نے پوچھا کہ یا حضرت اس کی کیا وجہ ہے کہ آپ نے سب کو استغفار ہی کے لئے فرمایا آپ نے جواب میں انہیں آیتوں کو پڑھا اور فرمایا کہ دیکھو اللہ تعالےٰ نے اپنے کلام پاک میں اسی کو ارشاد فرمایا ہے ۔ اور اگر پوری سورۂ نوح سوتے وقت پڑھ لی جاوے تو احتلام سے محفوظ رہے گا + پوری سورہ جن خاصیت جس پر آسیب آتا ہو اس پر

ایک مرتبہ پڑھ کر دم کردے یا لکھ کر بازو پر باندھ دے تو انشاءاللہ تعالیٰ جاتا رہے گا + پوری سورۂ مزمل خاصیت کشائش رزق کے لئے بہت ہی مفید ہے اس کی ترکیب یہ ہے کہ ایک چلّہ تک ہر روز وقت معین پر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر گیارہ سو گیارہ مرتبہ یَا مُغْنِیُ پڑھے بعدہ گیارہ مرتبہ سورہ مزمل کو پڑھے اور آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ لے جو اس عمل کو کریگا اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی طرح طرح امداد فرمائے گا + پوری سورہ عَبَسَ وَتَوَلّٰی خاصیت جو شخص کسی عمل کے وقت اس سورۃ کو پڑھ لے تو انشاءاللہ تعالیٰ وہ اس عمل کی رجعت سے محفوظ رہے گا + اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ خاصیت ان آیتوں کو لکھ کر ولادت کی آسانی کے لئے بائیں ران میں باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ بہت آسانی سے ولادت ہوگی مگر بعد ولادت تعویذ کو فوراً کھول دینا چاہئے۔ اور اسی عورت کے سر کے بال کی دھونی مقام خاص پر دینا مفید ولادت ہے + پوری سورہ اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ خاصیت جو شخص وضو کے بعد آسمان کی طرف نظر کرکے ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ اُس کی بصارت میں کبھی کمی نہ ہوگی + پوری سورہ اِذَا زُلْزِلَتْ خاصیت حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص اس سورۃ کو ایک بار پڑھ لیگا تو اس کو آدھے قرآن پڑھنے کا ثواب ملے گا + پوری سورہ اَلْهٰکُمُ التَّکَاثُرُ مقابر میں جاکر اس سورۃ کو پڑھنا مسنون ہے پوری قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ۔ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کی سنت اور مغرب کی نماز کی سنت کی اول رکعت میں قُلْ یٰاَیُّهَا الْکٰفِرُوْنَ اور دوسری میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ہمیشہ پڑھا کرتے تھے پوری سورہ اخلاص خاصیت حدیث شریف میں ہے کہ جس شخص نے اس سورہ کو ایک دفعہ پڑھا اس کو تہائی قرآن کا ثواب ملے گا + پوری سورہ فاتحہ خاصیت پنبہ گرفتہ اول صلوٰۃ یازدہ بار خواند سبع مثانی ہفت بار خواندہ دم کند و در اذن راست بنہد بعدہ بر پنبہ دیگر پنج بار خواندہ دم نمودہ در اذن چپ نہد پس یازدہ بار صلوٰۃ بخواند۔ زود دمیں ہماں وقت کہ پنبہ نہادہ است یمین را یسار و یسار را یمین کند یعنی بخار دفع شود وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ تمت

تعویذات مفید عام

اڈیٹر کتاب ہذا کی خدمت مبارک میں التماس ہے کہ بعض تعویذات و دعا جناب حافظ محمد عبداللہ صاحب

امام جامع مسجد کانپور کو جامع کمالات صوری ومعنوی حضرت مولانا حاجی حافظ سید شاہ محمد عبد الحق صاحب نور اللہ مرقدہ خلف اکبر قطب زمان حضرت شاہ غلام رسول صاحب رسول نما رضی اللہ عنہما سے و نیز بعض بزرگان دین سے ملے تھے جناب حافظ صاحب نے اس کے چھاپنے کی اجازت عام کردی ہے تاکہ جمیع حضرات اس سے فائدہ اٹھائیں لیکن یہ عرض ہے کہ کوئی صاحب اس کے ذریعہ سے دنیا کا کمانا اختیار نہ کریں اور خلاف شرع شریف کوئی کام عمل میں نہ لاویں طالبان معاش ومعاد بہت مجرب پاویں گے انشاء اللہ تعالےٰ

از حضرت مولانا علیہ الرحمۃ تعویذ چیچک اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالدے اور سات گنڈے کوڑی تعویذ لینے والا خیرات کردے تعویذ یہ ہے

یا حافظ	یا حفیظ
اللہ شافی	اللہ کافی

دیگر از مولانا علیہ الرحمۃ تعویذ برائے حفاظت ہیضہ اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھ دے اور تعویذ باندھنے والے کی طرف سے پانچ دمڑی کوڑی خیرات کردے۔ تعویذ یہ ہے

الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر اولیاء ولد حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہما از سر بلائے وبا نگہدار۔ اللہ شافی اللہ کافی

دیگر از حضرت مولانا علیہ الرحمۃ تعویذ برائے حفاظت اطفال اس سے بچے ہر بلا سے محفوظ رہیں گے اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈالدے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے حفاظت میں رکھیگا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات کلہا من شر ما خلق بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض والسماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیٔ فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم

دیگر از حضرت مولانا علیہ الرحمۃ دعا واسطے بچنے ہر بلا ومصیبت وہر بیماری سے جو کوئی کسی بیماری میں مبتلا یا کسی بلا میں گرے ہوئے کو دیکھے اور اس دعا کو پڑھ کے کیسی ہی مکروہ وخراب بیماری ومرض ہو جیسے کوڑھ۔ مرگی دمہ۔ جنون۔ جذام وغیرہ یا کسی کو گناہ میں مبتلا دیکھے اسکا پڑھنے والا اس مرض اور گناہ سے محفوظ رہے گا حق تعالیٰ اس دعا کی برکت سے بچاوے گا دعا یہ ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ۔ دیگر از قاضی شاہ محمد ولی اللہ صاحب مرحوم تعویذ بخار وتپ لرزہ برائے مسلمانان تین پیپل کے پتے پر لکھ کر تین روز ایک ایک پتہ چباوے انشاء اللہ تعالےٰ مریض شفا پاوے گا وہ یہ ہے

کھیعص حمعسق

ایضاً برائے غیر اہل اسلام یہ ہے

الاسلام حق والکفر باطل الاسلام نور والکفر ظلمۃ

پتہ پر دونوں تعویذ لکھے جاویں گے۔

اس نام کا ایک کہیں طفل کی صفت ہے سب نام ... اس طرح ... زیادہ ... ۱۰۰

تعویذ مجرب - از یک درویش باشرع برائے درد زہ اس نقش کو لکھ کر عورت کے داہنے ہاتھ پر رکھدے اور عورت اس کو غور سے دیکھے جلد لڑکا پیدا ہوگا انشاءاللہ تعالے نقش یہ ہے ج ح خ ط ظ ع غ ف ی ک ل م ا ا ش ش م ۵ ۵ ۵ ا س و ل ی ل و

دعا واسطے دفع ہونے پھوڑے اور دنبل کے از قاضی شاہ محمد ولی اللہ صاحب مرحوم - اس کو سات مرتبہ پڑھ کر پنڈول مٹی پر دم کرے اور تھوڑا لعاب دہن اس مٹی پر ڈالدے پھر سوکھی مٹی پیس کر دنبل پر لگادے اسی طرح کئی روز لگاوے انشاءاللہ تعالیٰ جلد شفا ہوگی وہ دعا یہ ہے بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا + از معمولات مظہریہ تعویذ برائے آماس گلو بروز دوشنبہ یا روز جمعہ کو لکھ کر اس تعویذ کو گلے میں باندھے انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد شفا ہوگی وہ یہ ہے - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لِي اللّٰهُ لِي اللّٰهُ هُوَ يُوْكَعُ فِي اللَّوْحِ ایضاً تعویذ برائے دفع بواسیر دوشنبہ یا روز جمعہ کو لکھکر موم جامہ کر کے کمر میں باندھے شفا پائیگا انشاءاللہ تعالیٰ وہ یہ ہے - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا رَحِيْمُ كُلِّ صَرِيْخٍ وَمَكْرُوْبٍ يَا رَحِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۵ ایضاً از معمولات مظہریہ جس کو پاگل کتا کاٹے اور اس کے دیوانہ ہوجانے کا خوف ہو تو اس آیت کو روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ہر روز ایک ٹکڑا کھلاوے انشاءاللہ تعالیٰ کچھ خطرہ نہ ہوگا وہ آیت شریف یہ ہے - اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا + ایک دعا مجرب حضرت امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے جس شخص کو کچھ حاجت ہو پس چاہیئے کہ لکھے ایک رقعہ اس میں یہ عبارت ہو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلَى الرَّبِّ الْجَلِيْلِ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ - پھر ڈالدے اس رقعہ کو پانی جاری میں اور کہے اَللّٰهُمَّ بِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَصَحْبِهِ الْمَرْضِيِّيْنَ اِقْضِ حَاجَتِيْ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ اور اپنی حاجت کا نام لیوے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت اس کی پوری ہوجاوے گی تعویذ تپ لرزہ جو تیسری روز آتا ہے نہایت مجرب ایک بزرگ مرید حضرت سید شاہ غلام رسول صاحب رسول نما رحمۃ اللہ علیہ ٹھیکرے کورے برتن کے لے کر اس پر لکھے اور تین بار اس دعا کو پڑھ کر دم کردے شاہ شفا کل بلا دفع + پھر بازو پر باندھ دے تین روز تک صبح کو داہنے بازو کی بائیں پر اور بائیں کی داہنے پر بدل دیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ بخار فرار ہوجائیگا تعویذ یہ ہے

ی ت بیت اللہ شافی	اللہ شافی ی ت بیت

حصہ دوم اعمال قرآنی

ملقب بہ

خواص فرقانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد حمد و صلوٰۃ یہ احقر الانام محمد اشرف علی عفا اللہ عنہ الولی القوی مدعا نگار ہے کہ حالت سفر میں اتفاق سے مجھ کو کتاب "الدر النظیم" تصنیف امام یافعی شافعی علیہ الرحمۃ کی ہاتھ لگی جس میں انہوں نے کتاب "البرق اللامع" تالیف قاضی ابی بکر غسانی او کتاب "خواص آیات و فواتح" تالیف امام غزالی کے مضامین کو ایک جا جمع کر دیا ہے اس کو دیکھ کر جی میں آیا کہ اگر اس کو ملتقط و منتخب کر کے اعمال قرآنی کا تتمہ بنایا جاوے تو انشاء اللہ تعالیٰ بندگان خدا کو نفع پہنچے گا اب بنام خدا شروع کرتا ہوں **بسم اللہ الرحمن الرحیم** **خواص** شیخ ابوبکر سراج نے بعض صالحین سے نقل کیا ہے کہ جو شخص بسم اللہ کو ۶۲۵ بار لکھ کر اپنے پاس رکھے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی ہیبت پیدا ہوگی اور کوئی شخص اس کو ضرر نہ پہنچا سکے گا تجربہ سے صحیح نکلا۔ دیگر بسم اللہ کو بارہ ہزار اس طرح پڑھے کہ جب ایک ہزار ہو جاوے دو رکعت پڑھ کر اپنی حاجت کے لئے دعا کرے پھر پڑھنا شروع کرے ایک ہزار بار کے بعد پھر اسی طرح دو رکعت پڑھے غرض اسی طرح بارہ ہزار مرتبہ ختم کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی **سورہ فاتحہ** **خواص** حضرت اسماء بنت ابی بکر سے منقول ہے کہ جمعہ کے روز جب امام سلام پھیرے اس وقت "الحمد شریف" اور "قل ھو اللہ" اور "قل اعوذ برب الفلق" اور "قل اعوذ برب الناس" سات سات پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے دین اور دنیا اور اہل و عیال اور اولاد کو ہر بلا سے جمعہ آئندہ تک محفوظ رکھیں دیگر حضرت امام جعفر صادق سے منقول ہے الحمد شریف چالیس بار پانی پر دم کر کے بخار والے کے منہ پر چھینٹا دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار دفع ہو جاوے گا **آیۃ الکرسی** **خواص** حدیث بخاری میں ہے کہ سوتے وقت آیۃ الکرسی

پڑھنے سے تمام شب اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس شخص کے لئے ایک نگہبان مقرر ہوجاتا ہے اور شیطان
اس کے پاس نہیں آتا **دیگر** ابوجعفر نحاسؒ نے حدیث نقل کی ہے کہ آیت الکرسی اور اعراف کے
تین آیتیں اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ سے اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰہِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ
اور سورۂ صٰفّٰت کے شروع سے ثاقب تک اور سورۂ رحمٰن کی آیتیں سَنَفْرُغُ لَکُمْ سے فَلَا تَنْتَصِرَانِ
یہ سب آیتیں اگر کوئی شخص دن میں پڑھے تو تمام دن اور اگر رات میں پڑھے تو تمام رات شیطان سرکش
اور جادوگر ضرر رسان اور حاکم ظالم اور تمام چوروں اور درندوں سے محفوظ رہے گا **حروف مقطعات**
جو سورتوں کے شروع میں آئے ہیں وہ یہ ہیں الٓمٓ۔ الٓمٓصٓ الٓرٰ الٓمٓرٰ کٓھٰیٰعٓصٓ طٰہٰ طٰسٓمٓ
طٰسٓ یٰسٓ۔ صٓ حٰمٓ حٰمٓعٓسٓقٓ قٓ نٓ جن میں یہ حروف آئے ہیں الف حا صاد سین
کاف عین طا قاف را ھا نون میم لام یا ان کا لقب اصطلاح میں حروف نورانی ہے اور
ہر ایک حرف کے ساتھ بعض اسماء الٰہیہ کو تعلق ہے مثلاً الف کیساتھ اللّٰہ احد اول آخر
ح حی ص صمد۔ س سمیع سبوح سلام ک کریم۔ ع علیم عظیم عزیز۔ ط طیب ق
قیوم ر رحمن رحیم ہ ھادی ن نور نافع م مالک یوم الدین۔ مالک الملک محیی ممیت
ل لطیف ی یُوءہ **خواص** حروف نورانی کو اپنے مال متاع یا کھیت یا گھر وغیرہ میں رکھے
ہر بلا سے محفوظ رہے گا **دیگر** مقابلہ دشمن کے وقت الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ قٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ
نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ کثرت سے پڑھے تو دشمن پر غالب ہو **دیگر** بعض عارفین دجلہ میں
سوار ہونے کے وقت حروف نورانی کو پڑھ لیتے ہیں وجہ دریافت کرنے پر فرمایا کہ جہاں کہیں ان
حروف کو لکھا یا کہیں دریا و خشکی میں پڑھا وہ مکان اور پڑھنے والا ہر بلا سے محفوظ رہا **دیگر** ایک اور
عارف سے منقول ہے کہ ان کے پاس رکھنے سے تمام آفات سے حفاظت رہتی ہے اور رزق
ملتا ہے اور حوائج پورے ہوتے ہیں اور دشمن اور چور اور سانپ اور بچھو اور درندہ اور حشرات سے محفوظ
رہتا ہے اور سفر میں ان کے پڑھنے سے صحیح و سالم گھر واپس آتا ہے **دیگر** ایک اور عارف کی
باندی کو مرگی تھی انہوں نے اس کے کان میں یہ پڑھا بسم اللہ الرحمن الرحیم المص طسم
کھیعص یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ حٰمٓعٓسٓقٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ وہ بالکل اچھی ہوگئی

عـہ اختصار کے لئے آیات کا شروع اور ختم لکھدیا گیا ہے عامل کو چاہئے کہ کسی حافظ سے دریافت کرے ۱۲

اور پھر کبھی نہیں اُٹھی دیگر بصرہ میں ایک شخص ڈاڑھ کا درد جھاڑتا تھا از بخل کی وجہ سے بتلاتا نہ تھا
جب مرنے لگا اس وقت قلم دوات منگا کر لکھ کر وہ عمل بتلایا وہ جھاڑ یہ ہے المص طسم کھیعص
حمعسق اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اُسْكُنْ بكهيعص ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ
عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا اُسْكُنْ بِالَّذِيْ اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ اُسْكُنْ
بِالَّذِيْ سَكَنَ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ دیگر شیخ شرف الدین
بونی کا قول ہے کہ جو شخص ہرن کی جھلی پر چودھویں شب کسی ماہ کو بعد نماز عشاء کے گلاب و زعفران
سے یہ آیت لکھ کر ایک نلکی میں رکھ کر اس کا منہ نئے چھتہ کے موم سے بند کر کے اس کو چمڑے میں سلوا کر
اپنے داہنے بازو پر رکھے اس کے قلب میں شجاعت پیدا ہو دشمن کے دل میں اس کی ہیبت ہو خلق
کی نظر میں مقبول ہو اگر محتاج ہو تو غنی ہو جاوے اور اگر خوف زدہ ہو تو مامون ہو جاوے اگر جادو یا
زندان یا جنون میں مبتلا ہو تو اس سے خلاصی حاصل ہو اگر قرضدار ہو تو اللہ تعالیٰ اس کا دین ادا کرے
اگر کسی فکر میں مبتلا ہو تو وہ فکر دفع ہو جاوے اگر مسافر ہو تو صحیح سالم اپنے گھر آجاوے جو کسی عورت
کا نکاح نہ ہوتا ہو تو اس کے پاس رکھنے سے لوگوں کو اس کے نکاح کی طرف رغبت پیدا ہو۔ اگر کسی دکان
میں رکھا جاوے تو خوب نفع ہو اگر بچوں کو باندھا جاوے تو تمام آفات سے محفوظ و مامون رہیں جس کے
پاس رہے وہ شخص جو حاجت اللہ تعالیٰ سے مانگے پوری ہو وہ آیات یہ ہیں الم ذلك الكتاب
لاریب فیہ سے هم المفلحون تک الم الله لا اله الا هو الحی القیوم سے انزل الفرقان تک
المص کتاب انزل الیک سے للمؤمنین تک المر تلك ایٰت الکتاب سے لا یؤمنون
تک کھیعص سے زکریا تک طٰہٰ سے لتشقیٰ تک طسم تلك ایات الكتاب المبين طس
تلك ایات القرآن وکتاب مبین۔ یس والقرآن الحکیم۔ ص سے شقاق تک حم
تنزیل الکتاب من الله العزیز الحکیم سے المصیر تک حمعسق سے الحکیم تک
ق والقرآن المجید ن والقلم وما یسطرون دیگر[۳۰] رجب کے نوچندی جمعرات کو چاندی
کے نگینے پر یہ حروف کندہ کرا کر پہنے تو ہر خوف سے امن میں رہے اگر حاکم کے پاس جاوے تو اسکی قدر
ہو اور سب کام پورے ہوں اگر غضبناک آدمی کے سر پر ہاتھ پھیر دے تو[۳۱] اس کا غصہ جاتا رہے اگر
پیاس کی شدت میں اس کو چوس لے تو سکون ہو جاوے اور اگر بارش کے پانی میں اس کو رات کو وقت

ڈال کر صبح کو نہار منہ پیوے تو حافظہ قوی ہو جاوے اور جو بیکار آدمی اس کو پہنے بر سر کار ہو جاوے اور
اگر مرگی والے کو پہنا دیا جاوے تو مرگی جاتی رہے وہ حروف یہ ہیں الم المص المر الر کھیعص طہ
طس یس ص حمعسق ن والقلم وما یسطرون دیگر ان حرفوں کو بحذف مکرر تو چندی ہفتہ
میں لکھ کر دھو کر پیئے تو سال بھر تک آشوب چشم سے محفوظ رہے وہ یہ ہیں الم المص المر الر کھیعص
طہ طسم طس یس ص ق ن دیگر الم سے مفلحون تک جمعرات کے روز شروع دن
میں پاک برتن پر مشک و زعفران سے لکھے اور آب چاہ شیریں سے دھو کر پیئے اور اس روز کھانا
نہ کھاوے پھر رات کو پیئے اور دن میں روزہ رکھے تین دن یا پانچ دن ایسا ہی کرے تو حافظہ میں
زیادتی ہو اور نفس میں قوت ہو اور قلب میں علم کو قرار ہو اور معرفت میں ترقی ہو دیگر یہ تین آیتیں
حفاظت درندہ اور چور و دفع آسیب اور عافیت جان و مال کے لئے اور شفاء جذام و جمیع امراض
کے لئے اکسیر اعظم ہیں آیات الحرس ان کا لقب ہے وہ یہ ہیں شروع بقرہ سے مفلحون تک
آیۃ الکرسی خالدون تک للہ ما فی السموٰت وما فی الارض سے آخر سورہ بقرہ تک تین
آیتیں سورہ اعراف کی یعنی ان ربکم اللہ سے من المحسنین تک آخری آیتیں بنی اسرائیل
کی یعنی قل ادعوا اللہ سے ختم سورہ تک شروع صافات سے لازب تک دو آیتیں سورہ رحمن
کی یعنی یا معشر الجن سے فلا تنتصران تک آخر آیتیں سورہ حشر کی یعنی لو انزلنا سے ختم سورہ
تک شروع سورہ جن سے شططا تک فقط آیۃ اولئک الذین اشتروا الضلالۃ سے اذا
اظلم علیھم قاموا تک خاصیت جس دشمن کو شرعاً ایذا پہنچانا جائز ہو اس کے بدن کا ایک
کپڑا لیکر اس کا اور اس کی ماں کا نام سات مرتبہ لکھا جاوے اور اس کے گرد ایک دائرہ کھینچ دیا جاوے
اور اس میں یہ آیتیں لکھ دی جاوی اور اس پر ایک دائرہ کھینچ دیا جاوے اسی طرح تین دائرے بنائے جاویں
پھر اس کپڑے کو لپیٹ کر مٹی کے کسی کورے برتن میں رکھ کر ہفتہ کے روز اس کے گھر میں ایسی جگہ دفن
کرایا جاوے کہ اس جگہ کسی کا پاؤں نہ آوے آیۃ یا ایھا الناس اعبدوا سے انتم تعلمون تک
خاصیت باغ اور درخت اور کھیت کو جمیع آفات و بلیات سے بچانے کے لئے غسل کر کے جمعرات
کے دن روزہ رکھے اور جمعہ کے دن اس موضع کے چاروں گوشوں میں دو دو رکعت نفل پڑھے اول
رکعت میں الحمد للہ اور والتین اور دوسری میں الحمد اور الم تر کیف اور لایلاف پڑھے

فائدہ حفاظت از آشوب چشم ۲

فائدہ زیادتی حافظہ و قوت نفس و حصول علم و معرفت ۲

فائدہ حفاظت از درندہ و دفع آسیب و شفاء امراض ۲

فائدہ دفع دشمن ۲

فائدہ دفع آفات از زراعت باغ ۲

اسی طرح دو دو رکعت اس کھیت یا باغ یا گاؤں کے بیچ میں پڑھے ایک قلم چوب زیتون کا تراش کر
زعفران سے یہ آیت مذکور اسی موضع کے کسی درخت کے سبز پتے پر لکھے اور عود کی دھونی دیکر اس موضع کے
سرے پر جدھر سے پانی آتا ہو گاڑ دے اور دوسرا پتہ لکھ کر اس موضع کے ختم پر دفن کر دے اور تیسرا لکھ کر کسی اونچے
درخت پر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلا سے حفاظت رہے گی + ایۃ وبشر الذین امنوا
سے خالدون تک **خاصیت** جو درخت پھلتے نہ ہوں یا کم پھلتے ہوں اُن کے بارور کرنے کے لئے
جمعرات کا روزہ رکھے اور صرف کدو سے افطار کرے اور نماز مغرب کی پڑھ کر یہ آیتیں کاغذ پر لکھے اور
کسی سے بات نہ کرے اور اس کو لیکر اس باغ کے وسط میں کسی درخت پر لٹکا دے اگر اس پر کچھ پھل
لگا ہو تو اس سے ورنہ اُس کے آس پاس کسی درخت سے کوئی پھل لے کر کھا کر اس پر تین گھونٹ پانی
پئے اور چلا آوے انشاء اللہ تعالیٰ برکت ہوگی + واذ قال ربک للملٰئکۃ سے العلیم الحکیم تک
خاصیت کشف علوم اور تسخیر جن وانسان کے لئے مفید ہے جس مہینہ کی پہلی تاریخ پنجشنبہ ہو غسل
کر کے اس دن روزہ رکھے شام کو جو کی روٹی اور شکر اور کسی قسم کے ساگ سے افطار کرے اور اپنے وقت
پر سو رہے جب نصف شب ہو اٹھ کر وضو کر کے رو بقبلہ بیٹھ کر یہ آیتیں ۳۳ بار پڑھے پھر کانچ کے
برتن پر مشک زعفران وگلاب سے ان آیتوں کو لکھ کر آب ژالہ سے دھو کر پئے اور سو رہے سات دن
تک اسی طرح کرے اور آخر دن میں یہ آیتیں ستر بار پڑھے مگر مکان تنہائی کا ہو اور عود کی دھونی دے
پھر فارغ ہو کر انہیں کپڑوں میں سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہوگا + یا بنی اسرائیل
اذکروا النعمۃ سے انتم تعلمون تک **خاصیت** نابالغ دختر کے بدن کے کپڑے پر
شب دوشنبہ میں جب پانچ گھنٹے رات گذر جائے تو ان آیتوں کو لکھ کر سوتی ہوئی عورت کے
سینہ پر رکھدیں تو جو کچھ اس نے کیا ہو گا سب بتلا دے گی مگر یہ اسی جگہ جائز ہے جہاں شرعاً تجسس
جائز ہو ورنہ حرام ہے ایۃ واذ استسقیٰ موسیٰ سے مفسدین تک **خاصیت** جس کو سفر
میں پانی میسر نہ ہو یا ایسے مرض میں مبتلا ہو جس میں پانی کثرت سے پئے اور پیاس نہ بجھے تو ان آیتوں کو
مٹی کے کسی چکنے برتن میں جو تیل یا گھی سے چکنا ہو گیا ہو یا کانچ یا پتھر کے برتن پر لکھ کر باران ربیع کے
پانی سے دھو کر ایک شیشی میں بھر کر تین روز رہنے دے پھر اس میں سرخ بکری کا دودھ ملا کر آنچ پر اس کو
گاڑھا کر کے پیاس میں صبح کے وقت دو درہم اور مبتلائے مرض سوتے اسی قدر پیا کرے۔

آیۃ قالوا ادع لنا ربک یبین لنا ما ھی سے مہتدون تک **خاصیت** جو شخص کوئی جانور یا لباس یا میوہ یا اور کوئی چیز خریدنا چاہے اور اس کو منظور ہو کہ اچھی چیز ملے تو اس چیز کو دیکھنے بھالنے کے وقت ان آیتوں کو پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ مرضی کے موافق چیز ملیگی + آیۃ واذ قتلتم نفسا سے تعقلون تک **خاصیت** سوتے آدمی سے راز دریافت کرنے کے لئے ہے مگر جس جگہ معلوم کرنا شرعاً جائز ہو۔ **دیگر** بعض عارفین سے منقول ہے کہ یہ آیتیں اور سورہ شعراء کاغذ پر لکھ کر ایک سفید مرغ کی گردن میں جبر کا تاج شاخ شاخ ہو باندھ کر جس جگہ دفینہ کا شبہ ہو وہاں چھوڑ دیا جائے وہ مرغ وہاں جا کر کھڑا ہو جائیگا اور اگلے دن مر جائیگا مگر مجھ کو اس میں شبہ ہے کہ حیوان کا ہلاک کرنا عمل سے ناجائز ہے **دیگر** یہ بھی ان بزرگ سے منقول ہے کہ جمعہ کے روز جب آفتاب نکلنے لگے تو یہ آیتیں بر توف (نبات معروف) کی چھڑی پر چالیس مرتبہ پڑھے جو جانور کسی قسم کے مرض میں مبتلا ہو اس چھڑی پر پھنکار کر اس سے سات مرتبہ اس کو جھاڑے پھر اس مرض کے اوپر پھنکار دے انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہوگا + آیۃ ثم قست قلوبکم سے عما تعملون تک **خاصیت** جس شخص کا دل کسی سے سخت ہو جاوے یا اپنے گھر والوں سے تنگی کرے اور مزاج بگڑ جاوے تو ایک کوری پاک ٹھیکری لیکر چوب آس سے اس شخص کا نام اس ٹھیکری پر لکھے اور قدرے شہد جس کو آنچ نہ لگی ہو اور انگوری سرکہ لیکر اس سے یہ آیت اس نام کے گرد لکھے اور اس ٹھیکری کو کوئیں میں یا نہر میں ڈالدے جس سے وہ شخص پانی پیتا ہو **دیگر** اسی طرح اگر کوئی بادشاہ اپنی رعایا سے بگڑ جاوے تو اس آیت کو کاغذ میں مع نام بادشاہ اور اس کی ماں کے لکھ کر پہاڑ میں کسی اونچی جگہ رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ ان کی حالت درست ہو جائے گی **دیگر** اگر گائے یا بکری کا دودھ گھٹ جاوے تو کورے تانبے کے برتن میں اس آیت کو لکھ کر اور پاک پانی سے دھو کر اس جانور کو پلایا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بڑھ جاوے گا **دیگر** اگر کوئیں یا نہر یا چشمہ کا پانی گھٹ جاوے تو یہ آیت ٹھیکری پر لکھ کر اس میں ڈالدے آیۃ وَإِذْ أَخَذْنَا مِيثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّورَ خُذُوا مَا آتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ وَاسْمَعُوا قَالُوا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا وَأُشْرِبُوا فِي قُلُوبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ قُلْ بِئْسَمَا يَأْمُرُكُمْ بِهِ إِيمَانُكُمْ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ **خاصیت** جو شخص اپنی ذہانت سے ظلم کے طریقے ایجاد کر کے لوگوں کو تکلیف دیتا ہو اور اس کو مسلوب الفہم کرنا ہو تو یہ آیت ہفتہ کے روز کسی مٹھائی پر لکھ کر اس کو نہار منہ کھلا دو انشاء اللہ تعالیٰ پھر کوئی بات اس کی سمجھ میں نہ آوے گی آیۃ واتبعوا ما تتلوا الشیاطین سے لو کانوا

دریافت حال نائم واطلاع دفینہ

دفع امراض حیوانات

دفع قساوت قلب

یعلمون خاصیت کورے تانبے کے طشت میں ان آیتوں کو لکھ کر ان کو کندر کی دھونی دیکر
پانی سے دھوکر پلایا جاوے اور گھر میں چھڑک دیا جاوے تو جادو کا اثر جاتا رہے اور اس گھر میں کسی
کو جادو کا اثر نہ ہو اور اگر اس پانی سے ایسے شخص کو غسل دیا جاوے جس کا جادو یا نظر بد کا اثر ہو تو انشاء اللہ
اس کا اثر دفع ہو جاوے آیۃ واذ جعلنا البیت مثابۃ سے السجود تک خاصیت ایک
عارف کے نوشتہ سے منقول ہے کہ اس آیت کو اگر سوتے وقت پڑھے جس وقت چاہے گا آنکھ کھلیگی آیۃ
واذ یرفع ابراھیم القواعد سے الحکیم تک خاصیت بعض عارفین کا قول ہے کہ اس آیت
کو بلوری برتن پر زعفران اور گلاب سے لکھ کر آب انگور سیاہ سے دھو کر اس میں قدرے کہربا اور قدرے
کافور اور کچھ شکر ملاکر پینے سے خونی بواسیر کو نفع ہوتا ہے + آیۃ قد نری تقلب سے یعملون تک
خاصیت یہ آیت قولنج اور لقوہ اور ریاح ردیہ کے لئے مفید ہے جو شخص اس میں مبتلا ہو قلعی دار تانبے
کا طشت لیکر اس کو خوب صاف کرے اس میں یہ آیتیں مشک و گلاب سے لکھ کر پاک پانی سے دھو کر
لقوہ والے کا منہ دھلایا جائے اور منہ دھونے کے بعد اس طشت میں تین گھنٹہ تک نظر رکھے اسی
طرح تین روز کرے اور فالج اور ریاح والے پر وہ پانی چھڑکا جاتا ہے + آیۃ ولکل وجھۃ ھو مولیھا
سے قدیر تک خاصیت اس آیت کو کورے کپڑے کے گول کٹے ہوئے ٹکڑے پر لکھ کر اس
میں چور یا بھاگے ہوئے آدمی کا نام لکھ کر جس مکان میں چوری ہوئی ہو یا جس مکان سے کوئی بھاگا
ہے اس کی دیوار میں میخ سے گاڑ دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ مال مسروقہ یا گریختہ واپس آویگا آیۃ الم تر الی
الذین خرجوا من دیارھم سے یشکرون تک خاصیت طشت میں سیاہی سے لکھ کر
شیرہ برلوف یا شیرۂ برگ زیتون سے دھو کر گھر میں چھڑکنے سے جس قدر سانپ بچھو پسو مچھر ہوں گے
انشاء اللہ تعالیٰ سب مر جائیں گے۔ اور جمعرات کے روز سحر کے وقت زیتون کے چار پتوں پر لکھ کر
ایک ایک پتہ مکان کے ایک ایک گوشہ میں دفن کر دیا جائے (آخر شب) تو کوئی مچھر باقی نہ رہے آیۃ الم تر
الی الملاء من بنی اسرائیل سے ظالمین تک خاصیت امام غزالی فرماتے ہیں کہ قرآن مجید میں
چار آیتیں ہیں جن میں دس دس قاف ہیں تو مجموعہ چہل قاف ہوا ان کا لقب آیات حزب ہے ایک
آیت تو یہی ہے جو ابھی گذری دوسری آل عمران میں ہے لقد سمع اللہ قول الذین قالوا سے الحریق
تک تیسری سورہ نساء میں الم تر الی الذین قیل لھم سے فتیلا تک چوتھی سورہ مائدہ میں واتل

علیھم نبأ ابنی آدم بالحق سے المتقین تک ان کی خاصیت جاہ ومنزلت اور غلبہ بمقابلہ اعداء ہے اگر پرچم پر لکھ لیا جاوے تو مقابلہ میں ہرگز شکست نہ ہو اور دشمنوں پر فتح وظفر حاصل ہو اور اگر کاغذ پر لکھ کر سر میں رکھ کر امراء کے پاس جاوے تو اس کی بڑی قدر وعظمت ان کی آنکھ میں ہو + آیۃ اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم سے خالدون تک خاصیت جو شخص ان آیتوں کو ہر نماز کے بعد پڑھا کرے شیطان کے وسوسہ اور سرکش شیطانوں کے مکر وایذا سے محفوظ رہے اور فقیر سے غنی ہو جاوے اور ایسے طریق سے رزق ملے کہ اس کو گمان بھی نہ ہو اور جو اس کو صبح وشام اور گھر میں جانے کیوقت اور بستر پر لیٹنے کے وقت ہمیشہ پڑھا کرے چوری اور غرق اور جلنے سے امون رہے اور صحت نصیب اور ہر قسم کے خوف واندیشہ سے سالم رہے اور اگر اسکو ٹھیکریوں پر لکھ کر غلہ میں رکھدے تو چوری اور گھن سے محفوظ رہے اور اس میں برکت ہو اور جو اس کو اپنی دوکان یا مکان میں کسی اونچی جگہ رکھدے تو رزق بڑھے اور کبھی فاقہ نہ ہو اور وہاں چور نہ آوے اور اگر سفر یا کسی خوفناک جگہ میں رہنے کا اتفاق ہو تو یہ آیتیں مع سورۂ اخلاص اور معوذتین اور آیہ قل لن یصیبنا الا ما کتب اللہ لنا سے متوکلون تک پڑھ کر اپنے گرد ایک دائرہ کھینچ لیا جاوے تو انشاء اللہ تعالیٰ کوئی موذی نہ پہنچ سکے گا اور کوئی جن یا انسان ایذا نہ پہنچا سکے گا + آیۃ یا ایھا الذین امنوا اصبروا وصابروا سے کافرین تک خاصیت اگر کوئی ظالم دشمن ہو اور اس کو ویران کرنا منظور ہو بعد استغفار شرعی کے ہفتہ کے دن ایک ٹھیکری کچی تیار کرے اور کسی پرانی قبرستان کی تھوڑی مٹی ہفتہ کے دن لاوے اور تھوڑی مٹی کسی ویران گھر کی اور تھوڑی مٹی کسی خالی گھر کی تو جس کے رہنے والے مر گئے ہوں اور ان آیتوں کو اس ٹھیکری پر لکھو اور خوب باریک پیس کر دوسری مٹیوں کے ساتھ ملاؤ پھر ان سب کو ملا کر اس کے گھر میں ہفتہ کے دن پہلی ساعت میں بکھیر دو + آیہ فاصابھا اعصار فیہ نار فاحترقت خاصیت دار پر لکھ دینے سے دفع ہو جاتا ہے۔ سورۂ آل عمران آیۃ الم اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم سے الفرقان تک خاصیت مشک وگلاب وزعفران سے لکھ کر ایک نرسل میں جو طلوع آفتاب سے پہلے کاٹا گیا ہو رکھ کر اس کے منہ پر موم لگا کر لڑکے کے گلے میں لٹکا دیا جاوے تو آسیب اور ام الصبیان ونظر بد اور جمیع حوادثات سے محفوظ رہے دیگر ہرن کی جھلی پر بایک قلم سے لکھ کر نگین انگشتری کے نیچے رکھ لیا جاوے جو شخص باوضو پہنے جاہ وقبولیت حاصل ہو اور دشمن سے محفوظ رہے + آیہ ھو الذی انزل علیک الکتاب سے لا یخلف المیعاد تک (پارہ تلک الرسل ع ۹) خاصیت یہ آیت قوت حافظ

وتیزی ذہن کے لئے مفید ہے جمعہ کے روز سبز کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر آبِ نہر جاری سے دھو کر نہار منہ سات جمعہ تک آفتاب نکلنے سے پہلے پیئے اور اس روز کوئی شبہ کی چیز اور کسی قسم کا گوشت نہ کھاوے انشاء اللہ تعالیٰ مراد حاصل ہوگی آیۃ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ سے بِغَیْرِ حِسَابٍ تک (پارہ ۳ تلک الرسل ع ۱۱) خاصیت جو شخص کثرت سے ان آیتوں کو فرض نمازوں کے بعد اور نوافل کے بعد اور سوتے وقت پڑھا کرے اس کو روزی اور وسعت نصیب ہو اور اس کے مال میں ترقی ہو اور تنگدستی دور ہو دیگر جو علم کیمیا کا طالب ہو یا اور کسی مخفی علم کا دریافت کرنا چاہے اس کو چاہیئے کہ اول غسل کرے اور متواتر چالیس روزے رکھے اور حلال غذا سے افطار کرے اور ہر شب سوتے وقت سورہ والشمس اور واللیل اور والضحیٰ اور الم نشرح سات سات بار پڑھے اور آیت موصوفہ سات بار پڑھے پھر درود شریف پڑھ کر دعا کرے کہ الٰہی فلاں علم کو جو اکثر مخلوق پر پوشیدہ ہے میرے لئے آسان کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیداری یا خواب میں کوئی بتلا جاوے گا دیگر جو شخص دفینہ و خزائن پر مطلع ہونا چاہے تو ان آیتوں کو تانبے کے برتن پر مشک زعفران سے لکھے پھر ہلیلہ زرد و آب عنب و آب میوہ سبز سے اس کے حروف دھو کر سیاہ مرغی کا پتہ یا سیاہ بط کا پتہ اور پانچ مثقال سرمہ اصفہانی لیکر اس پانی میں ملا کر خوب باریک پیسے حتیٰ کہ وہ باریک سرمہ ہو جاوے اور رات کے وقت پیا کرے تاکہ اس پر دھوپ نہ پڑے جب وہ سرمہ بن جاوے کانچ کی شیشی میں رکھ کر اور آبنوس کی سلائی سے اس کا استعمال اس طرح کرے کہ اول جمعرات کے دن روزہ رکھے جب نصف شب کا وقت ہو درود شریف پڑھے اور آیت موصوفہ ستر بار پڑھے اور ستر مرتبہ استغفار پڑھے پھر ستر مرتبہ درود شریف پڑھے پھر اسی سلائی سے دونوں آنکھوں میں تین تین سلائی اس سرمہ کی لگاوے اور داہنی آنکھ میں پہلے لگاوے اسی طرح سات جمعرات تک کرے کہ دن میں روزہ رکھے اور رات کو درود شریف و استغفار و آیات پڑھے اور سرمہ لگاوے اس شخص کو کچھ اشخاص روحانیہ نظر آویں گے ان سے جو کچھ پوچھنا ہو پوچھے وہ اس کے سوال کا جواب دیں گے دیگر الملک حروف جدا جدا اس طرح لکھے۔ ا ل م ل ک اور ہر دفعہ میان کے حرف یعنی میم کو چالیس بار یہ آیت پڑھتا ہوا لکھے اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت کے سامان اس کے لئے درست فرما دیں اور سب حاجتیں پوری فرما دیں آیۃ اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ سے بِغَیْرِ حِسَابٍ تک (پارہ تلک الرسل ع ۱۲) خاصیت یہ آیت حفاظت حمل اور بچوں کو آفات و تغیرات اور عیوب اور نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لئے ہے ان آیتوں کو گلاب

اور زعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر حاملہ عورت کی داہنی کوکھ پر باندھ دیں وضع حمل تک بندھا رہے انشاء اللہ تعالیٰ آفات سے مامون رہے گی دیگر اگر مشک و زعفران سے لکھ کر تانبے کی یا لوہے کی نلکی میں رکھ کر بچہ کے گلے میں لٹکا دیا جاوے تو رونے اور ڈرنے اور بدخوابی سے حفاظت رہے اور ماں کے تھوڑے دودھ سے آسودہ ہوجاوے اور اگر دودھ کم ہو تو بڑھ جاوے اور بچہ کو نشوونما خوب ہو۔

آیۃ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ سے وَاللّٰہُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ تک (پارہ تلک الرسل ع۱۶) **خاصیت** جمعرات کے روز باوضو کسی طالع مند آدمی کے کرتے کے ٹکڑے پر اس آیت کو لکھ کر دکان یا مکان یا خرید و فروخت کی جگہ میں لٹکاوے خوب آمدنی ہوجاویگی اور اگر اس کو کسی کاغذ پر لکھ کر کسی بیکار آدمی کے بازو پر باندھ دیا جاوے باکار ہوجاوے یا جس نے کہیں پیغام نکاح کا بھیجا ہو اس کے بازو پر باندھا جاوے اس کا پیغام منظور ہوجاوے + آیۃ اَفَغَیْرَ دِیْنِ اللّٰہِ یَبْغُوْنَ سے مِنَ الْخٰسِرِیْنَ تک (پارہ تلک الرسل ع۱۷) **خاصیت** یہ آیتیں خفقان قلب کے لئے مفید ہیں مٹی کے کورے برتن میں لکھ کر بارش یا شیرین کوئیں کے پانی سے جس پر دھوپ نہ آتی ہو دھو کر مریض کو پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوجاوے

آیۃ وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا سے ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک (پارہ لن تنالوا ع۲) **خاصیت** اگر عروج ماہ میں دوشنبہ کے روز ہرن کی جھلی پر توت کے عرق سے لکھ کر آخر میں "یا مؤلف القلوب الف بین فلان و فلان" اور فلاں فلاں کی جگہ ان دو شخصوں کا نام لکھے جن الفت پیدا کرنا منظور ہو اور طالب کے بازو وغیرہ پر باندھے مطلوب مہربان ہوجاوے گا اگر عداوت ہوگی دوستی سے بدل جاوے گی اگر غضبناک ہوگا مہربان ہوجاوے گا اور اقبال اور جاہ میسر ہوگا اور اگر اس کو واعظ اپنے پاس رکھے اس کا وعظ مقبول اور مؤثر ہو۔ لَنْ یَّضُرُّوْکُمْ اِلَّآ اَذًی سے کَانُوْا یَعْتَدُوْنَ تک (پارہ لن تنالوا ع۲) **خاصیت** یہ آیتیں دشمن پر فتحیابی اور اس کو جنگ و کارزار سے روکنے کے لئے ہیں تلوار یا ڈھال یا نیزہ یا کسی ہتھیار پر شنبہ کے روز چھٹی ساعت میں اس کو کندہ کرے اور کندہ کرنے والا روزے سے ہو وہ ہتھیار لیکر جو شخص مقابلہ دشمن میں جاوے گا فتحیاب ہوگا + وَاِذْ ھَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْکُمْ سے الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ تک (پارہ لن تنالوا ع۴) **خاصیت** یہ آیتیں خوف بادشاہ ظالم و دشمن اور شب کے وقت جن یا انسان کے خوف کے لئے ہیں اس کو ہر شب جمعہ میں نصف شب کے وقت باوضو لکھے پھر کاتب صبح کی نماز پڑھ کر طلوع آفتاب تک تسبیح و ذکر میں مشغول بیٹھا رہے جب آفتاب بلند ہوجاوے دو رکعت پڑھے اول

ف۱ حفاظت بچہ از آزار و خوف بچہ

ف۲ ترقی رزق و دوکان و منظوری پیغام نکاح

ف۳ دفع خفقان

ف۴ تسخیر و محبت

ف۵ فتح دشمن

ف۶ دفع خوف بادشاہ ظالم و خوف جن وقت شب

میں فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور دوسری میں فاتحہ اور آمن الرسول سے آخر سورۃ تک پڑھے پھر سات مرتبہ استغفار
پڑھے اور سات مرتبہ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ پڑھے پھر
تازہ وضو کر کے یہ آیتیں لکھ کر اپنے پاس رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ مراد حاصل ہو۔ آیہ اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ
فِی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ سے وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِیْنَ تک (پارہ لن تنالوا ع ۵) خاصیت ۱ یہ آیتیں سکون
تیزی نفس و غضب اور سلطان جابر و دشمن جاہل کے لیے ہیں شب جمعہ میں بعد نماز عشاء کاغذ پر لکھ کر
باندھ لے اور صبح کو ان لوگوں کے پاس جاوے انشاء اللہ تعالیٰ ان کے شر سے محفوظ رہے + آیۃ
وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ سے انْقَلَبْتُمْ تک (پارہ لن تنالوا ع ۶) خاصیت ۲ جس کو نکسیر جاری ہو اس آیت
کو مریض کے دونوں آنکھوں کے درمیان ناک کے اوپر باندھ دے اگر کسی عورت کا خون جاری ہو جاوے
تو اس آیت کو تین پرچوں پر لکھے ایک پرچہ اس کے اگلے دامن میں باندھ دے ایک پچھلے دامن میں
ایک زیر ناف + آیۃ اَلَّذِیْنَ قَالَ لَھُمُ النَّاسُ سے ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ تک خاصیت ۳
جو شخص یہ آیتیں ایک پرچہ پر لکھ کر نگین انگشتری کے نیچے رکھ لے اور وہ انگشتری پہن کر کسی جابر حاکم
کے پاس جاوے اللہ تعالیٰ اس کے شر سے محفوظ رکھے + آیۃ اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے
لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ تک (پارہ لن تنالوا ع ۱۱) خاصیت ۴ جو شخص ہمیشہ ان آیتوں کو پڑھا کرے اس کا ایمان
ثابت رہے اور قلب پاک ہو اور دنیا و آخرت کی رسوائی سے محفوظ رہے اور اگر لکڑی کے برتن پر لکھ
اور زمزم کے پانی سے دھو کر پیوے جس وقت رات کو اٹھنا چاہے گا اسی وقت آنکھ کھل جاوے گی
سورۃ النساء آیۃ یٰٓاَیُّھَا النَّاسُ قَدْ جَآءَکُمْ بُرْھَانٌ سے صِرَاطًا مُّسْتَقِیْمًا تک (پارہ لایحب اللہ
ع ۲) خاصیت ۵ دشمن پر بحث میں غالب آنے کے واسطے اتوار کے روز روزہ رکھے اور ایک چمڑے
کے ٹکڑے پر لکھ کر باندھ لے۔ اور اگر دولھا دولہن گلاب زعفران سے لکھ کر اپنے عمامہ یا پیشانی پر باندھا
یا لکھ کر پی لیوے تو وجاہت زیادہ ہو سورۃ المائدۃ آیۃ وَلِلّٰہِ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَمَا بَیْنَھُمَا وَاِلَیْہِ الْمَصِیْرُ سے فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِیْنَ تک (پارہ لایحب اللہ ع ۷) خاصیت ۶ جو شخص
ان آیات کو طلوع آفتاب سے پہلے اپنی داہنی ہتھیلی پر لکھ کر زبان سے چاٹ لے اور نگل جاوے
متواتر سات روز تک اسی طرح کرے اللہ تعالیٰ اس کو عفو اور عافیت اور قناعت اور صبر اور رقت قلب
اور ہمدردی اہل اسلام عطا فرمائیں گے + آیۃ قُلْ یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ ھَلْ تَنْقِمُوْنَ سے سَوَآءِ السَّبِیْلِ

تک (پارہ لایحب شروع ۱۳) خاصیت یہ آیتیں دشمن کی روسیاہی اور کند ذہنی کے لئے ہیں جو شخص ناحق ایذا دیتا ہو اور ظلم کرتا ہو اور تمہاری صبر و شکیبائی پر بھی باز نہ آسے تو جمعرات کا روزہ رکھو اور نماز عشاء پڑھ کر ان آیتوں کو کسی وقتی گھڑی کی ایک مشت خاک پر تیس بار پڑھ کر اس شخص کے گھر میں وہ مٹی چھوڑ دو پھر اس کی جان و مال کا تماشہ دیکھو۔ آیۃ وَقَالَتِ الْيَهُودُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُولَةٌ سے لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِينَ تک (پارہ لایحب شروع ۱۳) خاصیت جب کوئی مجمع کسی ناجائز غرض پر متفق ہو جائے اور ان میں تفریق منظور ہو تو ان میں سب سے بڑی عمر کا آدمی ہو اور جو سب سے چھوٹی عمر کا شخص ہو ان دونوں کے تھوڑے تھوڑے بال لیکر ان کو آگ میں خاکستر کر لو پھر یہ آیتیں کسی نئے پاک برتن میں لکھ کر اور اس کو برگ حرمل (اسپند) کے عرق سے دھو کر وہ پانی اور وہ راکھ اس مقام میں ڈال دو انشاء اللہ تعالیٰ پھر ہرگز ہرگز ان میں اجتماع نہ ہوگا۔ اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّونَ يٰعِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ سے خَيْرُ الرّٰزِقِينَ تک (پارہ واذا سمعوا ع ۵) خاصیت یہ آیتیں وسعت رزق اور برکت اور دفع گرسنگی کے واسطے ہیں جھاؤ کی لکڑی کے برتن میں ان کو باوضو لکھ کر اپنے پاس رکھے جب ضرورت ہو اس میں پانی بھر کر جس گھر یا کھیت یا باغ میں برکت حاصل کرنا منظور ہو وہ پانی چھڑکے اور اگر دل چاہے تو تین ہفتہ متواتر وہ پانی پیئے انشاء اللہ تعالیٰ جان و مال میں برکت ہوگی۔ سُورۃ الانعام خاصیت اگر لکھ کر مواشی کے گلے میں باندھ دیں تو ان کو تندرستی اور جمیع آفات سے امن حاصل ہو۔ آیۃ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي خَلَقَ سے يَعْدِلُونَ تک (پارہ اذا سمعوا ع ۷) خاصیت جو شخص اس آیت کو صبح و شام سات بار پڑھ کر اپنے بدن پر ہاتھ پھیرے جمیع درد و آفات سے محفوظ رہے۔ آیۃ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (پارہ واذا سمعوا ع ۸) خاصیت یہ آیت تسکین غیظ و غضب اور دفع تشنگی و رنج کے لئے ہے اگر کھڑا ہو تو بیٹھ جائے اور اگر بیٹھا ہو تو کھڑا ہو جائے اور یہ آیت کثرت سے پڑھے آیۃ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗ سے هُوَ الْحَكِيمُ الْخَبِيرُ تک (پارہ واذا سمعوا ع ۸) خاصیت یہ آیتیں آخر شب میں کاغذ پر لکھ کر جس شخص کو ذات الجنب یا قلب یا ہاتھوں پر درد ہو اس شخص کے باندھ دیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی اور جس شخص کو کثرت سے رنج و غم یا تنگدلی ہو خواہ اس کا سبب معلوم ہو یا نہ ہو ان آیتوں کو سوتے وقت ساٹھ مرتبہ پڑھ کر سو رہے جس وقت جاگے گا رنج و غم سب رفع ہوا معلوم ہوگا۔

آیۃ اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ سے یُرْجَعُوْنَ تک (پارہ واذا سمعوا ع۱۰) خاصیت جس کی آنکھوں میں کچھ فتور ہو یا کسی عضو میں استرخا ہو تین روز متواتر روزہ رکھے اور دودھ شکر سے افطار کرے اور نصف شب کے وقت اٹھ کر تانبے کے قلم سے زعفران وگلاب سے اپنے یا دوسرے مریض کے داہنے ہاتھ پر لکھ کر چاٹ لے تین روز تک ایسا ہی کرے + آیۃ فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُکِّرُوْا سے رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تک (پارہ واذا سمعوا ع۱۱) خاصیت اگر ظالموں کی خانہ ویرانی اور ان کی جماعت کی پراگندگی مقصود ہو ان آیتوں کو کسی مذبوح جانور کی پرانی ہڈی پر لکھ کر پھر اس کو باریک کوٹ کر اس گھر میں ڈالدے دیگر تانبے کے طشت میں آب ریحان سے لکھ کر اور آب زیرہ سے جس کو عشاء سے صبح تک بھگویا ہو دھو کر جس گھر میں مچھر اور پسو زیادہ ہوں چندبار چھڑکنے سے وہ سب دفع ہو جاویں + آیۃ وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ سے اَسْرَعُ الْحَاسِبِیْنَ تک (پارہ واذا سمعوا ع۱۳) خاصیت اگر کتان کو کپڑے میں لکھ کر سرہانے رکھ کر سو رہے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ فلاں امر مشتبہ جس کا تحقیق حال کرنا منظور ہو مجھ کو خواب میں معلوم ہو جاوے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا انکشاف ہو جائے گا دیگر اگر اس کو باوضو لکھ کر بازو پر باندھ لے اور پاک بستر پر سو رہے صبح کو جو شخص اس سے ملے گا کوئی عجیب بات کرے گا دیگر قُلْ مَنْ یُّنَجِّیْکُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ سے تُشْرِکُوْنَ تک (پارہ واذا سمعوا ع۱۴) خاصیت اگر دریا میں جوش وطوفان وطغیان ہو یہ آیتیں لکھ کر دریا میں ڈالنے سے طوفان کو سکون ہو جاتا ہے آیۃ قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ سے رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ تک (پارہ واذا سمعوا ع۱۴) خاصیت یہ چور اور گریختہ کے واسطے ہے کسی پرانی مشک کا ٹکڑا یا کدوئے خشک کا پوست لے کر پرکار سے اس پر دائرہ نکالا جاوے اور دائرہ کے اندر یہ آیت اور دائرہ کے خارج چور یا گریختہ کا نام مع اس کی ماں کے نام کے لکھ کر ایسی جگہ دفن کریں جہاں کوئی چلتا نہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ چور یا گریختہ حیران وپریشان ہو کر واپس آجاوے گا + آیۃ وَکَذٰلِکَ نُرِیْٓ اِبْرٰہِیْمَ سے مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ تک (پارہ واذا سمعوا ع۱۵) خاصیت یہ آیتیں درستی رائے اور فہم اور امن وامان اور آبرو پیش حکام اور غلبہ گفتگو کے لئے مفید ہیں غرض اول کی تحصیل گلاب وزعفران سے چینی کی طشتری پر لکھ کر نہر کے پانی سے دھو کر پی لیوے رائے درست رہے دوسری غرض کے لئے کانچ کے برتن پر گلاب وزعفران سے لکھ کر شہد خالص سے دھو کر اصفہانی سرمہ میں خوب باریک پیس کر جو شخص آنکھوں میں لگاوے امراء اور حکام اور عوام کی نظر میں مقبول ومحبوب ہو

فتور چشم یا استرخائے عضو ۱۰
خانہ ویرانی ظالم ۱۱
تفریق جماعت اشرار ۱۱
دفع مچھر وپسو ۱۱
انکشاف امر مشتبہ ۱۲
ملاقات عجیبہ ۱۲
سکون طوفان دریا ۱۴
واپسی چور وگریختہ ۱۴
درستی رائے وامن وعزت ۱۵
پیش حکام غلبہ گفتگو ۱۵

غرض ثالث کی تحصیل کے لئے گلاب و زعفران سے لکھ کر اور گلاب جس میں انیسون جوش دیا ہوا اور آب
آس سے دھو کر نہار منہ بدھ کے روز شروع دن میں چار بدھ تک جو شخص پئے اپنے مقابل پر بحث و
گفتگو میں غالب ہو + وَلَوْ تَرٰىٓ اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ سے تَزْعُمُوْنَ تک (پارہ ۷ و اذا سمعوا
ع ۱۷) خاصیت [۱] یہ آیت دشمن کی بربادی و خانہ ویرانی کے لئے ہے جس شخص کا کوئی دشمن ہو اور
اس کی ایذا رسانی کے درپے ہو وہ تین پتے درخت بید کے اتوار کے روز طلوع آفتاب سے پہلے اس
طرح لے کہ اس کو کوئی نہ دیکھے اور ہر پتے پر ایک رخ پر یہ آیتیں لکھے اور دوسرے رخ پر ان لوگوں کے
نام لکھے مگر لکھتے وقت بھی کوئی نہ دیکھے پھر ہر روز ایک ایک پتہ ان کے پینے کے پانی میں ڈال دے یا ان کے
میں جس جگہ موقع ہو رکھدے + آیۃ اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى آخر تک (پارہ ۷ و اذا سمعوا ع ۱۸)
خاصیت [۲] کھیت کی عمدگی اور تمام حیوانات سے حفاظت کے لئے اور درختوں کی پیداوار اور عمدہ طور
پر پھل نکلنے کے لئے کسی پاک برتن میں زعفران اور کافور سے لکھ کر اور آب چاہ بلا جگت سے دھو کر جو
تخم یا غلہ بونا ہو اس میں بھگو کر بو دیں یا وہ پانی درخت کی جڑ میں چھوڑا کریں انشاء اللہ تعالیٰ برکت و
حفاظت اور پھلوں میں خوبی و شیرینی حاصل ہوگی۔ فَالِقُ الْاِصْبَاحِ سے يَعْلَمُوْنَ تک (پارہ ۷ و اذا سمعوا
ع ۱۸) خاصیت [۳] اس آیت کو جمعہ کے روز باوضو ساکھو کے تختہ پر یا کسی اور لکڑی پر لکھ کر کندہ کر کے
کشتی کے آگے باندھ دینے سے تمام آفات سے کشتی محفوظ رہے گی [۴] دیگر اگر لاجورد کے نگین پر بدھ کے روز
کندہ کر کے انگوٹھی پہنے ہر طرح کی حاجت روائی ہو اور قبولیت و محبت اور ہیبت لوگوں کی نظر میں
پیدا ہو + آیۃ وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً سے يُّؤْمِنُوْنَ تک (پارہ ۷ و اذا سمعوا ع ۱۸) خاصیت
اس آیت کو کھجور کی کلی کے غلاف میں جب اول اول نکلے جمعہ کے روز لکھ کر آبپاشی کے کوئیں میں
ڈال دے اس کے پانی میں اور وہ پانی جس درخت یا پھل میں دیا جائے ان سب میں برکت اور پاکیزگی
پیدا ہو اور تمام جن و انسان کی نظر بد اور سب آفات سے محفوظ رہے + آیۃ لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ سے
خَبِيْرُ تک (پارہ ۷ و اذا سمعوا ع ۱۹) خاصیت [۶] اس آیت کو بکثرت پڑھنے سے ہوائے تند کو سکون ہوتا ہے
اور ظالموں کی نگاہ سے پوشیدہ رہتا ہے آیۃ اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا سے يَعْلَمُوْنَ تک (پارہ ۸ ولو اننا ع ۱)
خاصیت [۷] حروف تہجی میں سے سات حرف جو سورۂ فاتحہ میں جمع ہیں وہ اس آیت میں جمع ہیں
ث ج خ ش ف ظ اہل فن کا قول ہے کہ خ کے لئے اتوار کا روز مخصوص ہے اور آیۃ اور ش کے لئے

پیر کا روز اور اسم شاکر اور ز کے لئے منگل اور اسم ہ کی اور ظ کے لئے بدھ اور اسم ظاہر اور ث کے لئے
جمعرات اور اسم ثابت ج کے لئے جمعہ اور اسم جبار اور ف کے لئے ہفتہ اور اسم فاتحہ اگر کوئی عجیب
معلوم کرنا ہو تو اول سات روزے رکھے اور اُن میں قراءۃ قرآن و دُعا میں مشغول رہے اور ثلث اخیر میں آبِ
سرد سے غسل کر کے ذکر میں مشغول رہے صبح کی نماز کے بعد سورہ یٰس اور طٰہٰ اور تَبَارَكَ الَّذِی
اور درود شریف پڑھ کر وہ آیت یا اسم جو ہر روز کے لئے مخصوص ہے سات مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ
وہ راز معلوم ہو جاوے گا آیۃ وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا سے رِسَالَتَهٗ تک (پارہ ولو اننا ع ۲) خاصیت
اس آیت میں جو لفظ اللہ دوبار متصل آیا ہے اُن کے درمیان میں دعا قبول ہوتی ہے آیۃ وَهُوَ الَّذِیۡ
اَنْشَاَ جَنّٰتٍ سے الْمُسْرِفِيْنَ تک (پارہ ولو اننا ع ۲) خاصیت اس آیت کو زیتون کی تختی پر لکھ کر
پاکیزہ کر کے باغ کے دروازہ پر لٹکا دے تو پھل خوب پیدا ہو اور اگر مینڈھے کے مذبوح چمڑہ پر لکھ کر جانور
کے گلے میں باندھ دیا جاوے تو اس میں نجابت ظاہر ہو اور سب آفات سے محفوظ رہے سُوْرَةُ الْاَعْرَاف
اٰيَة اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ سے رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ تک (پارہ ولو اننا ع ۱۴) خاصیت
سوتے وقت اس آیت کو پڑھنے سے شیاطین کی شرارت اور فالج و لقوہ سے محفوظ رہتا ہے دیگر اور اگر
مُحْسِنِيْنَ پڑھ کر دعا کرے کہ نیند جاتی رہے جاتی رہے گی دیگر اور اگر یہ آیتیں مع آیات آخر سورۂ براءت
لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ آخر تک دکان یا مکان یا اسباب و مال پر پڑھ دی جاویں تو ہر طرح
کی حفاظت رہے دیگر اگر مُحْسِنِيْنَ تک گلاب و زعفران و مشک سے لکھ کر باندھ دے لوگوں کے
کید اور نظر بد سے اور وجع فواد اور دشمن اور مار و کژدم سے محفوظ رہے آیۃ وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ سے تَشْكُرُوْنَ
تک (پارہ ولو اننا ع ۸) خاصیت تکثیر رزق و زیادتی معاش کے واسطے جمعہ کے روز جب سب نماز سے
فارغ ہو جاویں لکھ کر دکان یا مکان میں رکھنے سے رزق بڑھتا ہے + آیۃ یٰبَنِیْۤ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا
سے يَذَّكَّرُوْنَ تک (پارہ ولو اننا ع ۱۰) خاصیت جمعرات کے روز عروج ماہ میں نیا کرتہ پہن کر
دو رکعت شکرانہ کے (کہ نیا لباس پہنا) پڑھے پھر آیت مذکور کانچ کے برتن پر روغن چنبیلی سے لکھ کر
گلاب سے دھو کر وہ تیل اپنے چہرہ پر ملیں پھر زیتون کی پتے پر یہ آیت لکھ کر اس کرتہ کے گریبان
میں رکھنے سے انشاءاللہ تعالیٰ اس کے پہننے والے کو ہمیشہ توفیق توبہ اور اطاعت کی ہوگی + آیۃ یٰبَنِیْۤ
اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ سے تَعْلَمُوْنَ تک (ولو اننا ع ۱۰) خاصیت یہ آیت زہر و چشم بد و سحر کے دفع

کرنے کے لئے مفید ہے جو شخص اس کو انگور سبز کے عرق اور زعفران سے لکھ کر اولے کے پانی سے دھو کر
غسل کرے چشم بد اور جادو اس سے دفع ہو اور جو کھانے میں ملا کر کھاوے تو زہر سے مامون رہے اور سحر
اور نظر بد سے بھی + آیۃ قَالَ ادْخُلُوا فِي أُمَمٍ سے لَا تَعْلَمُونَ تک (ولو اننا ع ۱۱) خاصیت جس شخص
کا ظالم دشمن قید میں ہو اور اس کی قید کی میعاد بڑھانا منظور ہو اس کو سرخ رنگ کے بزغالہ کی جھلی پر لکھے
اور اس شخص کا نام مع اس کی والدہ کے لکھے اور قید خانہ کے دروازہ میں دفن کرے قید دراز ہو جاوے
آیۃ وَنَزَعْنَا مَا فِي صُدُورِهِمْ سے بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ تک (ولو اننا ع ۱۲) خاصیت نوتراشیدہ
قلم سے مٹھائی پر لکھ کر جن لوگوں میں بغض و عداوت و نا اتفاقی ہو ان کو کھلانے سے الفت و محبت و اتفاق پیدا
ہو جاوے اسی طرح خرما یا انجیر یا بیر پر لکھ کر کھلانے سے بھی اثر ہوتا ہے دیگر مٹی کے کورے برتن پر جب آوہ
سے تازہ نکلا ہو لکھ کر آب چاہ سے دھو کر پینے سے وجع قلب سے شفا ہوتی ہے۔ آیۃ وَهُوَ الَّذِي يُرْسِلُ
الرِّيَاحَ سے يَشْكُرُونَ تک (ولو اننا ع ۱۲) خاصیت یہ آیت درخت کو ہر قسم کے آفات کیڑا اور تعفن اور
ملخ اور چوہا اور موذی جانوروں سے محفوظ رکھنے کے لئے مفید ہے زیتون کی چوب پر آب سیب اور زعفران
اور عرق انگور سے لکھ کر اور آب انگور سے دھو کر تھوڑا سا درخت کے جڑ میں چھوڑ دیں اور اوپر سے خالص
پانی بھر دیں انشاء اللہ تعالیٰ اس درخت کی حالت درست ہو جاوے گی + آیۃ أَفَأَمِنَ أَهْلُ الْقُرَىٰ
سے الْخَاسِرُونَ تک (قال الملاء ع ۲) خاصیت محرم کی پہلی تاریخ میں اس کو کاغذ پر لکھ کر پانی
سے دھو کر وہ پانی جس گھر کے گوشوں میں چھڑک دیا جاوے وہ سانپ و بچھو اور موذی جانوروں سے سلامت
رہے۔ وَلِلَّهِ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ فَادْعُوهُ بِهَا (قال الملاء ع ۱۳) خاصیت اسماء حسنیٰ کے یاد کرنے اور
عمل کی برکت سے دخول جنت کی بشارت آئی ہے اور ان کے توسل سے دعا مانگنا موجب قبولیت
ہے ترمذی وغیرہ میں ننانوے نام مبارک آئے ہیں اور قرآن مجید میں اس ترتیب سے مذکور ہیں صریحاً
یا اشتقاقاً سورہ بقرہ میں چھبیس نام محیط۔ قدیر۔ علیم۔ حکیم۔ تواب۔ بصیر۔ واسع
بدیع۔ سمیع۔ کافی۔ رؤف۔ شاکر۔ الہ۔ واحد۔ غفور۔ حلیم۔ قابض۔ باسط
لا الہ الا ھو۔ حی۔ قیوم۔ علی۔ عظیم۔ ولی۔ غنی۔ حمید۔ اور آل عمران میں
تین۔ قائم۔ وھاب۔ سریع الحساب۔ اور نساء میں سات۔ رقیب۔ حسیب
شہید۔ عافر۔ غفور۔ مقیت۔ وکیل۔ انعام میں پانچ۔ باطن۔ قاہر۔ قادر

ف: محبوس کی حبس میں درازی ۱۲
ف: اتفاق و نا اتفاقی ۱۲
ف: وجع قلب ۱۲
ف: حفاظت درخت از آفات ۱۲
ف: حفاظت خانہ از موذیات ۱۲
ف: دخول جنت و قبولیت دعا ۱۲

لطیف۔ خبیر۔ اعراف میں دو محیی۔ حمیت انفال میں دو نعم المولیٰ۔ نعم النصیر
ہود میں سات۔ حفیظ۔ قریب۔ مجیب۔ قوی۔ مجید۔ ودود۔ فعال لما یرید
رعد میں دو کبیر۔ متعال ابراہیم میں منان حجر میں خلاق مریم میں دو صادق۔ وارث
حج میں باعث مومنین میں کریم نور میں تین نور۔ حق مبین فرقان میں ہادی سبا میں
فتاح طٰہٰ میں شکور مومن میں چار غافر۔ قابل التوب۔ شدید العقاب
ذوالطول۔ ذاریات میں تین رزاق۔ ذو القوۃ۔ متین طور میں بر اقترب میں
مقتدر۔ رحمٰن میں ذوالجلال والاکرام حدید میں چار۔ اول۔ آخر۔ ظاہر۔ باطن
حشر میں دس قدوس۔ سلام۔ مومن۔ مہیمن۔ عزیز۔ جبار۔ متکبر۔ خالق
باری۔ مصور۔ بروج میں دو مبدی۔ معید۔ اخلاص میں دو۔ احد۔ صمد
فاتحہ میں پانچ۔ اللہ۔ رب۔ رحمٰن۔ رحیم۔ مالک یا ملک۔ یہ سب ملکر بھی ننانوے
ہوئے اسمار الٰہیہ کے آثار و خواص بے شمار ہیں ان میں سے کسی قدر مستقل طور سے انشاء اللہ تعالیٰ
جداگانہ اسی اعمال قرآنی کے حصہ سوم میں لکھنے کا ارادہ ہے اس مقام میں بعض اسمار کے دو چار
خواص مختصر لکھے جاتے ہیں۔ الصمد اس کی کثرت بھوک دفع کرتی ہے الفعال جو شخص
ہموم وغموم وافکار و وساوس میں مبتلا ہو اس کی کثرت اس کو مفید ہے السمیع البصیر اس کی
کثرت سے دعا قبول ہوتی ہے القادر المقتدر القوی القائم مشکل کام کرنے والوں
اور بوجھ کے اٹھانے والوں کو اس کی کثرت سے ماندگی نہیں ہوتی۔ اور ان کو نگین پر کندہ کراکر پہنا جاوے
تو کبھی سستی نہ آوے اور اگر اس نگینہ کو پانی میں غوطہ دے کر حمی مطبقہ والے کو پلایا جاوے اس کو
نفع ہو اور جو شخص سو مرتبہ ان اسماء کو بہ نیت ہلاکت ظالم کے لکھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہلاک ہو۔ اور
جو آس کے پتوں پر ان اسمار کو سو بار لکھ کر ان پتوں کو زیتون کے تیل میں جوش دیکر مفلوج یا لرزہ
والوں کی مالش کی جاوے انشاء اللہ تعالیٰ ان کو نفع حاصل ہو اور اگر جمعرات کے روز اول ساعت
میں فولاد کی تختی پر ان کو کندہ کر کے اپنے عمامہ میں رکھے لوگوں کی نظر میں اس کی محبت اور ہیبت ہو
الرحمٰن الرحیم اس کی کثرت سے ہر امر میں آسانی رہتی ہے الملک العزیز اس کی کثرت سے
حکومت مدت تک قائم رہے سلطنت میں ترقی ہو نیز اس کی کثرت سے شہوات نفسانیہ مغلوب رہیں

العزیز الجبار المتکبر اس کی کثرت سے عزت بڑھتی ہے اور خود اپنے دل میں انکساری پیدا ہوتی ہے اور اگر کسی متکبر کے روبرو اس کا ورد کرے تو وہ نرم ہوجاتا ہے الحفیظ سفر وغیرہ میں جہاں خوف کسی قسم کا ہو اس کی کثرت نافع ہے المؤمن اس سے شک اور تردد اور خوف زائل ہوتا ہے المھیمن نگین پر پانچ بار کندہ کرکے پہننے سے ظالموں اور شیاطین انس و جن سے محفوظ رہے النور الباسط اگر کسی بات کا خواب میں دیکھنا منظور ہو تو باوضو بستر پر لیٹ کر ان کو بکثرت پڑھے خواب میں اسکا انکشاف ہوجاوے گا اور اگر اسم نور کو جدا جدا حروف میں اس طرح ن و ر پانچ مرتبہ لکھکر جس شخص کو معدہ کی یا خفقان قلب کی شکایت ہو اللہ تعالیٰ اس کی شکایت دفع کریں اور اگر موضع درد میں رکھدے تو درد کو سکون ہو اور اگر کوئی بات سمجھ میں نہ آتی ہو یا راہ گم ہوگئی ہو تو اسم کو دو سو چھپن بار خوش اعتقادی سے حقیقت امر منکشف ہوجاوے گی اور راستہ معلوم ہوجاوے گا العلیم الحکیم اس سے علم و فن میں ترقی اور سہولت ہو اور اگر اس کے ساتھ عظیم اور جتنے اسماء کے وسط میں حرف یا ہے سب کو لکھ کر نہار منہ دھوکر پیئے تو شہوت جسمانیہ کو سکون ہو اور اگر اسماء کو ہل پر باوضو لکھ کر قلبہ رانی کی جاوے تو کھیت میں خوب برکت ہو اور اگر اس کو کدال یا پھاوڑے پر لکھ کر کنواں کھودا جاوے تو پانی آسانی سے نکلے الحلیم الرؤف المنان خوف زدوں کے واسطے اس کا ذکر بکثرت کرنا موجب طمانیت قلب ہے الکریم الوھاب ذو الطول جس کی روزی تنگ ہو یا کوئی حاجت درپیش ہو اس کی کثرت سے فراخی و کاربرآری ہو۔ اللطیف شدائد کے وقت میں اس کی کثرت مفید ہے الودود سفید حریر کے کپڑے پر پینتیس بار لکھ کر پاس رکھنے سے لوگوں کے دلوں میں محبوب ہوجاتا ہے الدائم نعمت کے دوام کے لئے مفید ہے ذو القوۃ جمعہ کی دوسری ساعت میں اس کو چھ بار لکھ کر جس کو خشکی سے درد سر ہو اس کے باندھنے سے نفع ہوتا ہے اور ساعت مذکور میں چاندی کے نگین پر منقش کرکے منہ میں رکھنے سے بلغم میں تخفیف ہوتی ہے اور غلبہ نسیان بھی اس سے دفع ہوتا ہے الھادی الخبیر المبین نصف شب کے وقت اس کی کثرت کرے اور ہر سو بار کے بعد کہے اھدنی یا ھادی واخبرنی یا خبیر وبین لی یا مبین اور جس چیز کا حال دریافت کرنا ہو اس کا نام لیوے جب نیند غالب ہو سو رہے انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں معلوم ہوجاوے گا فائدہ کم از کم ہر اسم کو اس کے عدد کے موافق پڑھے تنبیہ اہلاک ظالم کے لئے اگر پڑھے یا بددعا کرے تو اس کے ظلم سے زیادہ خواہش و قصد نہ کرے

یعنی اس کے ظلم پر جس قدر شر عاً سزا کا استحقاق ہے اس سے تجاوز نہ کرے اَتَوَا مَآ اٰیَتْرَعَنکُمْ سے مُبْجِعُوْنَ تک (عمل اللہ ع ۱۲) خاصیت جس کو وساوس اور خطرات اور حدیث نفس وخیالات فاسدہ اور لرزہ قلب نے عاجز کر دیا ہو ان آیات کو گلاب وزعفران سے جمعہ کے روز طلوع شمس کے وقت سات پرچوں پر لکھ کر ہر روز ایک پرچہ نگل جاوے اور اس پر ایک گھونٹ پانی کا پی لیوے انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہو جاوے گا فائدہ متعلقہ وسوسہ حدیث میں آیا ہے کہ ایسے وقت اَعُوْذُ بِاللّٰہِ پڑھے رواہ الشیخان اور اس امر میں سوچنا چھوڑے ایک حدیث میں ہے کہ اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَرُسُلِہٖ کہے ایک حدیث میں تین بار آمنت باللہ کہنا آیا ہے رواہ ابن السنی ایک حدیث میں اعوذ باللہ پڑھ کر بائیں جانب تین مرتبہ تھتکارنا آیا ہے رواہ مسلم ایک حدیث میں ھو الاول والاخر والظاھر والباطن وھو بکل شیئ علیم پڑھنا آیا ہے اور وارد ہوا ہے کہ اس سے کسی کو نجات نہیں ہوئی اس کا غم نہ چاہیے رواہ ابوداؤد عن ابن عباسؓ۔ بعض علماء سے لاالٰہ الا اللہ کی کثرت منقول ہے بعض نے مطلق ذکر کی کثرت کو مفید فرمایا ہے ابوسلیمان دارانیؒ نے عجیب تدبیر بتلائی ہے کہ جب وسوسہ آئے خوب خوش ہو۔ شیطان کو مسلمان کا خوش ہونا سخت ناگوار ہے پھر وہ وسوسہ نہ ڈالے گا اور غموم ہونے سے اور پیچھے پڑے گا بعض علماء نے تسکین کے لئے کہا ہے کہ چور اس گھر میں جاتا ہے جہاں کچھ مال ومتاع ہوتا ہے سورۃ الانفال ایۃ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِیْنَ اِذَا ذُکِرَ اللّٰہُ سے یَتَوَکَّلُوْنَ تک (قال الملاء ع ۱۵) خاصیت جس شخص کے دل میں قساوت پیدا ہو جائے اور وعظ ونصیحت کا اثر نہ ہوتا ہو اور سائل کو دینے کی اور نیک کاموں کی توفیق ورغبت نہ رہی ہو تو خالص جو کی ٹکیہ بے نمک طلوع آفتاب کے قبل پکا کر اس پر یہ آیت سات مرتبہ نوتراشیدہ قلم سے لکھے اور اس روز روزہ رکھے اور شام کو اس ٹکیہ سے افطار کرے انشاء اللہ تعالیٰ قلب میں رقت پیدا ہو۔ آیۃ وَمَا جَعَلَہُ اللّٰہُ اِلَّا بُشْرٰی سے عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ تک (قال الملاء ع ۱۵) خاصیت رمضان کی ستائیسویں تاریخ کو ایک پرچہ پر یہ آیت لکھ کر انگوٹھی کے نگین کے نیچے رکھ لے تو ہمیشہ محفوظ شادان فرحان منصور ومظفر رہے۔ آیۃ وَاِنْ یُّرِیْدُوْٓا اَنْ یَّخْدَعُوْکَ سے عَزِیْزٌ حَکِیْمٌ تک (واعلموا ع ۲) خاصیت جو شخص رمضان کے اول جمعہ میں درمیان ظہر وعصر کے اس آیت کو باوضو صوف یا حریر کے تین رنگ یعنی سبز وزرد وسرخ ٹکڑوں پر لکھ کر وہ ٹکڑے ٹوپی کی کوٹ میں لگا کر

دفع وساوس

دفع قساوت قلب

حفاظت و ظفر

احتیاط سے رکھ چھوڑے ضرورت کے وقت پہنکر جہاں جائے عزت وہیبت ومحبت سے لوگ پیش آویں اور تہمتوں سے بری ہو اور سب حالتیں درست رہیں مگر حریر کی ٹوپی پہننا شرعاً درست نہیں

ایۃ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ سے مَعَ الصّٰبِرِیْنَ تک (واعلموا ع ۵) **خاصیت** بوجھ اٹھانے والوں اور مشکل کاموں کے کرنے والوں کو اس سے تخفیف وآسانی ہوتی ہے اور اگر اس آیت کو سات روز تک پڑھے جمعہ کی عصر سے شروع کرکے اگلے جمعہ کی نماز جمعہ پر ختم کرے پانچوں نمازوں کے بعد اور کاموں سے فارغ ہوتے کے بعد پڑھا کرے تو سب اندیشے دفع ہوں اور تخفیف وآسانی ہر قسم کی حاصل ہو دیگر حسن بصری رح بخار کے لئے یہ لکھ کر مریض کو بندھواتے تھے یُرِیْدُ اللّٰہُ اَنْ یُّخَفِّفَ عَنْکُمْ وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰہُ عَنْکُمْ وَعَلِمَ اَنَّ فِیْکُمْ ضَعْفًا رَبَّنَا اکْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ وَاِنْ یَّمْسَسْکَ اللّٰہُ بِضُرٍّ فَلَا کَاشِفَ لَہٗ اِلَّا ھُوَ وَاِنْ یُّرِدْکَ بِخَیْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِہٖ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ سورۃ التوبہ الایۃ یُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّطْفِئُوْا سے وَلَوْ کَرِہَ الْمُشْرِکُوْنَ تک (واعلموا ع ۱۱) **خاصیت** آبگینہ کے آب نارسیدہ برتن میں زعفران وگلاب سے اس آیت کو لکھ کر عود کی دھونی دیکر روغن چنبیلی خالص سے اس کو دھوکر سبز شیشی میں اُٹھا رکھے جب کسی کے پاس جانے کی ضرورت ہو تھوڑا روغن چنبیلی اپنے دونوں ابروؤں پر ملکر جاوے انشاء اللہ تعالیٰ محبوبیت ومحبت اور عزت وجاہ لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو دیگر ہرن کی جھلی پر زعفران وگلاب سے لکھ کر جوز الطیب سے دھونی دے جو شخص داہنے بازو پر باندھے اس کو بھی یہی بات حاصل ہو۔ ایۃ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ سے مَعَ الْقٰعِدِیْنَ تک (واعلموا ع ۱۳) **خاصیت** یہ آیت سارق وگریختہ کے واسطے ہے کتان کے دھلے ہوئے کپڑے سے قوارہ پر شروع ماہ میں یہ آیت لکھی جاوے اور اُس شخص کا نام مع نام والدہ کے لکھیں اور جس جگہ کوئی نہ دیکھتا ہو جا کر ایک میخ قوارہ کے اوپر ٹھوک دیں اور اس کو مٹی سے چھپاویں وہ چور وگریختہ باذن الٰہی واپس آجاوے گا۔ ایۃ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ سے الْعَظِیْمِ تک (یعتذرون ع ۵) **خاصیت** حضرت ابوالدرداءؓ سے منقول ہے کہ جو شخص اس آیت کو ہر روز سو بار پڑھے تمام مہمات دنیا وآخرت کے لئے اس کو کافی ہے۔ اور ایک روایت میں ہے کہ وہ شخص ہدم وغرق وحرق وضرب آہنی سے نہ مرے گا۔ اور لیث بن سعدؓ سے منقول ہے کہ کسی شخص کی ران میں ضرب آگئی تھی جس سے وہ ٹوٹ گئی تھی کوئی شخص اس کے پاس خواب میں آیا اور کہا

دفع تعب

دفع بخار

حصول محبوبیت

واپسی گریختہ وسارق

کفایت مہمات دنیا وآخرت

حفاظت از ہدم وغرق وحرق

کہ جس موقع میں درد ہے اُس جگہ اپنا ہاتھ رکھ کر یہ آیۃ پڑھو پس اس کی ران اچھی ہو گئی اس آیت
کی خاصیت یہ ہے کہ اس کو لکھ کر باندھ کر جس حاکم کے روبرو جس کام کے لئے جاوے وہ اس کی حاجت
بحکم الٰہی پوری کرے۔ سورۂ یونس علیہ السلام (یعتذرون) خاصیت تانبے کے طشت پر لکھ
کر آب بستہ سے دھو کر اس میں آٹا گوندھے اور اس میں سب لوگوں کا نام پڑھ کر دم کر دے جن پر چوری
کا شبہ ہو اور اس کی روٹی پکا کر ان لوگوں کے شمار کے موافق اس کے ٹکڑے کر کے ان لوگوں کو کھلاوے
چور اس کو نہ کھا سکے گا۔ مگر اس عمل پر یقین کرنا جائز نہیں البتہ اس قرینہ کے بعد اپنے طور پر سراغ لگاوے
محض اس عمل پر اعتماد کر کے بدگمانی یا تہمت یا تشدد کرنا درست نہیں۔ آیہ الٓرٰ سے اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ
تک (یعتذرون۔ ع ۱) خاصیت جو شخص چاہے کہ لوگ میرے مطیع و مسخر ہو جاویں تو شعبان کے مہینہ
میں ایام بیض کے روزے رکھے آخر کا روزہ سرکہ ساگ اور جو کی روٹی اور نمک سے افطار کرے اور مغرب
سے عشاء تک ذکر اللہ اور درود شریف میں مشغول رہے اور عشاء پڑھ کر بھی تسبیح و تقدیس میں جب تک
چاہے مشغول رہے پھر یہ آیتیں آب آس اور زعفران سے ایک کاغذ پر لکھ کر سر کے نیچے رکھ کر سو رہے
صبح کو نماز پڑھ کر اس پر پھونک کر جس کے پاس جاوے گا اس کی قدر و منزلت کرے گا اور جو بات کہے گا
درست ہو گی + وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ سے یَعْلَمُوْنَ تک (پارہ یعتذرون ع ۲) خاصیت۔
مٹی کے کورے پاک برتن پر اس آیت کو سیاہی سے لکھ کر اور اس برتن کو روغن زیتون سے بھر کر پھر اس سے
حروف دھو کر اس روغن کو ہلکی آنچ یا گرم راکھ پر گرم کر کے اس کی مالش کرنے سے پنڈلیوں اور پسلی
کا درد جاتا رہتا ہے۔ قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ سے اَفَلَا تَتَّقُوْنَ تک (یعتذرون ع ۹)
خاصیت یہ آیت تسہیل ولادت اور درد گوش اور آسانی رزق کے لئے ہے کدوئے شیریں کے
پوست پر سیاہی سے لکھ کر درد والی کے داہنے بازو پر باندھ دینے سے ولادت میں سہولت ہوتی ہے
اور قلعی دار تانبے کی طشتری پر عرق گنا سے لکھ کر صاف شہد سے دھو کر آگ پر پکا کر جس جگہ درد
ہو تین قطرے چھوڑ دیں ان شاء اللہ تعالیٰ نفع ہو اور جو کاغذ پر لکھ کر نیلے کپڑے میں تعویذ بنا کر داہنے بازو
پر باندھے اسباب روزی اس کے لئے آسان ہوں۔ آیہ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ
سے یَجْمَعُوْنَ تک (یعتذرون ع ۱) خاصیت یہ آیتیں تمام اقسام درد شکم کے لئے مفید ہیں
جس شخص نے کبھی صحبت نہ کی ہو اس سے کاغذ لیکر سیاہی سے لکھ کر کسی سبز پھل کے عرق سے دھو کر

کسی قدر اس میں مصری اضافہ کر کے مریض کو پلایا جاوے اور خفقان اور اختلاج قلب کو بھی نافع ہے
آیۃ فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ سے عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ تک (یعتذرون ع ۱۳) خاصیت سخت جادو کے
دفع کرنے کے لئے نافع ہے ایک گھڑا بارش کے پانی کا لے ایسی جگہ سے جہاں برسنے کے وقت کسی
کی قطرہ نہ پڑی ہو اور ایک گھڑا ایسے کنوئیں کے پانی کا لے جس سے کوئی پانی نہ بھرتا ہو پھر جمعہ کے روز
ایسے سات درختوں کے سات پتے لے جس کا پھل نہ کھایا جاتا ہو پھر دونوں پانی ملا کر اس میں ملتوں
پتے ڈالدے پھر ان آیتوں کو لکھ کر اس پانی سے دھو کر مسحور کو کنارہ دریا پر لیجا کر پانی میں اس کو کھڑا
کر کے رات کے وقت اس پانی سے اس کو غسل دیں انشاء اللہ تعالیٰ سحر باطل ہو جائے گا۔ آیۃ
وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰى وَاَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ سے الْمُؤْمِنِيْنَ تک (یعتذرون ع ۱۴) اور وَاِنْ يَّمْسَسْكَ
اللّٰهُ بِضُرٍّ سے الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ تک (یعتذرون ع ۱۶) خاصیت مصری کے ٹکڑے پر لوہے کی سوئی
سے اس آیت کو منقش کر کے آب شیریں سے جو رات کے وقت نہر سے لیا گیا ہو گھول کر مریض کو قبل
طلوع فجر کے پلایا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے امراض سے شفا ہو سورۃ ہود علیہ السلام
(یعتذرون ومامن دابۃ) خاصیت ہرن کی جھلی پر لکھ کر جو شخص اپنے پاس رکھے اسے قوت ونصرت
عطا ہو اگر سو آدمیوں سے مقابلہ ہو سب پر ہیبت غالب ہو جاوے اور اس کے خلاف کوئی گفتگو
اس سے نہ کر سکے اور اس کو زعفران سے لکھ کر تین روز صبح وشام پی لیوے قلب قوی ہو جاوے
اور کسی کے مقابلہ سے اس کو خوف نہ ہو۔ آیۃ الۤرٰ كِتٰبٌ سے قَدِيْرٌ تک (یعتذرون ع ۱۰) خاصیت
تلقاش سبز کے پتے پر طلوع فجر کے وقت مشک وگلاب سے لکھ کر جس کنوئیں سے اس تلقاش کو پانی
دیا جاتا ہو اس کے پانی سے دھو کر چار روز تک صبح وشام پیوے تعلیم قرآن وعلم وحافظہ اور ذہن میں ترقی
وآسانی ہو اور خوب دل کھل جاوے۔ آیۃ وَقَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا سے رَّحِيْمٌ تک (ومامن دابۃ ع ۴) خاصیت
ساکھو کے تختہ پر اس آیت کو کندہ کر کے کشتی کی اگلی جانب میں اس کو چڑھا دیا جاوے ہر قسم کی
آفت سے کشتی محفوظ رہے اور اس کو کشتی میں سوار ہونے کے وقت پڑھنا اسی طرح آیۃ وَمَا قَدَرُوا
اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ سے يُشْرِكُوْنَ تک پڑھنا مفید ہے آیۃ اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ
سے حَفِيْظٌ تک (ومامن دابۃ ع ۵) خاصیت جس کو ظالم آدمی یا موذی جانور کا اندیشہ ہو اس
کو کثرت سے پڑھا کرے جب بستر پر لیٹے جب سووے جب جاگے صبح کے وقت شام کے وقت

انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا و دیگر تعویذ بنا کر بچہ کے گلے میں ڈالنے سے جس قدر امراض بچوں کو لاحق ہوتے ہیں سب سے حفاظت رہتی ہے۔ سورۂ یوسف علی نبینا و علیہ السّلام (رمان جبا) خاصیت جو شخص اسکو لکھکر پیوے اسکا رزق بڑھے اور ہر شخص کے نزدیک با قدر ہو دیگر اگر تعویذ بنا کر باندھے اس کی بیوی اس کو بہت چاہنے لگے۔ آیۃ وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُونِي بِهِ أَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِي سے الْمُحْسِنِينَ تک (دو ماہری فتی ع ۱۱) خاصیت جس کو روزگار نہ ملتا ہو یا روزگار سے معطل ہو گیا ہو مہینہ میں جو اول جمعرات و جمعہ آوے ان میں روزہ رکھے اور شب جمعہ میں بستر پر لیٹتے وقت یہ سورہ پڑھے پھر جمعہ کے دن مابین ظہر و عصر کے اس سورہ کو لکھے پھر افطار کر کے اس سورۃ کو پڑھے پھر عشاء پڑھ کر اس سورۃ کو پڑھے پھر بستر پر جا کر اس سورۃ کو پڑھے اور سو بار لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ کہے اور سو بار اَللّٰهُ أَكْبَرُ اور سو بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور سو بار سُبْحَانَ اللّٰهِ اور سو بار اِسْتِغْفَار اور سو بار درود شریف پھر صبح جب صبح ہو گھر سے نکل کر لکھی ہوئی سورۃ کو تعویذ بنا کر باندھ لیوے اور پختہ عہد اور نیت کرے کہ کسی پر کبھی ظلم نہ کروں گا اور اپنے حق سے زیادتی نہ کروں گا انشاء اللہ تعالیٰ اسی ہفتہ میں یا کچھ زیادہ میں برسر روزگار ہو جاوے گا جو شخص پڑھنا نہ جانتا ہو وہ لکھے ہوئے کو سر تلے رکھ لے باقی لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وغیرہ بدستور سابق کہے آیۃ قَالُوا تَاللّٰهِ لَقَدْ آثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا سے أَجْمَعِينَ تک (ماہ دی نفی ع ۲۲) خاصیت یہ آیت آنکھ کے تمام درد تکلیف اور آنکھ کی سفیدی کے واسطے جن کے معالجہ سے اطباء عاجز آ گئے ہوں نافع ہے سرمہ اصفہانی ایک جزو ایلوا آدھا جزو مونگا آدھا جزو زعفران ما میران ہمندی جھاگ آدھا جزو ناگر موتھ آدھا جزو خریف کی اول بارش کا پانی اور نہر و چشمہ کا پانی جمعرات کے روز کانون اول کے مہینے میں قبل طلوع آفتاب کے لیا گیا ہو اور ایک نسخہ میں کانون ثانی ہے پھر یہ سب دوائیں علیحدہ علیحدہ پیس کر اور سب کو ملا کر پھر درخت سبز کے پانی میں پیسے اور خشک کرے تک پھر ان کو باران خریف کے پانی میں پیس کر خشک کرے پھر تیسری بار آب کانون اول یا ثانی کے ساتھ پیسے پھر چوتھی بار شہد میں جس کو آگ نہ لگی ہو۔ اور کھرل میں پیسے جب خشک ہو جاوے ان سب ادویات کو شیشہ کے برتن میں زعفران سے لکھ کر اور آب کانون ثانی سے دھو کر پھر سب کو ان پانی میں پیس کر پانچویں بار خشک کرے جب خشک ہو جاوے ہر مرض چشم کے لئے اس کو استعمال کرے۔ فَلَمَّا دَخَلُوا عَلَىٰ يُوسُفَ آوَىٰ إِلَيْهِ أَبَوَيْهِ سے الْحَكِيمُ تک (ماہ ہری نفی

ع ۵) خاصیت اگر کوئی شخص ظلماً قید ہو گیا ہو ان آیتوں کو لکھ داہنے بازو پر باندھے اور کثرت سے پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ رہائی پاوے سورۃ الرعد۔ (ما ابریٔ نفسی) خاصیت اسکو کسی نئی ٹھیکری پر شب تاریک میں جس میں رعد و برق ہو لکھ کر آب باران سے دھو کر شب تاریک میں اس پانی کو حاکم ظالم کے دروازے پر چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ باہی رفعہ معزول ہو جاوے گا۔ امام رح کا قول ہے کہ جو شخص اس کو عشاء کے بعد اندھیری رات میں آگ کی روشنی میں لکھ کر اسی وقت بادشاہ ظالم یا حاکم ظالم کے دروازہ پر ڈال آوے اس کی رعایا اور لشکر اس سے برگشتہ ہو جاویں اور کوئی اس کا کہنا نہ مانے اور اس کا دل خوب تنگ ہو۔ آیۃ الٓمّٓرٰ سے یَتَفَكَّرُوْنَ تک (۱۰ ابریٔ نفسی ع ۷) خاصیت باغات و مکانات و املاک و دوکانات کی آبادی اور تجارت کی ترقی کے لئے اس آیۃ کو زیتون کے چار پتوں پر لکھ کر مکان یا دکان یا باغ کے چاروں گوشوں میں دفن کر دے بہت ترقی و آبادی ہو۔ آیۃ اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ سے الْمُتَعَالِ تک (۱۳ ابریٔ ع ۲) خاصیت جو شخص کسی پوشیدہ امر کا دریافت کرنا چاہے مثلاً حاملہ کے شکم میں کیا ہے یا دفینہ کہاں ہے یا کوئی چیز دفن کر کے بھول گیا اس کا موقع دریافت کرنا ہے یا غائب کب تک آ جاوے گا یا مریض کب تک شفا پاوے گا وضو کر کے عطر لگاوے اور دوشنبہ کے روز روزہ رکھے اور شب کو باوضو سو رہے اور صبح منگل کے روز قبل طلوع آفتاب ان آیتوں کو ایک سبز کپڑے پر زعفران اور گلاب خالص سے لکھے پھر اس کپڑے کو عود و عنبر سے دھونی دیکر اس کو ایک ڈبہ کے اندر رکھ کر اس کو بند کر دے اس طرح کہ نہ کوئی آدمی اسکو دیکھے اور نہ چاند و سورج کا سامنا ہو جب بدھ کی رات ہو تو عشاء کی نماز پڑھ کر اس ڈبہ کو ہاتھ میں لیکر یوں کہے يَا عَالِمَ الْخَفِيَّاتِ فِي الْأُمُوْرِ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَطْلِعْنِيْ عَلٰى كُلِّ مَا اُرِيْدُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پھر ذکر اللہ کرتا ہوا سو جاوے خواب میں کوئی شخص امر مقصود بتلا جاوے گا اگر اس شب کو نظر نہ آوے تو جمعرات کو روزہ رکھ کر شب جمعہ میں اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کوئی نہ کوئی خواب میں اس کو خبر دے گا آیۃ وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ سے وَبِئْسَ الْمِهَادُ تک (۱۳ ابریٔ ع ۸) اَلَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ سے سُوْٓءُ الدَّارِ تک (۱۳ ابریٔ ۹۲) خاصیت جو شخص اپنے دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو مہینہ کی ۲۸ تاریخ کو روزہ رکھے اگر اتفاق سے ہفتہ کا دن پڑ جاوے تو بہت خوب ہے پھر جو کی روٹی پر افطار کرے پھر آدھی رات کے وقت اٹھ کر جنگل میں

ف ۱ رہائی قیدی

ف ۲ معزولی حاکم ظالم و پریشانی حکومت

ف ۳ آبادی و ترقی املاک و باغات و دکانات

ف ۴ دریافت کردن امور پوشیدہ و حالات غائب و مریض

ف ۵ ہلاکت دشمن

جاکر یا خالی گھر کی چھت پر جاکر کندر اور سندروس کی دھونی سلگا کر یہ دونوں آیتیں سات مرتبہ پڑھے اور اس کی ہلاکت کے لئے بد دعا کرے مگر حد شرعی سے تجاوز نہ کرے یعنی جس قدر نقصان پہنچایا ہو اس کو شرعاً جائز ہو اس سے زیادہ بد دعا نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ ذلیل وخوار ہوگا سورۃ ابراھیم عَلَیْہِ السَّلَام (وما ابرئ) خاصیت ۱ سفید حریر کے ٹکڑے پر اس کو باوضو لکھ کر لڑکے کے باندھ دے تو رونا اور ڈرنا اور نظر بد سب دفع ہو جائے اور دودھ چھوڑنا آسان ہو۔ آیہ وَمَا لَنَا اَنْ لَّا نَتَوَکَّلَ عَلَی اللّٰہِ سے الْمُتَوَکِّلُوْنَ تک (وما ابرئ ع ۱۴) خاصیت ۲ جس کے ہاتھ پیروں میں درد ہو یا اس کو نظر ہو اس کو لکھ کر تعویذ بنا کر باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جاوے گا دیگر ۳ جس کو کسی آدمی یا جن کی نظر کی نظر ہو تو ایک گھڑا کنوئیں سے بھر کر یہ آیت پڑھ کر اس پر دم کر دے اور جس کو نظر لگی ہو اس کو شب کے وقت چوراہہ پر لیجا کر اس پانی سے غسل کرا دے تین شب تک اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد جاتی رہے دیگر ۴ پسوؤں کے دفع کرنے کے لئے پانی پر سات مرتبہ اس آیۃ کو پڑھے اور سات مرتبہ یوں کہے کہ اے پسوؤ اگر تم اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہو تو ہم کو مت ستاؤ اور خواب گاہ کے گرداگرد اس پانی کو چھڑک دے رات بھر محفوظ رہے گا۔ آیۃ وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِرُسُلِھِمْ سے غَلِیْظٌ تک (وما ابرئ ع ۱۵) خاصیت ۵ جس کے کھیت میں کیڑا یا ٹڈی یا چور لگ گیا ہو تو زیتون کے چار تختوں پر سیاہی سے ان آیتوں کو بدھ کی صبح کیوقت قبل طلوع آفتاب لکھ کر ایک ایک گوشہ میں ایک ایک تختی گاڑ دے اور گاڑتے وقت ان آیتوں کو تین بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سب موذی جانور دفع ہو جاویں آیۃ وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیْثَۃٍ سے قَرَار تک (وما ابرئ ع ۱۶) خاصیت ۶ ظالم کی خانہ ویرانی اور تباہی کے لئے بدھ کے رانگ کی ایک تختی مربع قبل طلوع آفتاب تیار کرکے اس کو سایہ میں خشک کرے پھر اگلے بدھ کو اس پر آیت چوب برنوف کے قلم سے لکھے پھر اس تختی کو باریک پیس کر ظالم کے گھر یا کھیت یا باغ میں چھڑک دے اور اگر ہفتہ کے روز پہلے مدوّع جمعہ کو ہول ماہ میں لکھ کر چمڑا اس کے پینے کے پانی میں ڈال دے وہ بیمار ہو جاوے اور ہلاک ہو جاوے لیکن یہ مکرر یاد دلایا جاتا ہے کہ سزائے شرعی سے تجاوز جائز نہیں آیۃ اَللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ سے کَفَّارٌ تک (وما ابرئ ع ۱۷) خاصیت جو شخص اس کو صبح وشام اور سونے کے وقت یا کہیں جانے کیوقت پڑھے تمام آفات بحری وبری سے محفوظ رہے اور مال کھیت ومواشی وغیرہ میں برکت ہو

سورۃ الحجر (پارہ ربما) خاصیت ۱ جو شخص اس کو زعفران سے لکھ کر کسی عورت کو پلاوے اس کا دودھ بڑھ جاوے۔ دیگر ۲ اور جو اس کو لکھ کر جیب میں رکھے اس کی کمائی میں برکت ہو اور معاملات میں کوئی شخص اس کی مرضی سے عدول اور خلاف نہ کرے۔ آیۃ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ (پارہ ربما ع۱) خاصیت ۳ چاندی کی لوح پر تحریر اس کو لکھ کر شب جمعہ کو یہ آیت چالیس بار اس پر پڑھے پھر اس کو نگین انگشتری کے نیچے رکھ کر وہ انگشتری پہن لے اس کا مال و جان اور سب حالات حفاظت سے رہیں۔ اور اگر اس انگشتری سے موم خام پر نقش کر کے جس درد کو چاہے دیجاوے وہ اچھا ہو جاوے۔ آیۃ وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا ۔۔۔ رَّجِیْمٍ (ربما ع۲) خاصیت ۴ نگین پر کندہ کر کے یا ہرن کی جھلی پر لکھ کر پہننے سے جاہ و قبول عام کے لئے از بس مؤثر ہے۔ آیۃ وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا ۔۔۔ بِرٰزِقِیْنَ تک (ربما ع۲) خاصیت ۵ جو شخص برکت اور وسعت اسباب اور کھیت کی شادابی چاہے اس آیت کو لکڑی کے تختہ پر لکھ کر اپنی دکان میں میخ سے لگا دے اور باغ یا کھیت میں دفن کر دے مراد حاصل ہو۔ سُورۃ النحل (ربما) خاصیت ۶ اس کو لکھ کر کسی باغ میں رکھ دے تمام درختوں کا پھل جاتا رہے اور کسی مجمع میں رکھدے سب پراگندہ اور تباہ ہو جاویں اس وجہ سے بجز ظالم کے دوسرے کے لئے کرنا جائز نہیں اور اس میں حد شرعی کی رعایت واجب ہے۔ سُورۃ بنی اسرائیل (پارہ سبحان الذی) خاصیت ۷ حریر سفید کے ٹکڑے پر لکھ کر کمان پر لپیٹ کر تیر پھینکے تو کوئی تیر خطا نہ کرے دیگر ۸ اور اگر زعفران سے لکھ کر پانی سے دھو کر لڑکی کو پلا دے جس کی زبان نہ چلتی ہو تو زبان چلنے لگے۔ آیۃ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَیْنَكَ ۔۔۔ نُفُوْرًا تک (سبحان الذی ع۴) خاصیت ۹ کسی خوف زدہ پر جو خیالات فاسدہ میں گرفتار ہو پڑھ کر دم کر دیا جاوے تو اس کا خوف زائل ہو جاوے دیگر ۱۰ کوئی بھوت پلید کسی کے سر ہو گیا ہو تو نیلے پشمینہ پر یا کاغذ پر لکھ کر اس کے بازو پر باندھ دیجاوے وہ دفع ہو جاوے۔ آیۃ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ سے خَسَارًا تک (سبحان الذی ع۹) خاصیت ۱۱ یہ آیت منجملہ آیت شفا کے ہے ان کو پڑھ کر مریض پر دم کرنا یا لکھ کر پلانا ہر مرض کے لئے نافع ہے۔ آیۃ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا سے تَنْزِیْلًا تک (سبحان الذی ع۱۲) خاصیت ۱۲ جو شخص غم و الم و تنگی دل اور خواب پریشان اور وساوس و خیالات فاسدہ میں مبتلا ہو وہ شخص دس روزے متواتر رکھے اور کچھ متفرق رکھے اور اپنی دستکاری کی حلال روزی سے افطار کرے اور عشاء کے بعد ایک صراحی میں

عمل ۱ زیادتی دودھ
عمل ۲ برکت معاش و معاملات
عمل ۳ حفاظت و شفاء درد
عمل ۴ جاہ و قبول عام
عمل ۵ برکت و سعت اسباب و باغ
عمل ۶ تباہی باغ و مجمع ظالمان
عمل ۷ نشانہ تیر خطا نہ کرنا
عمل ۸ شفاء لکنت زبان
عمل ۹ زوال خوف
عمل ۱۰ دفع آسیب
عمل ۱۲ دفع امراض

پانی کے کر یہ آیت اس پر دس بار پڑھ کر پی کر سو رہا کرے پھر خواب سے بیدار ہو کر تین گھونٹ پیوے اور پھر دس بار یہ آیت پڑھے اسی طرح چار مرتبہ کرے پھر بقیہ کو سحر کیوقت پیوے اور ایک بار اس کی آیت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ سب شکایتیں دفع ہو جائیں گی۔ سورۃ الکہف (سبحان الذی) خاصیت اس کو لکھ کر ایک بوتل میں رکھ کر گھر میں رکھنے سے محتاجی اور قرضہ سے بیخوف رہے اور اس کے گھر والوں کو کوئی آزار نہ دے سکے اور جو اناج کی کوٹھی میں رکھدے سب خطروں سے محفوظ رہے۔ ایۃ وَیُنْذِرَ الَّذِیْنَ سے جُرُزًا تک (سبحان الذی ع ۱) خاصیت دشمن ظالم کی تباہی اور خرابی کے لئے محرم کے اول سنیچر کے روز آفتاب نکلنے کے قبل سات جگہوں سے ایک ایک مٹھی خاک لے مسجد غیر آباد۔ بقعہ غیر آباد۔ مکان خالی۔ حمام غیر آباد۔ پڑاوا غیر آباد۔ جس مکان میں جنازہ ہو۔ چورلسہ۔ اور ہر مٹھی پر سات سات مرتبہ یہ آیتیں پڑھے اور اپنے مطلب کا تصور رکھے پھر سب خاکیں ملا کر اس کے گھر یا باغ یا شہر میں ڈالدے سات ہفتہ تک اسی طرح کرے اذن شرعی کی یہاں بھی حاجت ہی ایۃ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَیْنِ سے نَهَرًا تک (سبحان الذی - ع ۱۷) خاصیت جو شخص یہ آیتیں جمعہ کے روز چوتھی ساعت میں مٹی کی بارہ ٹھیکریوں پر تانبے کے قلم سے لکھ کر برگ صفصاف اور تخم بکائن کی دھونی دیکر وہ ٹھیکریاں کنوئیں میں ڈالدے جس درخت کو اس کا پانی دیا جائیگا خیر و برکت زیادہ ہوگی اور پھل عمدہ آوے گا۔ ایۃ قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ سے اَحَدًا تک (سبحان الذی ع ۲) خاصیت جو شخص دشمن موذی کو تباہ کرنا چاہے پنجشنبہ اور جمعہ کو روزہ رکھے جب شنبہ کی شب نصف ہو ایک پرانی کنگھی پر جو گھوڑے پر سے اٹھائی گئی ہو اس آیت کو لکھے اور کسی راہب کے کرتہ کے کپڑے میں لپیٹ کر اس شخص کے رہنے کی جگہ دفن کرے۔ سورۃ مریم علی نبینا و علیہ السلام (پارہ قال الم اقل لک) خاصیت اس کو لکھ کر شیشہ کے گلاس میں رکھ کر اپنے گھر میں رکھنے سے خیر و برکت زیادہ ہو اور خوشی کے خواب نظر آویں اور جو شخص اس کے پاس سووے وہ بھی اچھے خواب دیکھے اور جو لکھ کر مکان کی دیوار میں لگاوے سب آفات سے حفاظت رہے اور جو خوف زدہ پی لیوے تو خوف جاتا رہے ایۃ وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ سے یُبْعَثُ حَیًّا تک (قال الم اقل لک - ع ۲) خاصیت جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو میاں بیوی جمعہ کے روز روزہ رکھیں اور شکر اور بادام اور روٹی سے روزہ افطار کریں اور پانی بالکل نہ پیویں اور یہ آیتیں شیشہ کے جام پر شہد سے جبکو

آگ نہ پہنچی ہو لکھ کر آب شیریں پاک سے دھو کر سفید نخود دو سو چوبیس دانہ لیکر اور ہر دانہ پر یہ آیتیں پڑھ کر اس پانی کو ہنڈیا میں ڈالکر وہ نخود اس میں ڈالدیں اور خوب تیز آنچ کردیں پھر عشاء کی نماز پڑھ کر سورہ مریم پڑھے جب نخود خوب پک جاویں پانی سے نکال لیں اور اس میں تھوڑا آب انگور اضافہ کرکے آدھا آدھا دونوں میاں بی بی پیویں اور تھوڑی دیر سوئیں پھر اٹھکر مباشرت کریں انشاء اللہ تعالیٰ اسی روز حمل رہجاویگا اور اگر تین شب تک اسی طرح غذا کھانے سے پہلے اسی طرح کریں تو اولاد بہت اچھی ہو۔ ایۃ وَهُزِّيٓ إِلَيْكِ سے اِنْسِيًّا تک (الم اقل لک ع ۵) خاصیت۔ درخت خرما کو جلدی اور عمدہ پھل آنے کے لئے اور اسکو ہر آفت سے محفوظ رکھنے کے لئے کھجور کے تین پٹھے مختلف رنگ کے زرد و سبز و سرخ لیکر نئی قلم سے ان پر یہ آیتیں لکھ کر ایک ایک پٹھا اس کی ایک ایک شاخ میں باندھ دے خوب پھل آوے۔ ایۃ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِدْرِيسَ سے عَلِيًّا تک (قال الم اقل لکم ع ۷) خاصیت رتبہ اور شان بڑھنے کے لئے حریر زرد کے ٹکڑے پر زعفران سے جو شہد میں حل کیا ہو لکھ کر تعویذ بنالیں اور موم کو کندر میں گوندھ کر اس سے تعویذ کو دھونی دیں اور باندھ لیں ہر جگہ عزت و آبرو ہو۔ سورہ طٰہٰ (قال الم اقل لک) خاصیت اس کو لکھ کر حریر کے سبز کپڑے میں لپیٹ کر پاس رکھے اگر نکاح کا پیغام بھیجے کامیابی ہو اگر دو شخصوں میں یا دو لشکر میں صلح کرانا چاہے انکار نہ کریں اگر اسکو پی لے تو بادشاہ سے مطلب حاصل ہو اور جس عورت کی شادی نہ ہوتی ہو اسکو اس کے پانی سے غسل دیں تو نکاح آسان ہو ایۃ طٰہٰ سے لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ تک (قال الم اقل لک ع ۱۰) خاصیت سنگ مرمر یا چینی یا بلور کے برتن میں مشک و کافور و گلاب سے لکھ کر روغن بان سے دھو کر اس میں تھوڑا عنبر و کافور اضافہ کرکے خوشبودار بنالیں پیشانی اور آبرو کا پر ملکر جس کے سامنے جائیگا ہوگا اسکی عزت و آبرو کرے گا۔ ایۃ يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْجِبَالِ سے هَمْسًا تک (قال الم اقل لک ع ۱۵) خاصیت دنبل اور زخموں کے لئے اور جو پھوڑا پھنسی وغیرہ بدن میں ہو جاوے اسکو ایک پاک برتن میں فارسی سیاہی سے لکھ کر روغن بنفشہ سے دھو کر اس جگہ ملے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہو۔ ایۃ وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ سے لِلتَّقْوَىٰ تک (قال الم اقل لک ع ۱۷) خاصیت اس کو لکھ کر باندھے تو اگر بے شادی ہے شادی ہو جاوے نسیان ہو تو زائل ہو مریض ہے تو شفا ہو فقیر ہے تو تونگر ہو۔ سورۃ الانبیاء علیہم السلام (اقترب للناس) خاصیت جس کی

درخت خرما

زیادتی عزت

جاہ و قبول

دنبل و زخم

نیند بیماری یا کسی خوف وفکر کی وجہ سے جاتی رہی ہو یہ سورہ ہرن کی جھلی پر لکھ کر اس کی کمر پر باندھ
دیں خوب نیند آوے کہ بدون تعویذ کھولے آنکھ نہ کھلے - آیۃ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ
اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ سے الظّٰلِمِيْنَ تک (اقترب للناس ع ۲) خاصیت متکبر ظالم کے تباہ کرنے کے لئے
چار قبروں کی مٹی لے ایک مسلمان کی دوسری یہودی کی تیسری نصرانی کی چوتھی مجوسی کی اور ایک
کسی متکبر کی پرانی قبر کی اور ایک کسی ویران گھر کی اور ایک کسی وقف منہدم گھر کی یہ ساتوں مٹیاں
لے کر برتن پر یہ آیت سات سات بار پڑھ کر کسی مہینہ کی آخری بدھ میں وہ مٹیاں ملا کر اس شخص
کے گھر میں اوپر سے ڈالدے پھر تماشہ دیکھے آیۃ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا سے رٰجِعُوْنَ
تک (اقترب للناس ع ۶) خاصیت حفاظت حمل اور بچہ صحیح وسالم ہونے کے لئے یہ آیتیں لکھ کر
شروع حمل میں چالیس روز تک حاملہ عورت کے باندھ دیں پھر کھول کر نویں مہینے پھر باندھ
دیں پھر بعد پیدائش وہ تعویذ کھول کر بچہ کو باندھ دیں آیۃ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا سے يُؤْمِنُوْنَ
تک (اقترب للناس ع ۳) خاصیت جو عورت درد زہ میں مبتلا ہو اس کے شکم یا کمر پر اسکو دم کرکے یا لکھ
باندھ دے تو ولادت باسانی ہو - آیۃ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ سے تُوْعَدُوْنَ تک (اقترب
للناس ع ۷) خاصیت بخار اور تمام امراض اور دردوں کے لئے پاک برتن میں سیاہی سے
لکھ کر آب چاہ سے جس پر دھوپ نہ آتی ہو دھو کر تین گھونٹ مریض کو پلاوے اور درد کی شدت
کے وقت بقیہ اس کی کمر پر چھڑک دے تین دن اسی طرح کرے یا روغن بابونہ سے دھو کر درد کمر
اور زانو کے واسطے مالش کرے - سُوْرَۃُ الحج (پارہ اقترب للناس) خاصیت اس کو تمام وکمال
لکھ کر اگر ظالم کے جہاز میں ڈالدے تباہی میں مبتلا ہو اگر ظالم حاکم کے محل قیام میں ڈالدے وہاں
سے دفع ہو آیۃ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ سے الصُّدُوْرِ تک (اقترب للناس ع ۱۲) خاصیت
ظالم کی ہلاکی اور ویرانی کے لئے درخت عشار کے سات پتے اس طرح لے کہ ہفتہ سے شروع کرے
اور ایک پتہ ہر روز قبل طلوع آفتاب کے لیا کرے اور یہ آیت اس کے دونوں طرف لکھ کر
اس کو سایہ میں جہاں دھوپ نہ آتی ہو خشک کرے پھر سب پتوں کو باریک کوٹے اور کوٹتے وقت
اس شخص کا نام لیتا رہے اور اس کے گھر میں ڈالدے آیۃ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ سے عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ (اقترب للناس ع ۱۰)

سہ عشار پٹنگی وصول کرنے والے کو کہتے ہیں یعنی ایسے شخص کا کوئی درخت ہو اس کے پتے لیکر عمل کرے ۱۲

خاصیت ۱ یہ بھی اسی مطلب کے لئے ہے درخت خرنوب کی لکڑی خراد کی ہوئی لے اور ہفتہ کے روز پانی میں قدرے شکر گھول کر اس پانی سے یہ آیت اس لکڑی پر قبل طلوع آفتاب لکھے اور ویران کنوئیں کے پانی سے جس کا کوئی مالک معروف نہ ہو لکھ کر اس کی نشست کی جگہ ڈال دے۔

سورۃ المؤمنین (پارہ قد افلح) خاصیت ۲ سفید کپڑے پر شب کو لکھ کر شرابی کو پلانے سے شراب کی عادت چھوٹ جاوے آیۃ وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ سے الْخٰلِقِیْنَ تک (قد افلح ع ۱) خاصیت ۳ عورت کے حاملہ ہونے کیواسطے یہ آیتیں ریحان اترجی کے سات پتوں پر لکھ کر عورت ان کو ایک ایک پتہ کر کے نگل جاوے اور ہر پتہ پر زرد رنگ کی گائے کا دودھ ایک ایک گھونٹ پی جاوے انشاء اللہ تعالیٰ اسکو حمل قرار پاوے گا ۴ دیگر لوگوں کی نظر میں مقبول ہونے کے لئے باریک کپڑے پر جو آب توت میں غوطہ دیا ہوا ہو لکھ کر عمامہ کے نیچے اور اگر عورت ہو تو عصابہ کے نیچے رکھ لے۔ آیۃ فَاِذَا اسْتَوَیْتَ اَنْتَ سے الْمُنْزِلِیْنَ تک (قد افلح ع ۲) خاصیت ۵ اسکو پڑھنے سے کشتی سب آفات سے محفوظ رہتی ہے اور نیز گھر میں پڑھنے سے چور اور دشمن اور جن وغیرہ سے حفاظت رہتی ہے آیۃ اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ سے آخر سورہ تک (قد افلح ع ۶) خاصیت ۶ آسیب زدہ کے کان میں پڑھ کر پھونکنے سے آسیب دفع ہو جاتا ہے سورۃ النور۔ (پارہ قد افلح)

خاصیت ۷ اس کو لکھ کر پاس رکھنے سے احتلام سے محفوظ رہتا ہے اور اگر اس کو آب زمزم سے لکھکر پیوے تو شہوت جماع منقطع ہو جاوے آیۃ وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ سے حَلِیْمٌ تک (قد افلح ع ۸)

خاصیت ۸ بدگو اور بدزبان شاعر وغیرہ کی زبان بندی کے لئے ان آیتوں کو انگور سفید کے پانی پر پڑھکر اور اس میں قدرے شکر اضافہ کر کے اس کا حلوا بنا کر اس شخص کو کھلاوے پھر یہ آیتیں آتش نارسیدہ شہد سے مٹی کی ٹھیکری پر لکھ کر پانی ڈال کر اس بدگو کو پلایا جاوے۔ آیۃ اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ سے بِغَیْرِ حِسَابٍ تک (قد افلح ع ۱۰) خاصیت ۹ قبول عام کے لئے غسل کر کے جمعرات وجمعہ کا روزہ رکھے اور جمعہ کے روز عصر کے قبل روبہ قبلہ بیٹھ کر اول سورہ یسین پڑھے پھر یہ آیتیں ہرن کی جھلی پر دیندار عالم کی دوات کی سیاہی سے لکھ کر اس کو لپیٹ کر عصر کی نماز پڑھے اور تعویذ ہاتھ میں لیکر سورہ کہف پڑھے وہ تعویذ حفاظت سے اٹھا رکھے جو شخص وہ تعویذ اپنے پاس رکھے گا قبول عام اسکو حاصل ہوگا ۱۰ دیگر اور اگر آشوب چشم پر روزمرہ صبح کیوقت تین بار پڑھ کر دم کیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ آشوب

ف ۳ حمل قرار پانا
ف ۴ قبول عام
ف ۵ حفاظت کشتی وغیرہ از دزد و دشمن وغیرہ
ف ۶ دفع آسیب
ف ۷ حفاظت از احتلام
ف ۸ زبان بندی
ف ۹ قبول عام
ف ۱۰ آشوب چشم

چشم جاتا رہیگا۔ سورہ فرقان (پارہ قد افلح)، **خاصیت** اگر اس کو تین بار لکھ کر باندھے تو کوئی موذی
جانور اژدہا وغیرہ ایذا نہ پہنچاوے اور اگر شریر لوگوں کے درمیان جا پہنچے تو ان کا مجمع متفرق ہو جاوے
اور کوئی مشورہ ان کا درست نہ ہونے پاوے۔ سورۃ الشعراء۔ آیۃ وَاِنَّہٗ لَتَنْزِیْلُ رَبِّ
الْعٰلَمِیْنَ سے بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ تک (قال الذین ع ۱۵) **خاصیت** اگر کسی جگہ دفینہ کا شبہ ہو اور
اس کا دریافت کرنا منظور ہو ایک مرغ سفید نیگوں چشم یا تاجدار لیکر یہ آیتیں ایک کاغذ پر لکھ
نابالغ دختر کے ہاتھ کے کاتے ہوئے سوت کے کپڑے میں سی کر اس مرغ کے بازو پر باندھ دے
اتوار کے دن زوال آفتاب کے وقت شبہ کی جگہ چھوڑ دے دفینہ کی جگہ جا کھڑا ہوگا اور پنجوں اور
منقار سے کریدنا شروع کریگا۔ سورۃ النمل۔ (پارہ قال الذین) **خاصیت** جو شخص اسکو ہرن
کی جھلی پر لکھ کر مدبوغ چمڑے میں رکھ کر اپنے پاس رکھے کوئی نعمت اسکی قطع ہو اور اگر صندوق
میں رکھدے تو اس گھر سانپ بچھو خفاش درندہ اور کوئی موذی جانور نہ آوے۔ آیۃ وَاِنَّ رَبَّکَ
لَیَعْلَمُ مَا تُکِنُّ صُدُوْرُھُمْ سے فَھُمْ مُّسْلِمُوْنَ تک (امن خلق ع ۲) **خاصیت** اگر اسکو سانپ
کی جلد پر آب باران وزعفران وگلاب سے لکھ کر سوتے ہوئے آدمی کے سینہ پر رکھدے تو وہ سب
اپنا کیا کرایا ظاہر کردے مگر جس راز تجس حرام ہو اس کے لئے یہ عمل کرنا حرام ہوگا ایسے کام کرنے سے
پہلے کسی عالم سے فتوی دریافت کرنا واجب ہے۔ آیۃ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ سَیُرِیْکُمْ سے آخر سورہ
تک (امن خلق ع ۳) **خاصیت** کھرے کھوٹے روپے جدا ہو جانے کے لیئے اس آیت کو پڑھ کر
روپیوں کو الٹ پلٹ کرے کھرے کھوٹے الگ نکل آویں گے ایسے ہی ہر چیز میں بھلا برا دریافت
کرنے کے لئے۔ سورۃ القصص (امن خلق)، **خاصیت** اس کو لکھ کر اپنے غلام کے باندھ دے
تو اس سے خیانت اور بدکاری اور بھاگنے کی عادت دفع ہو جاوے دیگر اگر مریض شکم وطحال اور
درد جگر کے باندھ دے تو یہ امراض جاتے رہیں۔ آیۃ وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْیَنَ سے ظّٰلِمِیْنَ تک (امن خلق ع)
خاصیت اس کو بکثرت پڑھنے سے ظالموں کے شر سے محفوظ رہے۔ آیۃ وَلَقَدْ وَصَّلْنَا
لَھُمُ الْقَوْلَ سے الْجٰھِلِیْنَ تک (امن خلق ع ۹) **خاصیت** قوت حافظہ وذہن وفہم وعلم
کے لئے مہینہ کی اول جمعرات جمعہ ہفتہ کو روزہ رکھے اور یہ آیتیں شیشہ کے برتن میں رات کو
لکھ کر آب نہر جاری سے دھو کر قبل طلوع اس شخص کو پلایا جاوے۔

آیۃ سُبْحَانَ اللّٰہِ وَتَعَالٰی عَمَّا یُشْرِکُوْنَ سے یَرْجِعُوْنَ تک (امن خلق ع ۱۰) خاصیت اگرکسی
کی جھوٹی گواہی یا حاکم کے غلط فیصلے اور ظلم سے اندیشہ ہو تو پیشی مقدمہ کے وقت یہ آیتیں سات مرتبہ
پڑھے اور بار یہ کہے وَاللّٰہُ غَالِبٌ عَلٰٓی اَمْرِہٖ انشاء اللہ تعالیٰ سب شروں سے محفوظ رہیگا۔ سورۃ عنکبوت
(امن خلق) خاصیت چوتھیہ کے واسطے اسکو لکھ کر پانی سے دھوکر پیوے دیگر دفع غم وکسل اور حصول
سرور و شرح صدر کے لئے بھی مفید ہے۔ سورۃ الروم (پارہ اتل) خاصیت ظالم کے بیمار کرنے
کے واسطے اس کو لکھ کر آب باراں اس میں ملا کر مٹی کے برتن میں رکھ چھوڑے اور اسکو پلاوے۔ آیۃ
کَذٰلِکَ یَطْبَعُ اللّٰہُ سے آخر تک (پارہ اتل ع ۹) خاصیت دشمن ظالم پر دہشت وحیرت غالب
کرنے کے لئے اسکے کپڑے پر یہ آیتیں اپنے پاس رکھے مگر بلا طریق شروع اس کا کپڑا لینا جائز نہیں
بلکہ ایسی تدبیر کرے کہ وہ شخص کسی کو اپنا کپڑا دیدے اور وہ تم کو خوشی سے دیدے یا کسی طرح خرید لیا جاوے
سورۃ لقمٰن (پارہ اتل) خاصیت اس کو لکھ کر پینے سے پیٹ کی بیماریاں اور بخار تپ چوتھیہ
جاتا رہے اور اس کو پڑھنے سے غرق سے مامون رہے آیۃ اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْکَ تَجْرِیْ سے شَکُوْرٍ
تک (اتل ما اوحی ع ۱۲) خاصیت طوفان دریا کے واسطے سات پرچوں پر لکھ کر دریا میں جانب
مشرق میں یکے بعد دیگرے ایک ایک ڈالدیا جاوے۔ سورۃ الٓمٓ السجدۃ (اتل ما اوحی) خاصیت
بخار اور دردسر تمام یا نصف اور مرگی کے لئے لکھ کر باندھا جائے آیۃ اَلَّذِیْٓ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَہٗ
سے تَشْکُرُوْنَ تک (اتل ما اوحی ع ۱۴) خاصیت جب بچہ کو پیدا ہوئے سترہ دن گذر جائیں ان کو شیشہ
کے برتن میں لکھ کر آب باران سے دھوکر دو حصہ کرے ایک حصہ اس بچہ کو کھانے کی چیز میں ملاوے
اور ایک حصہ بوتل میں رکھ چھوڑے اور سات روز تک اس میں بچہ کو پلادیں اور اس کے منہ کو ملیں
انشاء اللہ تعالیٰ خوب نشو و نما ہو۔ سورۃ الاحزاب (اتل ما اوحی) خاصیت لڑکیوں کے پیغام
بکثرت آنے کے لئے اس کو ہرن کی جھلی یا کاغذ پر لکھ کر ایک ڈبہ میں بند کرکے گھر میں رکھدے
آیۃ یٰٓاَیُّہَا النَّبِیُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ سے وَکِیْلًا تک (ومن یقنت ع ۳) خاصیت روغن چنبیلی
میں مشک و زعفران حل کرکے بعد نماز صبح ان آیات کو سات روز اس پر دم کرکے شیشی میں رکھ چھوڑے اور دو
اور رخساروں کو لگا کر جس کے روبرو ہو جاوے وہ اس کی عزت کرے اور سب پر اس کی ہیبت ہو
آیۃ لَئِنْ لَّمْ یَنْتَہِ الْمُنٰفِقُوْنَ سے الرَّسُوْلَا تک (ومن یقنت ع ۵) خاصیت جو ظالم کسی طرح

ف ۱ کامیابی مقدمہ
ف ۲ تپ چوتھیہ وغم وکسل
ف ۳ بیمار کردن ظالم
ف ۴ انطفائے دہشت ظالم
ف ۵ دفع امراض شکم و بخار
ف ۶ ایمنی سمندر از غرق / تسکین طوفان دریا
ف ۷ بخار و دردسر نصف وغیرہ و صرع
ف ۸ نشو و نمائے بچہ
ف ۹ کثرت پیغام نکاح دختران
ف ۱۰ جاہ و ہیبت
ف ۱۱ خانہ ویرانی دشمن

فہمائش سے باز نہ آوے ایک کنواں تلاش کرو جس کا سوت مشرق کی جانب ہو اور بقدر ایک پیالہ کے اس کا پانی لیکر ان آیات کو ایک برجہ پر لکھ کر اس پانی سے دھو کر اس کے گھر میں چھڑک دو سورۃ السبا (ومن یقنت) خاصیت ۲ کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے تمام موذیات و آفات سے مامون رہے اور یرقان کیواسطے پلانا اور منہ پر پانی چھڑکنا مفید ہے۔ سورۃ الفاطر (پارہ ومن یقنت) خاصیت ۳ لکھ کر جانور کے گلے میں باندھنے سے ہر آفت سے محفوظ رہے آیۃ اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ سے شَكُوْرٌ تک (ومن یقنت ع ۱۷) خاصیت ۴ برکت تجارت کے لئے سوتی کپڑے کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر اپنے مال و متاع میں رکھدے۔ سورۃ یٰسٓ (ومن یقنت) خاصیت ۵ اس کے عجیب و غریب خواص ہیں منجملہ ان کے یہ ہے کہ اس کو سات روز تک زعفران و گلاب سے لکھ کر روزانہ پیوے تو جو سنے اسکو یاد رہے جس سے گفتگو کرے اس پر غالب رہے ف ۵ دیگر لکھ کر پلانے سے دودھ پلانے والی عورت کا دودھ بڑھ جاوے ف ۶ دیگر لکھ کر پاس رکھنے سے نظر بد اور سب بیماری اور درد سے حفاظت رہے۔ آیۃ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ سے لَا يُبْصِرُوْنَ تک (ومن یقنت ع ۱۸) خاصیت اگر ڈھال پر لکھ کر اعدائے دین کا مقابلہ کرے تو غالب آوے دیگر بستر پر لیٹ کر پڑھے سے چور اور مفسد سے محفوظ رہے دیگر اگر دو شخص جھگڑا کرتے ہوں اسوقت پڑھ دینے سے جو ناحق پر ہے وہ رہندا اور مغلوب ہو جائے۔ سورۃ الصّٰفّٰت (ومالی لا اعبد) خاصیت اول سے ثاقب تک آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کرنا نافع ہے سورۃ صٓ۔ آیۃ اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ سے شَرَابٌ تک (ومالی ع ۱۱) خاصیت ۹ کنواں کھودنے یا چشمہ نکالنے میں اس کو بکثرت پڑھنے سے پانی عمدہ و بکثرت نکلے گا۔ سورۃ زمر (ومالی) خاصیت اس کو لکھ کر پاس رکھنے سے خلق کی نظروں میں محبوب و مقبول ہو۔ سورۃ مؤمن۔ آیۃ فَسَتَذْكُرُوْنَ سے بِالْعِبَادِ تک (فمن اظلم ع ۱۰) خاصیت ظالم کے سامنے پڑھنے سے اس کے ضرر سے محفوظ رہے۔ سورۃ حٰمٓ السجدۃ (فمن اظلم) خاصیت ۱۰ اس کو لکھ کر آب باران سے دھو کر اس میں سرمہ پیس کر لگانے سے یا خود اس پانی سے آنکھ دھونے سے سفیدی اور آشوب اور ناخنہ وغیرہ سے نفع ہوتا ہے۔ سورۃ شوریٰ (الیہ یرد) خاصیت ۱۱ لکھ کر پاس رکھنے سے لوگوں کے شر سے محفوظ رہے سورۃ الزخرف (الیہ یرد) خاصیت ۱۲ لکھ کر آب باران سے دھو کر پلانے سے کھانسی کو نفع ہوتا ہے۔

ف ۲ حفاظت جانور
ف ۳ برکت تجارت
ف ۴ قوت حافظہ
ف ۵ کثرت شیر زنان
ف ۹ حفظ از ضرر ظالم
ف ۱۱ دفع کھانسی

سورۃ دُخان (الیہ یرد) خاصیت لکھ کر پینے سے پچش دفع ہوتی ہے۔ سورۃ جاثیہ (الیہ یرد) خاصیت پیدائش بچہ کے وقت اس کو لکھ کر اس کے باندھنے سے تمام آسیب و موذی جانور سے محفوظ رہے گا۔ سورۃ احقاف (پارہ حم) خاصیت لکھ کر تعویذ بنا کر رکھنے سے تمام جن وانس کے شر سے محفوظ رہے گا۔ سورۃ محمد صلے اللہ علیہ وسلم (پارہ حم) خاصیت لکھ کر آب زمزم سے دھو کر پینے سے لوگوں کی نظر میں محبوب ہو جاوے دیگر جو سن لے یاد رہے دیگر اس کے پانی سے غسل کرنا تمام امراض کا ازالہ کرتا ہے۔ سورۃ الفتح (پارہ حم) خاصیت رمضان شریف کے رویت ہلال کے وقت تین بار پڑھنے سے تمام سال روزی فراخ رہے دیگر لکھ قتال یا جدال کے وقت پاس رکھنے سے مامون رہے اور فتح میسر ہو دیگر کشتی میں سوار ہو کر پڑھنے سے غرق سے مامون رہے ایۃ انا فتحنا سے حکیما تک (پارہ حم ع ۹) خاصیت قبولیت علم کے لئے باوضو مشک وگلاب وزعفران سے ہرن کی جھلی پر لکھ کر ٹوپی میں رکھ لے مگر پہنتے وقت بھی باوضو ہو۔ سورۃ الحجرات (پارہ حم) خاصیت اگر لکھ دیوار پر چسپاں کر دے تو آسیب آوے دیگر لکھ کر پلانے سے دودھ بڑھے اور حمل محفوظ رہے۔ سورۃ ق (پارہ حم) خاصیت جس گھر میں پڑھی جاوے اس کی دولت دائم رہے ایۃ ق سے الخروج تک (پارہ حم ع ۱۵) خاصیت درخت میں برکت وحفاظت کے لئے ربیع کا اول آب باران کسی نئے روغنی یا شیشہ کے برتن میں لیکر اور یہ آیتیں سات پرچوں پر زعفران وگلاب سے لکھ کر طلوع صبح صادق کے وقت اس پانی سے دھو کر اور دھوتے وقت بھی آیات کو سات مرتبہ پڑھ کر رات کیوقت جس درخت کی جڑ میں یا کھیت کے وسط میں وہ پانی چھڑکیں یا جو دانہ اس پانی میں تر کر کے بو دیں خوب نشوونما ہو اور سب آفات سے محفوظ رہے دیگر اور آب باراں سے ان آیات کو دھو کر پینے سے خوف اور ہول اور درد شکم دفع ہو دیگر جس لڑکے کے دانت نکلتے ہوں اس کو پلانے سے دانت بآسانی نکلیں۔ سورۃ الذاریات (قال فما خطبکم) خاصیت مریض کے پاس پڑھنے سے مرض میں تخفیف ہوتی ہے دیگر حاملہ کے باندھ دینے سے ولادت میں آسانی ہوتی ہے۔ سورۃ الطور (قال فما خطبکم) خاصیت اگر قیدی ہمیشہ اس کو پڑھا کرے جلدی رہائی پاوے دیگر اگر مسافر پڑھے راستہ میں ہر طرح کا امن رہے دیگر اگر پانی پڑھ کر بچھو پر چھڑک

دفع پیچش

حفاظت بچہ

حفاظت از شر

محبوبیت و قوت حافظہ و دفع امراض

فراخی روزی و فتح یابی

امن کشتی

قبولیت علم

حفاظت آسیب ترقی دودھ وحفاظت حمل

دوام دولت

برکت وحفاظت زراعت ودرخت

دفع خوف وہول و درد شکم

پیدائش دندان بآسانی

تخفیف مرض

سہولت ولادت

رہائی قیدی و امن راہ مسافر

دیا جاوے بچھو مر جاوے۔ سورۃ النجم (قال فما خطبکم) خاصیت ہرن کی جھلی پر لکھ کر باندھنے سے
سب پر غالب رہے۔ سورۃ القمر (قال فما خطبکم) خاصیت جمعہ کے روز قبل نماز لکھ کر
عمامہ کے اندر رکھنے سے وجاہت حاصل ہوتی ہے سورۃ الرحمٰن۔ آیۃ یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ
سے بِسُلْطٰنٍ تک (قال فما خطبکم ع ۱۲) خاصیت کوئی کتا بھونکتا ہو اس کو پڑھے تو وہ خاموش
ہو جاوے دیگر لکھ کر باندھنے سے آشوب چشم دفع ہو جاوے دیگر لکھ کر دھو کر پینے سے طحال دفع
ہو دیگر دیوار پر لکھ کر لگانے سے سانپ بچھو دفع ہوں۔ سورۃ الواقعۃ (قال فما خطبکم)
خاصیت لکھ کر باندھ دینے سے بچہ بآسانی پیدا ہو دیگر باوضو صبح و شام پڑھنے سے گرسنگی و تشنگی
دفع ہو۔ سورۃ الحدید۔ (قال فما خطبکم) خاصیت لکھ کر پاس رکھنے سے تیر و تیغ سے محفوظ رہے
دیگر بخار اور ورم کو بھی مفید ہے۔ سورۃ المجادلۃ (قد سمع اللہ) خاصیت مریض کے پاس پڑھنے
اسکو نیند اور سکون آوے دیگر اگر لکھ کر غلہ میں رکھے اس میں کوئی بگاڑ نہ ہو۔ سورۃ الحشر
آیۃ وَلَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے آخر تک (پارہ قد سمع ع ۶) خاصیت سفید جام پر لکھ کر آب باراں
سے دھو کر پینے سے ذکاوت و فطانت زیادہ ہو دیگر کسی قسم کا درد کسی عضو میں ہو باوضو اس پر پڑھنے
سے دفع ہو جاتا ہے۔ سورۃ الممتحنۃ (قد سمع اللہ) خاصیت لکھ کر تین روز متواتر پینے سے
مرض طحال دفع ہوتا ہے۔ سورۃ الصف آیۃ یُرِیْدُوْنَ لِیُطْفِئُوْا سے فَتْحٌ قَرِیْبٌ تک
(قد سمع اللہ ع ۹-۱۰) خاصیت حریر سفید کے کپڑے پر مشک خالص و زعفران اور آب نسرین
سقطر سے لکھ کر اندر کے کرتہ میں رکھے قبول عام اور ہیبت حاصل ہو۔ سورۃ الجمعۃ۔ آیۃ
ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ سے الْعَظِیْمِ تک (قد سمع اللہ) خاصیت صدف کے ٹکڑے پر جمعہ کے
روز لکھ کر مال یا خزینہ میں رکھنے سے برکت و حفاظت رہے۔ سورۃ المنافقون۔ (پارہ قد سمع اللہ)
خاصیت آشوب چشم اور ہر قسم کے درد اور دنبل پر دم کرنا نافع ہے آیۃ وَاِذَا رَاَیْتَهُمْ سے یُؤْفَکُوْنَ
تک (قد سمع اللہ ع ۱۳) خاصیت دشمن کی زبان بندی کے لئے پاک مٹی پر جس پر کوئی چلا نہ ہو پڑھ کر
تھوڑی مٹی اس کے منہ پر اس کی بے خبری میں ڈال دیجے۔ سورۃ التغابن (قد سمع اللہ) خاصیت
پڑھ کر کسی ظالم کے پاس چلا جاوے تو اس کے شر سے محفوظ رہے۔ سورۃ الطلاق آیۃ وَمَنْ قُدِرَ
عَلَیْهِ رِزْقُهٗ سے یُسْرًا تک (قد سمع اللہ ع ۱۱) خاصیت جس کی روزی تنگ ہو گناہ سے توبہ کر کے

اور نیک کاموں کا ارادہ کرے۔ اور شب جمعہ کی نصف کو اٹھ کر استغفار سو مرتبہ اور درود شریف سو مرتبہ اور یہ آیت سو مرتبہ پڑھ کر سو رہے خواب میں معلوم ہو جائے گا کہ کیا تدبیر کرے جو تنگی دفع ہو۔ سورۃ التحریم۔ (قد سمع اللہ) خاصیت مریض پر دم کرنے سے درد کو سکون اور مرگی والے کو افاقہ ہو۔ اور جس کو نیند نہ آتی ہو نیند آجاوے اور مدیون کا قرض ادا ہو۔ سورۃ الملک (تبارک الذی) خاصیت آشوب چشم پر تین روز تک روزانہ دم کرنے سے آرام ہو جاوے سورۃ ن (تبارک الذی) خاصیت نماز میں پڑھنے سے فقر و فاقہ دور ہو۔ سورۃ الحاقۃ (تبارک الذی) خاصیت حاملہ کے باندھنے سے بچہ ہر آفت سے محفوظ رہے دیگر اگر بچہ پیدا ہونے کے وقت اس کا پڑھا ہوا پانی منہ میں لگادیں تو اس کو ذکاوت حاصل ہو اور ہر مرض اور ہر آفت سے جس میں بچے مبتلا ہو جاتے ہیں محفوظ رہے دیگر اور اگر روغن زیتون پر پڑھ کر بچہ کو مل دیں تو بہت فائدہ بخشے اور سب حشرات اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے اور یہ تیل تمام جسمانی دردوں کو نافع ہے سورۃ المعارج (تبارک الذی) خاصیت سوتے وقت پڑھنے سے جنابت اور پریشان خواب سے محفوظ رہے۔ سورۃ نوح علی نبینا وعلیہ السلام (تبارک الذی) خاصیت ہر قسم کی حاجت روائی اور غم اور ہم کے دفع ہونے کے لئے نافع ہے سورۃ الجن (تبارک الذی) خاصیت اگر قیدی پڑھے بآسانی رہائی پاوے۔ سورۃ المزمل (تبارک الذی) خاصیت اس کو ہمیشہ پڑھنے سے رزق فراخ ہو۔ سورۃ المدثر۔ (تبارک الذی) خاصیت اس کو پڑھ کر اگر دعا قرآن حفظ ہونے کی کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ حفظ آسان ہو۔ سورۃ القیمۃ (تبارک الذی) خاصیت پاک پانی پر دم کر کے پینے سے قلب میں رقت اور خشوع پیدا ہو۔ سورۃ الدھر (تبارک الذی) خاصیت اسکو بکثرت پڑھے تو علم کی باتیں اس کی زبان پر جاری ہوں۔ سورۃ المرسلات (تبارک الذی) خاصیت اسکو لکھ کر باندھنے سے دنبل اچھے ہوتے ہیں۔ سورۃ النبأ (پارہ عم) خاصیت اسکو پڑھ کر یا باندھ کر حاکم کے پاس جانے سے اس کے شر سے محفوظ رہے۔ سورۃ النازعات (پارہ عم) خاصیت دشمن کے مواجہ پڑھنے سے اس کے ضرر سے محفوظ رہے۔ سورۃ عبس (پارہ عم) خاصیت لکھ کر پاس رکھنے سے راستے کے خطرات سے مامون رہے۔ سورۃ کورت (پارہ عم) خاصیت پڑھ کر آنکھ پر دم کرنے سے تقویت بصر ہو اور آشوب اور جالا دفع ہو۔ سورۃ انفطار (پارہ عم) خاصیت قیدی تو جلدی

سکون مرض و افاقہ مرگی و دفع بیخوابی و ادائے قرض
آشوب چشم
دفع فقر و فاقہ
حفاظت حمل و بچہ
تیل مفید بچہ و دفع حشرات
پریشان خواب
حاجت روائی و دفع ہم و غم
رہائی قید
وسعت رزق
حفظ قرآن
رقت قلب
علم
دفع دنبل
حفاظت از حاکم
دفع دشمن
حفاظت در راہ
تقویت بصر و دفع آشوب و جالا

رہائی ہو اور اگر بخار والا اس کے پانی سے غسل کرے بخار جاتا رہے ۔ سورۃ التطفیف (پارہ عم)
خاصیت کسی ذخیرہ کی ہوئی چیز پر پڑھ دے تو دیمک وغیرہ سے محفوظ رہے ۔ سورۃ الانشقاق
(پارہ عم) خاصیت کسی نیش زدہ پر دم کردے تو سکون ہو ۔ سورۃ البروج (عم) خاصیت
جس کا دودھ چھوڑانا منظور ہو لکھ کر اس کے باندھ دے بآسانی دودھ چھوڑ دے ۔ سورۃ الطارق
(پارہ عم) خاصیت دوا پر دم کرنے سے وہ دوا کچھ نقصان نہ کرے ۔ سورۃ الاعلیٰ (پارہ عم) خاصیت
کان میں جو دوی یعنی گونج پیدا ہو جاوے اس کے دم کرنے سے وہ زائل ہو جاوے اور بواسیر اس کے
پڑھنے سے اچھی ہو جاوے دیگر شروع مہینہ حمل میں اگر عورت کی داہنی پسلی پر یہ سورت لکھ دے
تو انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نرینہ پیدا ہو ۔ سورۃ الغاشیۃ (پارہ عم) خاصیت کھانے پر دم
کرنے سے اس کے ضرر سے محفوظ رہے اور درد پر پڑھنے سے سکون ہو ۔ سورۃ الفجر ۔ پارہ عم)
خاصیت وسط شب میں پڑھ کر جماع کرنے سے نیک بخت اولاد پیدا ہو ۔ سورۃ البلد (پارہ عم)
خاصیت ولادت کے وقت لکھ کر بچہ کے باندھ دینے سے سب موذی جانور اور بچپس سے محفوظ رہے
سورۃ الشمس (پارہ عم) خاصیت مرگی والے اور بیہوشی والے کے کان میں پڑھنا مفید ہے
اور اس کا پانی بخار والے کو نافع ہے ۔ سورۃ الضحیٰ (پارہ عم) خاصیت جس کی کوئی چیز گم ہو گئی
ہو یا کوئی شخص بھاگ گیا ہو اس کو سات مرتبہ پڑھنے سے وہ واپس آجاوے سورۃ الانشراح
(پارہ عم) خاصیت سینہ پر دم کرنے سے تنگی اور درد قلب کو سکون ہو دیگر اس کا پینا پتھری
کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتا ہے اور درد مثانہ کو نفع دیتا ہے سورۃ التین (پارہ عم) خاصیت
غلہ کی کوٹھی میں پڑھ کر دم کرنے سے برکت ہو اور ضرر رساں جانوروں سے حفاظت رہتی ہے ۔ سورۃ
العلق (پارہ عم) خاصیت سفر میں ساتھ رکھنے سے گھر آنے تک ہر قسم کے آفات بری و بحری سے
محفوظ رہے ۔ سورۃ القدر ۔ (پارہ عم) خاصیت جس سے محبت ہو اس کے موئے ناصیہ پکڑ کر
یہ سورۃ پڑھنے تو کوئی امر ناگوار اس سے سرزد نہ ہو دیگر اگر سچ بولنے کی ہمت و عزم کیا جاوے تو اس
سورۃ کو بکثرت پڑھنا موجب اعانت اور سہولت ہے ۔ سورۃ البینۃ (پارہ عم) خاصیت
لکھ کر باندھنا اور پینا یرقان اور ورم کو نافع ہے ۔ سورۃ الزلزال (پارہ عم) خاصیت غیر مستعمل
طشت میں لکھ کر اس کا پانی پینا القوہ کو نافع ہے ۔ سورۃ العادیات (پارہ عم) خاصیت

لکھ کر پاس رکھنا آسانی معاش ہو امن خوف کے لئے نافع ہے۔ سورۃ القارعۃ (پارہ عم)
خاصیت اس کو بکثرت پڑھنا روزی کو بڑھاتا ہے۔ سورۃ التکاثر (پارہ عم) خاصیت بعد نماز
عصر پڑھ کر درد شقیقہ پر دم کرنا نافع ہے۔ سورۃ العصر (پارہ عم) خاصیت مال وغیرہ دفن
کرنے کے وقت اس کو پڑھنے سے وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔ سورۃ الھمزۃ (پارہ عم)
جس پر نظر بد لگ گئی ہو اس پر دم کیا جاوے۔ سورۃ الفیل (پارہ عم) خاصیت مقابلہ دشمن
کے وقت پڑھنے سے بفضلہ تعالیٰ غلبہ حاصل ہو۔ سورۃ لایلاف (پارہ عم) خاصیت کھانے
پر دم کر کے کھانے سے ہر قسم کے ضرر وتخمہ وغیرہ سے محفوظ رہے اور درد گردہ کو بھی نافع ہے۔ سورۃ
الماعون (پارہ عم) خاصیت اگر استعمالی چیزوں پر پڑھ کر دم کر دیا جاوے تو وہ محفوظ رہے۔ سورۃ
الکوثر (پارہ عم) خاصیت شب جمعہ میں ایک ہزار مرتبہ اسکو پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ درود شریف
پڑھے تو خواب میں حضور پر نور صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو۔ سورۃ الکفرون
(پارہ عم) خاصیت اس کو صبح وشام پڑھنے سے شرک اور شک اور فساد اعتقاد سے محفوظ رہے
سورۃ النصر (پارہ عم) خاصیت رانگے پر کندہ کر کے جال میں لگاوے تو اس میں بہت مچھلیاں
پھنسیں۔ سورۃ ابی لھب (پارہ عم) خاصیت اگر درد کی جگہ لکھ کر باندھا جاوے تو درد
گھٹ جاوے اور انجام بعافیت ہو۔ سورۃ اخلاص (پارہ عم) خاصیت مثل خاصیت
سورۂ کافرون کے ہے۔ سورۃ المعوذتین (پارہ عم) خاصیت ہر قسم کے درد و بیماری و
سحر ونظر بد وغیرہ کے لئے پڑھنا اور دم کرنا اور لکھ کر باندھنا مفید ہے اور سوتے وقت پڑھنے سے
ہر قسم کی آفت سے محفوظ رہے اور اگر اس کو لکھ کر بچوں کو باندھ دے تو ام الصبیان وغیرہ
سے حفاظت رہے اور اگر حاکم کے روبرو جانے کے وقت پڑھ لے تو اس کے شر سے محفوظ رہے

حسبنا اللہ ونعم الوکیل وصلے اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہ

محمد اکرم ذلیل الی اقوم سبیل وآلہ

واصحابہ اجمعین برحمتک

یا ارحم الراحمین

امین

حصہ سوم اعمال قرآنی

ملقب بہ

آثار تبیانی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعد الحمد والصلوۃ یہ خادم خلق اللہ محمد اشرف علی تھانوی عفا اللہ عنہ الولی القوی مدعا طراز ہے کہ اثنائے کتابت خواص قرآنی میں ایک رسالہ مطبوعہ مصر مسمّٰی بہ الفوائد فی الصلوٰۃ والعوائد مولفہ شیخ شہاب الدین احمد شرجی یمنی ملا جسمیں مختلف قسم کے اعمال قرآن و حدیث و اقوال مشائخ سے جمع کئے ہیں اور اس کے حاشیہ پر ایک کتاب مسمّٰی بہ فوائد الغر الاسنیٰ ۔ فی شرح اسماء اللہ الحسنیٰ ۔ مولفہ امام محمد شیرازی الشافعی الشرقاوی خواص اسماء حسنی الٰہیہ میں پایا مناسب معلوم ہوا کہ رسالہ متن میں جو اعمال قرآنیہ کے متعلق ہیں ان کو ترجمہ کرکے اعمال قرآنی کا تیسرا حصہ بنایا جاوے اور اس میں (القول الجمیل) کے اعمال متعلقہ بعض آیات کو اضافہ کردیا جاوے اور آخر میں بطور ضمیمہ کے رسالہ حاشیہ کا خلاصہ لگا دیا جاوے تاکہ نفع تام اور فائدہ عام ہو۔ علاوہ اور شرائط تاثیر اعمال کے جو غالباً حصہ اول اعمال قرآنی میں مذکور ہو چکے ہیں اس امر کا لحاظ سب سے اہم اور ضروری ہے کہ کسی عمل میں خصوصاً حب و بغض اور ضرر رسانی کے اعمال میں حد شرعی سے تجاوز نہ ہونے پائے چنانچہ حصہ دوم اعمال قرآنی میں کئی بار یہ مضمون معروض بھی ہو چکا ہے اب رسالہ شروع ہوتا ہے بعونہ تعالیٰ ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ خاصیت قیصر روم نے حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں شکایت درد سر کی عرض کی آپنے ایک ٹوپی سلوا کر

بھیجدی جب تک وہ ٹوپی سر پر رہتی درد سر کو سکون رہتا اور جب اس کو اتارتا پھر درد سر ہونے
لگتا اسکو تعجب ہوا اور کھولکر دیکھا تو اس میں فقط بسم اللہ لکھی تھی **دیگر** فقیہ محمد مازنی کو بخار ہوا اُن
کے استاد فقیہ ولی عمرو بن سعید عیادت کو آئے اور ایک تعویذ بخار کا دیکر چلے گئے اور یہ فرما گئے کہ
اسکو دیکھنا مت غرض اسکو باندھا اور بخار اسی وقت جاتا رہا انہوں نے اسکو کھول کر دیکھا تو
اس میں صرف بسم اللہ لکھی تھی ان کے اعتقاد میں سستی پیدا ہوئی فوراً بخار پھر لوٹ آیا انھوں نے
جا کر شیخ سے عرض کیا اور اپنے فعل سے توبہ کی انھوں نے اور تعویذ دے دیا اور خود باندھ دیا پھر فوراً
بخار جاتا رہا انہوں نے ایک سال کے بعد اسکو کھول کر دیکھا تو وہی بسم اللہ تھی اس وقت ان کو
نہایت اعتقاد اور عظمت دل میں پیدا ہوئی **سُورۃ الفاتحۃ خواص** درمیان سنت و فرض
فجر کے اکتالیس بار پڑھ کر دم کرنے سے درد جاتا رہتا ہے اور دوسرے امراض کے لئے بھی مفید مجرب
ہے اور بڑی شرط یہ ہے کہ عامل و مریض دونوں خوش اعتقاد ہوں **دیگر** عدد دند کو ر پڑھنے سے مسافر
بخیریت گھر کو لوٹ آوے **دیگر** ایک سو گیارہ بار پڑھ کر بیڑی ہتکڑی پر دم کرنے سے قیدی جلدی
رہائی پاوے **دیگر** صبح صادق کے وقت دونوں ہاتوں پر یہ سورت دم کر کے چہرے اور تمام بدن
پر پھیرنے سے اس روز پیاس کا غلبہ نہ ہو **دیگر** آخر شب میں اکتالیس بار پڑھنے سے بے مشقت
روزی ملے۔ **سُورۃ یٰسٓ خواص** جس حاجت کے لئے اکثر بار پڑھے وہ روا ہو **دیگر**
حارث بن ابی اسامہ نے اپنی مسند میں حدیث مرفوع نقل کی ہے کہ جو شخص سورۃ یٰسٓ پڑھے اگر خوف
زدہ ہو امن ہو جائے یا بیمار ہو شفا پاوے یا بھوکا ہو سیر ہو جاوے **دیگر** دارمی نے حدیث مرفوع نقل کی
ہے کہ جو شخص اسکو شروع دن میں پڑھے اسکی حاجت پوری ہو **دیگر** بعض بزرگوں سے منقول ہے
کہ شروع دن میں پڑھنے سے رات آنے تک خوش خرم رہے اور شروع رات میں پڑھنے سے دن آنے
تک شاداں و فرحاں رہے **دیگر** سورہ یٰسٓ میں چار جگہ لفظ الرّحمٰن آیا ہے اور تین جگہ لفظ
اَللّٰہ اور اسی طرح سورہ تبارک الذی میں بس جو شخص سورہ یٰسٓ پڑھے اور لفظ الرّحمٰن
آوے داہنے ہاتھ کی ایک انگلی بند کر لے اور جہاں لفظ اَللّٰہ آوے بائیں ہاتھ کی انگلی بند کر لے
حتی کہ ختم سورہ پر داہنے ہاتھ کی چار انگلیاں بند ہو جاویں گی اور بائیں ہاتھ کی تین انگلیاں پھر سورہ
تبارک الذی پڑھے اور لفظ رحمٰن پر داہنے ہاتھ کی ایک انگلی کھولدے اور لفظ اَللّٰہ پر بائیں ہاتھ کی

انگلی کھولدے اسکی تمام حاجتیں پوری ہوں اور دعائیں قبول ہوں اور انگلیوں کا کھولنا بانمضا کن انگلیوں سے شروع ہوگا ۔ اٰیۃ الکرسی خواص جمعہ کے روز بعد عصر خلوت میں ستر ہ بار پڑھنے سے قلب میں عجیب کیفیت پیدا ہو گی اس حالت میں جو دعا کرے قبول ہو دیگر اور جو شخص اس کو تین سو تیرہ بار پڑھے خیر بے شمار اسکو حاصل ہو دیگر اگر مقابلہ عدو کے وقت اسی عدد کے موافق پڑھے غلبہ حاصل ہو ۔ سُورۂ تبارکؕ خواص اگر رویت ہلال کیوقت پڑھ لے تمام مہینہ خیریت سے گذرے اور سب شروں سے محفوظ رہے سورۂ حشر خاصیت ایک شخص کے کان میں کنگی جس کو بعض لوگ کنکھجوری کہتے ہیں گھس گئی اور بہت پریشان کیا اس نے تھوڑا سا زمزم لیکر دس آیتیں آل عمران کے شروع کی اور آخر کی آیتیں سورہ حشر کی یعنی لَوْ اَنْزَلْنَا سے آخر سورہ تک اسپر دم کر کے پی لیا پانی کا پیٹ میں اترنا تھا کہ وہ کنگی کان میں سے نکل آئی سُورۂ واقعہ خاصیت ایک مجلس میں ۴۱ بار پڑھنے سے حاجت پوری ہو اور بالخصوص جو رزق کے متعلق ہو سُورۂ طٰہٰ خاصیت صبح صادق کے وقت اس کے پڑھنے سے نیا رزق ملے اور سب حاجات پوری ہوں اور لوگوں کے دل مسخر ہوں اور دشمنوں پر غلبہ ہو سورۂ اخلاص خاصیت جو شخص اسکو ہمیشہ پڑھا کرے ہر قسم کی خیر حاصل ہو اور ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے اور جو بھوک میں پڑھے سیر ہو جاوے اور جو پیاس میں پڑھے سیراب ہو جاوے اور جو بکثرت یَا صَمَدُ پڑھے کھانے پینے کی چنداں حاجت نہ رہے دیگر اور اگر خرگوش کی جھلی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے کوئی انسان اور جن اور موذی جانور اس کے پاس نہ آوے اَورادِ وقتِ خواب سُبْحَانَ اللّٰہِ ۳۳ بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ بار اَللّٰہُ اَکْبَرُ ۳۴ بار مداومت کے ساتھ پڑھنے سے محنت کے کام آسان ہو جاتے ہیں اور بدن میں تکان نہیں ہوتا وَالسَّمَاءِ وَالطَّارِقِ تا ختم تک سوتے وقت پڑھنے سے احتلام سے حفاظت رہتی ہے ۔ ایۃ اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ سے تَسْلِیْمًا تک پڑھنے سے نیند خوب آتی ہے اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّۃِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ سے الْعٰلَمِیْنَ تک پڑھنے سے شیاطین سے محفوظ رہتا ہے اعمال نصرت در حرب وغیرہ سَیُھْزَمُ الْجَمْعُ وَیُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ مٹی پر پڑھ کر دشمن کی طرف پھینکنے سے ان کو شکست ہو آیات حفظ ایک بزرگ سے منقول ہے کہ جنگل میں ایک بکری دیکھی جس سے بھیڑیا

کھیل رہا ہے یہ پاس گئے تو بھیڑیا بھاگ گیا دیکھتے کیا ہیں کہ اس بکری کے گلے میں کوئی تعویذ ہے کھولکر دیکھا تو اس میں یہ آیتیں نکلیں۔ وَلَا يَؤُدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ۔ وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ۔ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ۔ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ۔ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ۔ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ۔ آخر سورہ تک جو شخص ان کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اسکو کوئی گزند نہ پہنچے دیگر سورہ اِنَّا اَعْطَيْنٰكَ تنہائی میں تین سو بار پڑھنے سے دشمنوں پر غلبہ حاصل ہو۔

اعمال نظر بد لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ۔ لکھ کر باندھے پڑھ کر دم کر دے **اعمال حفاظت از شر موذی** اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ اس کے پڑھنے سے اور باندھنے سے دشمن کی زبان بند ہو **دیگر** ایضاً یہ آیت پڑھ کر جس آدمی یا جانور سے اندیشہ ہو اسکی طرف دم کر دے اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ لَنَا اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ آخر آیت تک اس کے گزند سے محفوظ رہے **دیگر** حٰمٓ عٓسٓقٓ سے اَلْحَكِيْمُ تک شدائد کے وقت پڑھنا مفید ہے **دیگر** کعب الاحبارؓ سے منقول ہے کہ سات آیتیں جب پڑھ لیتا ہوں پھر کسی بات کا خوف نہیں رہتا اول قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَا اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَنَا سے الْمُؤْمِنُوْنَ تک دوم وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ سوم وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ سے مُبِيْنٍ تک چہارم اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمْ سے مُسْتَقِيْمٍ تک پنجم وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَا تَحْمِلُ رِزْقَهَا اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ششم مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ سے الْحَكِيْمُ تک ہفتم وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ سے الْمُتَوَكِّلُوْنَ تک **دیگر** برائے استتار از چشم عدو اہل یمین میں سے ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ ایک مقام پر لڑائی ہوئی تھی میں نے اِذَا زُلْزِلَتِ پڑھ کر زمین پر ہاتھ مار کر اس طرف کو مٹی پھینک دی پھر سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیتیں پڑھیں فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيْقًا

فِی الْبَحْرِ سے لَاتَخْشٰی تک وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا سے لَایُبْصِرُوْنَ تک قسم کھا کہتے ہیں کہ میں یہ عمل کرکے ایک درخت کے نیچے بیٹھ رہا مخالفین وہاں پہنچکر کہنے لگے کہ ابھی تو وہ شخص یہاں تھا کہاں گیا اور ان کو نظر نہ آئے اعمال واپسی گریختہ و دستیابی گم شدہ جعفر خالدی کا ایک نگین دجلہ میں گرگیا انہوں نے یہ دعا پڑھی اَللّٰھُمَّ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْہِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ ایک روز اوراق و کاغذات دیکھ رہے تھے ان کاغذات میں وہ نگین مل گیا دیگر وَالضُّحٰی پڑھے اور اس آیت کو تین بار پڑھے وَوَجَدَکَ ضَآلًّا فَھَدٰی دیگر یہ آئتیں روٹی یا کسی خوردنی چیز پر لکھ کر جس پر شبہ چوری کا ہوان کو کھلاوے چور نہ کھا سکے گا وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا سے تَکْتُمُوْنَ تک یَتَجَرَّعُہٗ وَلَایَکَادُ یُسِیْغُہٗ سے غَلِیْظٌ تک اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰہِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ سے عَظِیْمٌ تک وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ سے نَذِیْرًا تک وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ دیگر جس دروازے سے چوری کا مال یا گریختہ نکلا ہے اس میں کھڑے ہوکر سورہ والطارق پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ واپس آوے گا یا اس کو خواب وغیرہ میں دیکھ لیگا دیگر یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا سے آخر سورہ تک اس آیت کو ایک روٹی کے ٹکڑے پر لکھ کر جس شخص کو بھاگنے کی عادت ہو یا جس عورت کو نافرمانی اور سرکشی کی عادت ہو اس کو کھلا دینے سے وہ عادت جاتی رہتی ہے دیگر اپنے رومال وغیرہ کے کونے پر فاتحہ اور سورہ اخلاص اور معوذتین اور قل یاایہا الکافرون ہر سورہ تین تین بار اور سورہ طارق ایک بار اور سورہ والضحیٰ تین بار پڑھ کر اس میں گرہ لگاویں انشاء اللہ تعالیٰ جانے نہ پاوے گا اعمال و دعائے مختلف برائے دردِ سر آخری جمعہ رمضان میں یہ آیت لکھ کر رکھ لے وقت ضرورت کام میں لاوے اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ سے یَسِیْرًا تک دیگر برائے دردِ شقیقہ یہ آیت پڑھ کر دم کردیں قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ قُلِ اللّٰہُ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِہٖٓ اَوْلِیَآءَ لَا یَمْلِکُوْنَ لِاَنْفُسِھِمْ نَفْعًا وَّلَاضَرًّا دیگر برائے وجع قلب وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِھِمْ مِّنْ غِلٍّ اس آیت کو مٹی کے کورے برتن پر زعفران و گلاب سے لکھ کر پاک پانی سے دھو کر پیوے دردِ قلب زائل ہو جاوے دیگر برائے نکسیر وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَقِیْلَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ کتان کے

واپسی گم گریختہ و دستیابی

گم شدہ

سارق غیرہ و دعا رسی

چوری

اصلاح عادت بد

دردِ سر

دردِ شقیقہ

دردِ قلب

نکسیر

پاک کپڑے پر لکھ کر ہاتھ پر باندھ دیا جاوے دیگر برائے درد ڈاڑھ لِکُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۔ چھوٹے سے کاغذ پر لکھ کر ڈاڑھ کے نیچے دباوے دیگر درد ڈاڑھ جب کوئی اُسکا شاکی آوے اس سے کہدو کہ جس ڈاڑھ میں درد ہے اسکو داہنے ہاتھ کی انگشت شہادت سے پکڑے اور بات کرتے وقت اسکو نہ چھوڑے پھر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھو اور اس سے کہو تیرا کیا نام ہے وہ نام بتلاوے پھر سورہ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھو اور پوچھو تیری ماں کا کیا نام ہے وہ اس کا نام بتلاوے پھر فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھو اور پوچھو تیرے کہاں درد ہے وہ کہے ڈاڑھ میں درد ہے پھر فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھو اور اس سے کہو کیا خدا کے حکم سے اسکو کیل دوں وہ کہے ہاں پھر اسی طرح فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھو اور اس سے پوچھو تیری کیا عمر ہے وہ اپنی عمر بتلاوے پھر فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھو اور اس سے کہو کہ تھوڑی دیر جا کر آرام کرے بلکہ سو رہے تو بہتر ہے انشاء اللہ تعالیٰ سکون ہو جاوے گا دیگر درد ڈاڑھ اس طرف کے رخسار پر ہاتھ پھیرتا جاوے اور آیت پڑھتا جاوے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَوَلَمْ یَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰہُ مِنْ نُّطْفَۃٍ فَاِذَا ھُوَ خَصِیْمٌ مُّبِیْنٌ اور آیۃ الکرسی اور یہ آیتیں وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ثُمَّ سَوّٰہُ وَنَفَخَ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِہٖ وَجَعَلَ لَکُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْئِدَۃَ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَۃٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۔ دیگر برائے درد ڈاڑھ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے حکایت نقل کی ہے کہ بصرہ میں ایک شخص ڈاڑھ کیلتا تھا اور بتلانے سے بخل کرتا تھا مرتے وقت اس نے بتلایا وہ یہ ہے الٓمٓصٓ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اُسْکُنْ اَیُّھَا الْوَجَعُ بِالَّذِیْ اِنْ یَّشَاْ یُسْکِنِ الرِّیْحَ فَیَظْلَلْنَ رَوَاکِدَ عَلٰی ظَھْرِہٖ وَلَہٗ مَا سَکَنَ فِی الَّیْلِ وَالنَّھَارِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ پڑھ کر دم کر دے یا لکھ کر باندھ دے دیگر برائے آشوب چشم لکھ کر باندھ دیا جاوے اِذْھَبُوْا بِقَمِیْصِیْ ھٰذَا ۔ بَصِیْرًا تک فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ دیگر برائے نکسیر نکسیر والے کے سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیتیں پڑھو اور آخر میں یہ کہدو کہ اے نکسیر بند ہو بحکم واحد قہار عزیز وجبار آیتیں یہ ہیں اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَآ اِنْ اَمْسَکَھُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیْمًا غَفُوْرًا وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَکِ

درد ڈاڑھ

درد ڈاڑھ

آشوب چشم

نکسیر

وسعت عیش

سے الظّٰلمین تک دیگر برائے وسعت عیش اِنَّا اَنْزَلْنَا اور قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ اور قُلْ ھُوَاللّٰہُ گیارہ گیارہ بار پاک پانی پر دم کرکے نئے کپڑے پر چھڑک دے تو اس کے استعمال تک عیش میں رہے اعمال متعلقہ نکاح و حمل وغیرہ

قرار حمل

جس روز عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے ایک بکری کا بچہ فربہ ذبح کرکے ایک دیگچہ میں تھوڑے پانی میں یخنی کے طور پر پکایا جاوے اور وہ پانی عورت کو پلایا جاوے اور ایک برتن میں سورہ فاتحہ اور درود شریف اور ابجد سے ضظغ تک اور دوسرے برتن میں قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَھَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا قَالَ كَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ ھُوَ عَلَيَّ ھَيِّنٌ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا فَحَمَلَتْهُ بِعَوْنِ اللّٰہِ فَحَمَلَتْهُ بِلُطْفِ اللّٰہِ فَحَمَلَتْهُ بِلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْئًا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ - لکھ کر پانی میں حل کرکے وقت قربت شوہر کے پی لیوے انشاء اللہ تعالیٰ حمل رہ جاوے گا

حفاظت اسقاط حمل

دیگر برائے حفاظت اسقاط حمل یا بار درخت یہ لکھ کر باندھ دیا جاوے اِنَّ اللّٰہَ یُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ سے غَفُوْرًا تک وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ سے عَلِيْمٌ تک وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ایضاً

دیگر ایضاً کسی برتن پر لکھ کر پلایا جاوے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۰ اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ سے حَيٍّ تک وَلَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ نَافِلَةً وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ

فرزند نیک

دیگر برائے تولد فرزند نیک - سورہ یوسف لکھ کر حاملہ کے تعویذ باندھ دے فرزند نرینہ نیک دیندار پیدا ہو

قدرت بر جماع

دیگر برائے قدرت بر جماع - حسن بصری رح سے ذکر کیا گیا کہ فلاں شخص نے نکاح کیا مگر عورت پر قادر نہیں ہوا آپ نے دو بیضے جوش دئے ہوئے منگائے اور چھلکا اُتار کر ایک پر یہ آیت لکھی وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ اور مرد کو کھانے کے لئے دیا اور دوسرے پر یہ آیت لکھی وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ اور وہ عورت کو کھانے کے لئے دیا اور کہا کہ اب مطلب حاصل کرو چنانچہ ایسا ہی ہوا

دیگر برائے امساک انگور کے پتے پر لکھ کر بائیں ران میں باندھ دے ۔ اَبْجَدْ هَوَّزْ حُطِّی
کَلِمَنْ سَعْفَصْ قَرَشَتْ ثَخَذْ ضَظَغْ وَقِیْلَ یٰاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ
اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ سلم
اَیُّهَا الْمَآءُ النَّازِلُ مِنْ صُلْبِ فُلَانِ بْنِ فُلَانَةَ بِلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ
الْعَظِیْمِ ۔ دیگر برائے دفع استرخاء عضو تناسل تین روز روزہ رکھے پھر نصف شب
کے وقت اٹھ کر اپنی داہنی ہتھیلی پر تانبے کے قلم سے گلاب و زعفران سے لکھ کر چاٹ لے تین دفعہ
اسی طرح کرے انشاء اللہ تعالے شکایت رفع ہو اِنَّمَا یَسْتَجِیْبُ الَّذِیْنَ یَسْمَعُوْنَ وَالْمَوْتٰی
یَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَیْهِ یُرْجَعُوْنَ اعمال دفع آسیب وغیرہ پاک پانی پر سورہ فاتحہ اور
آیۃ الکرسی اور سورہ جن کے شروع کی پانچ آیتیں پڑھ کر آسیب زدہ کے چہرہ پر چھڑک دیں اور جس
مکان میں شبہ ہو اس میں چھڑک دیں انشاء اللہ تعالی دفع ہو دیگر ایضاً پاک برتن پر فاتحہ
اور آیۃ ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ سے الصُّدُوْرِ تک اور آیۃ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ سے
آخر سورہ تک لکھ کر روغن کنجد سے دھو کر آسیب زدہ کے بدن پر اس روغن کی مالش کیجائے انشاء اللہ
تعالی پھر اثر نہ ہوگا دیگر امام غزالیؒ نے ایک بزرگ کا قصہ نقل کیا ہے کہ کسی بزرگ کی ایک لونڈی
شب کو پیشاب کرنے بیٹھی اور آسیب کے اثر سے بیہوش ہوگئی ان بزرگ نے اٹھ کر یہ کلمات
پڑھے اسی وقت اچھی ہوگئی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ الٓمٓصٓ طٰهٰ ۔ طٰسٓمٓ كٓهٰیٰعٓصٓ
یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قٓ نٓ وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ دیگر فقیہ کبیر احمد بن موسی
ابن عجیل آسیب زدہ پر یہ آیت پڑھا کرتے تھے قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَی اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ
دیگر بعض بزرگوں سے نقل ہے کہ ایک لڑکی کھیلتے کھیلتے گر گئی انہوں نے خواب میں دیکھا کہ ایک
فرشتہ بہت اچھی صورت میں آیا اور اس کے دس پانو میں اور کہا کہ کتاب اللہ میں اس کی
شفا ہے میں نے پوچھا کیا ہے کہا کہ یہ آیتیں اس پر پڑھو قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ سے تَفْتَرُوْنَ تک
یُرْسَلُ عَلَیْكُمَا شُوَاظٌ سے تَنْتَصِرَانِ تک یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ سے بِسُلْطَانٍ تک قَالَ
اخْسَئُوْا فِیْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ کہتے ہیں کہ جاگ کر میں نے یہ عمل کیا بالکل اس کا اثر نہ رہا ۔
اعمال دنبل وغیرہ دنبل اور عرق النساء اور بسرہ اور کھانسی کے لئے تین روز تک یہ آیتیں پڑھے

امساک
دفع استرخاء عضو تناسل
دفع آسیب
ایضاً
ایضاً
ایضاً
دنبل و عرق النساء
بسرہ و کھانسی

سورۂ فاتحہ وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً سے تَفْعَلُوْنَ تک وَيَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ
فَقُلْ يَنْسِفُهَا سے اَمْتًا تک وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ سے قَرَارٍ تک اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ
خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ سے يَشْكُرُوْنَ تک اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ سے قَدِيْرٌ تک اور
آخر میں یہ لکھدے کہ اے عرق النساء او کھانسی اور سے بحکم الٰہی ہو تو مر جا دیگر برائے داد اس پر یہ
آیت لکھ کر باندھ دی جاوے وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ سے قَرَارٍ تک دیگر برائے عرق النساء
ایک منسف یعنی چیلی بنالیا جاوے اور تھوڑی مٹی ایسی زمین سے لے جس کو دو شریک پانی دیتے
ہوں اور نابالغ لڑکی کا کاتا ہوا سوت سات تار کا پاؤں سے مریض کی کمر تک لے کر کمر اور انگلی
کے درمیان تان دیں اور مٹی منسف سے بچھا کر مریض سے کہے کہ اس پر اپنا پاؤں رکھے اور
عامل ہاتھ میں چاقو لے کر یہ آیتیں پڑھتا جاوے اور چاقو اس سوت کے تاروں پر پھیرتا جاوے
اسی طرح سات بار پڑھے۔ سورۂ فاتحہ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ۔ مُعَوِّذَتَيْنِ۔ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
سے الرَّحِيْمُ تک شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سے الْحَكِيْمُ تک قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ
سے قَدِيْرٌ تک آيةُ الْكُرْسِيّ۔ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ آخر سورہ تک اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ
سے الْعٰلَمِيْنَ تک سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا پھر کہے یا الٰہی اس اسم کی برکت سے میں نے اس درد کو
اس جسم سے نکالدیا وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ دیگر
ایضاً نابالغ لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر اسکو بانٹ کر یہ آیت پڑھتا جاوے سات گرہ لگائی
جاویں اور بائیں بازو پر باندھ دیا جاوے وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا سے تَكْتُمُوْنَ دیگر اعمال فہم و حفظ
وغیرہ آیات انوار کو ایک پرچہ پر اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لکھ کر نہار منہ نگل جاوے
اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ تیسرے انوار کو اسی طرح یہ آیت لکھے اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ
اور چوتھے انوار کو الٓمٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ طٰهٰ لکھے اور پانچویں انوار کو يٰسٓ حٰمٓعٓسٓقٓ حٰمٓ
اور چھٹے انوار کو طٰسٓمٓ طٰسٓ الٓمّٓرٰ اور ساتویں انوار کو صٓ قٓ نٓ اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَيْئًا
اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ایضاً کلبی کہتے ہیں کہ میرا ایک لڑکا تھا جو قرآن پڑھتا تھا اور بھول
جاتا تھا میں نے خواب میں دیکھا کوئی کہنے والا کہتا ہے کہ ایک برتن میں اَلرَّحْمٰنُ سے
بِحُسْبَانٍ تک لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ سے بَيَانَهٗ تک بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ

دافع عرق النساء

ایضاً

دافع عرق النساء وغیرہ

ایضاً

لوح محفوظ لکھکر زمزم سے دھوکر اس لڑکے کو پلاؤ قرآن مجید حفظ ہوجائیگا ایضاً جسکو حفظ کرنا مشکل ہو تو وہ الم نشرح لکھکر دھو کر پلاوے انشاء اللہ تعالیٰ آسانی ہوجاوے **دفع نسیان** جانور جو گائے وغیرہ اپنے بچہ کو نہ پہچانے اور اس لئے دودھ نہ دے تو یہ آیتیں ایک پرچہ پر لکھے فاتحہ قل ھو اللہ معوذتین ۔ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ سے يَاْكُلُوْنَ تک وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ سے تَعْمَلُوْنَ تک پھر تھوڑی مٹی لیکر اس پر فاتحہ سات بار قل ھو اللہ اور معوذتین ایک ایک بار پڑھ کر تھوڑی سی اس کے نتھنے کیطرف اور باقی گردن کی طرف اور سینہ کی طرف پھونک دے پھر وہ تعویذ اس کے باندھ دے **عمل بند کردن باران** سات کنکریاں پاک ہاتھ میں لیکر ان پر سورۂ فاتحہ اور یہ آیت وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ سے لِلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ سات سات بار پڑھ کر ایسی جگہ رکھدے جہاں ان پر بارش نہ پہنچے فوراً بارش بند ہوجاوے گی پھر جب بارش ہونا چاہو ان کنکریوں کو آب جاری میں ڈالدو **اعمال دفع ملخ وموش وغیرہ از زراعت ودرخت** فقیہ ابراہیم علوی سے منقول ہے کہ ٹڈیاں پکڑ کر ان کے بازوؤں پر یہ تعویذ لکھے ایک آیت ایک ٹڈی کے بازو پر انشاء اللہ تعالیٰ سب دفع ہوجاویں ۔ اول فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ دوم حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ سوم يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ چہارم ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ پنجم وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ ششم اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ہفتم صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْۤ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ہشتم يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ نہم وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ رَبِّكَ اِلَّا هُوَ وَمَاۤ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ایضاً چار پرچوں پر لکھکر اس جگہ کے چار گوشوں میں لٹکایا جاوے وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ سے الْفَسَادَ تک **برائے دفع پرندگان خورندہ زراعت وغیرہ** چار پرچوں پر لکھکر اس جگہ کے چار گوشوں پر لگا دیا جاوے يٰۤاَهْلَ يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۔ **برائے دفع موش** سورہ تبت لکھکر اس کے بعد یہ لکھے ۔ ایہا الفار ارحل عنا فان لم ترحل فاذن بحرب من اللہ ورسولہ ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اور اسے کھیت میں رکھدے **برائے دفع جمیع جانوران موذی ملخ وقمل ودیمک و مار**

دفع نسیان جانور

بند کردن باران

دفع ملخ

دفع پرندگان

دفع موش

دفع جانوران موذی

وکژدم وغیرہ - ایک پرچہ پر لکھ کر خواہ دفن کر دو یا لٹکا دو - بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِنَّہٗ مِنْ
سُلَیْمَانَ وَاِنَّہٗ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ - اَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَیَّ وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ یَا
اَیُّھَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسَاکِنَکُمْ لَا یَحْطِمَنَّکُمْ سُلَیْمٰنُ وَجُنُوْدُہٗ وَھُمْ لَا یَشْعُرُوْنَ فَلَنَاْتِیَنَّھُمْ
بِجُنُوْدٍ سے صَاغِرُوْنَ تک یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ سے تَنْتَصِرَانِ تک فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ
سے الْعَلِیْمُ تک وَمَثَلُ کَلِمَۃٍ خَبِیْثَۃٍ سے قَرَارٍ تک کَاَنَّھُمْ یَوْمَ یَرَوْنَ مَا یُوْعَدُوْنَ سے
الْفَاسِقُوْنَ تک وَاِذَا تَوَلّٰی سَعٰی فِی الْاَرْضِ سے الْفَسَادَ تک فَلَمَّا قَضَیْنَا عَلَیْہِ الْمَوْتَ
سے الْمُھِیْنِ تک قَالُوْا یَا مُوْسَی ادْعُ لَنَا رَبَّکَ بِمَا عَھِدَ عِنْدَکَ سے اِسْرَائِیْلَ تک اسکے
بعدہ سُوْرَۃِ فاتحہ لکھے انشاء اللہ تعالیٰ نفع ہوگا اور ہر قسم کے جانور ان موذی دفع ہو جاویں دیگر

اعمال دفع سحر وغیرہ جو شخص بوجہ سحر کے عورت پر قادر نہ ہو یہ آیتیں لکھ کر اس کے باندھ دی
جاویں اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ کَانَتَا رَتْقًا سے یُؤْمِنُوْنَ تک بَاطِلٌ
بَاطِلٌ بَاطِلٌ مَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا ھُنَالِکَ سے صَاغِرِیْنَ تک قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ
بِہٖ سے الْمُفْسِدِیْنَ تک وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ سے زَھُوْقًا تک اور یہ تین آیتیں ایضاً سولہ
پاک برتن میں لکھ کر دھو کر تین روز تک پیوے ایضاً وَمَنْ یَّخْرُجْ مِنْۢ بَیْتِہٖ مُھَاجِرًا سے
عَظِیْمًا تک کسی برتن میں لکھ کر گھی سے مٹا کر مسحور سات روز باوضو زبان سے چاٹے ایضاً تین بیضے
پانی میں جوش دیکر پوست اتار کر ایک پر قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ سے الْمُفْسِدِیْنَ تک
اور دوسرے پر اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سے یُؤْمِنُوْنَ تک اور تیسرے پر وَقَدِمْنَا اِلٰی مَا عَمِلُوْا
سے مَنْثُوْرًا تک لکھ کر کھلاوے **دیگر برائے نمش** تھوڑا روغن کنجد لیکر نمش کے موقع پر رکھ کر
یہ آیتیں پڑھے اٰیۃ الکرسی تین بار اَوْ کَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰی قَرْیَۃٍ سے قَدِیْرٌ تک تین بار
وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ سے الْمِیْعَادَ تک تین بار وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْجِبَالِ
فَقُلْ یَنْسِفُھَا سے اَمْتًا تک تین بار وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا سے لَا یُبْصِرُوْنَ
تک اِنَّہٗ مِنْ سُلَیْمَانَ سے مُسْلِمِیْنَ تک تین بار وَالضُّحٰی - اَلَمْ نَشْرَحْ - قُلْ ھُوَ اللّٰہُ
معوذتین تین تین بار آدھا عمل نہ پڑھنے پاوے گا کہ آرام ہونا شروع ہوگا **حفظ مال
ومتاع از ظالمان** اگر زمین پیمائش ہوتے وقت یہ اندیشہ ہو کہ محصول زیادہ لگا دیا جاویگا

اعمال دفع سحر

العین

العین

برائے نمش

حفظ مال ومتاع
از ظالمان

تو اس عمل سے زمین پیمائش میں گھٹ جاتی ہے یہ چار آیتیں چار پرچوں پر لکھ کر چاروں گوشوں میں دفن کر دیا جائے اول اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا دوم یَوْمَ نَطْوِی السَّمَآءَ کَطَیِّ السِّجِلِّ لِلْکُتُبِ سوم اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاکِنًا چہارم وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ سے یُشْرِکُوْنَ تک اور دفن کرتے وقت یہ پرچے کپڑے میں لپیٹے ہونے چاہئیں اور جب کام ہو چکے فوراً نکال لینا چاہئے تاکہ کلام الٰہی کی بے ادبی نہ ہو ایضاً اسی طرح اگر ظالموں سے خوف ہو کہ زمین کے متعلق کوئی ظلم کرینگے تو پانچ پتھر لیکر ان پر سورہ فاتحہ سات بار قُلْ هُوَ اللّٰهُ تین بار معوذتین ایک ایک بار سورہ تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْکُ تمام اٰیَةُ الْکُرْسِی تمام دس بار درود شریف پڑھ کر دم کر کے چاروں پتھر اس زمین کے چاروں گوشوں میں اور ایک پتھر وسط میں دفن کر دو ان سے اس کو کوئی اثر نہ پہنچے گا **اعمال** سیرابی زمین و درخت ایک ٹھیکری پر یہ آیت وَفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُیُوْنًا فَالْتَقَی الْمَآءُ عَلٰۤی اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ لکھ کر اور آنکھ بند کر کے وہ ٹھیکری اس زمین میں ڈالدو کہ اس کے گرنے کی جگہ نظر نہ آوے انشاء اللہ تعالیٰ بارش ہوگی دیگر بنی ہاشم میں ایک شخص کا قول ہے کہ میں نے سورہ فاتحہ تمام و کمال لکھی اور مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ سات دفعہ لکھا اور اسکو دھو کر ایسے درختوں میں چھڑکا جو کئی سال سے بے برگ و بے ثمر ہو گئے تھے خدا تعالیٰ کے فضل سے بہت ہی جلدی ان میں پتے آگئے اور پھل آنے لگے **اعمال** قضائے حاجت وغیرہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ ہم کسی سفر میں تھے ایک نہر پر مقام ہوا لوگوں نے ڈرایا کہ یہاں لٹ جاتے ہیں میرے سب رفیق وہاں سے چلدیئے مگر میں چونکہ آیات حرز پڑھا کرتا تھا اس لئے وہاں ٹھیرا رہا جب رات ہوئی ابھی سونے نہ پایا تھا کہ چند آدمی شمشیر بکف آگئے مگر مجھ تک نہ پہنچ سکے جب صبح کو وہاں سے چلا ایک شخص گھوڑے پر سوار ملا اور مجھ سے کہا کہ ہم لوگ شب میں سو بار سے زائد تیرے پاس گئے مگر درمیان میں ایک آہنی دیوار حائل ہو جاتی تھی میں نے کہا یہ ان آیات کی برکت ہے اس شخص نے کہا عہد کیا کہ اب یہ کام نہ کروں گا آیات یہ ہیں سورہ بقرہ کے شروع کی چار آیتیں مُفْلِحُوْنَ تک اٰیَةُ الْکُرْسِی اور دو آیتیں آیۃ الکرسی کے بعد۔ تین آیتیں آخر سورہ بقرہ کی لِلّٰهِ مَا فِی

سیرابی زمین و درخت

قضائے حاجت

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ سے ختم سورہ تک تین آیتیں سورہ اعراف کی اِنَّ رَبَّکُمُ اللّٰہُ الَّذِیْ سے
اَلْمُحْسِنِیْنَ تک اور بنی اسرائیل کا آخر قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ سے آخر سورہ تک اور اول صافات سے
لَازِبٍ تک اور دو آیتیں سورہ الرَّحْمٰن کی یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ سے تَنْتَصِرٰنِ تک اور چار آیتیں
آخر سورہ حشر کی لَوْ اَنْزَلْنَا سے ختم سورہ تک اور دو آیتیں قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ سے وَلَدًا تک یہ
تینتیس ۳۳ آیتیں ہیں ان کے پڑھنے سے آسیب درندہ اور چور اور ہر قسم کی بلا و آفت دفع ہوتی ہے
کہا گیا ہے کہ ان میں سو بیماریوں سے شفا ہے محمد بن علیؒ فرماتے ہیں کہ ہمارے ایک بوڑھے کو فالج
ہو گیا تھا اس پر یہ آیتیں پڑھیں اسکو شفا ہو گئی دیگر محمد بن دستویہؒ سے منقول ہے کہ میں نے
امام شافعیؒ کی بیاض میں ان کے ہاتھ کا لکھا ہوا دیکھا کہ یہ نماز حاجت ہے ہزار حاجت کے واسطے
حضرت خضر علیہ السلام نے کسی عابد کو سکھائی تھی دو رکعت نفل پڑھے اول میں سُوْرَہ فَاتِحَہ
ایک بار اور قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ دس بار اور دوسری میں فاتحہ ایک بار اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ
گیارہ بار پھر سلام پھیر کر سجدہ میں جاوے اور اس میں دس بار درود شریف اور دس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ
وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور دس بار
رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ پڑھ کر اپنی حاجت مانگے
حکیم ابو القاسمؒ فرماتے ہیں کہ میں نے اس عابد کے پاس قاصد بھیجا کہ مجھ کو یہ نماز سکھا دے انہوں
نے بتلا دی میں نے پڑھکر علم و حکمت کی دعا کی اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا اور دو ہزار حاجتیں میری پوری
ہوئیں حکیم ممدوح فرماتے ہیں کہ جو شخص اس نماز کو پڑھنا چاہے شب جمعہ میں غسل کرے اور پاک
کپڑے پہنے اور آخر میں بہ نیت قضائے حاجت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ حاجت پوری ہو۔

فائدہ عجیبہ در بعضے خواص حروف تہجی۔ حروف چار قسم پر ہیں گرم۔ سرد۔ تر۔ خشک گرم
یہ ہیں۔ ا ہ ط م ف ش ذ مجموعہ اھطم فشذ ہے اور سرد یہ ہیں ج ز ک س ق ث
ظ جن کا مجموعہ جزکس قثظ ہے اور تر یہ ہیں د ح ل ع ر خ غ مجموعہ اس کا دحل
عرخغ ہے اور خشک یہ ہیں ب و ی ن ص ق ض مجموعہ انکا بوین صقض ہے طریق انکے
استعمال کا یہ ہے کہ مثلاً سردی کا دفع کرنا مقصود ہے تو گرم حرفوں کو موافق ان کے عدد جمل کے
مکرر کرے سو اھطم فشذ کے عدد گیارہ سو پینتیس ہیں اس کا مجموعہ اسی قدر پڑھے سردی دفع ہو

اسی طرح باقی حروف کو سمجھ لیا جاوے میں کہتا ہوں کہ اگر امراض کے اسباب کی صحیح تشخیص ہو جاوے کہ گرمی سے ہے یا سردی سے یا رطوبت سے ہے یا یبوست سے تو ان حروف سے معالجہ ہونا ممکن ہے چونکہ یہ حروف قرآنی بھی ہیں اس لئے اس مقام میں ان کو لکھا گیا اعمال دفع وساوس۔

دفع وساوس

امام غزالی رح نے ایک بزرگ سے نقل کیا ہے کہ ایک بار ایک عورت پر میری نظر پڑ گئی اس سے ایسی بے چینی ہوئی کہ تمام شب نیند نہ آئی آخر شب میں خفیف سی نیند آئی تو ایک کہنے والے نے کہا کہ یہ آیتیں پڑھ کر اپنے اوپر دم کرو یُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے مَا يَشَآءُ تک يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سے الْاَدْبَارَ تک میں نے ایسا ہی کیا پس ایسا معلوم ہوا کہ کسی نے قید سے رہا کر دیا دیگر جس کی نسبت کسی عورت پر مفتون ہو جانے کا اندیشہ ہو یا کوئی شخص کسی کو بہکا سکھا کر خراب کرنا چاہتا ہو اس پر یہ پڑھنا چاہئے یا لکھ کر باندھ دینا چاہئے رَبِّ اصْرِفْ عَنِّي السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الْمُخْلَصِيْنَ دیگر جس پر کوئی حال یا ملازمی غالب ہو جس سے تلف ہونے کا اندیشہ ہو وہ یہ پڑھے وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ سے الْعَلِيْمُ تک اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ سے غَفُوْرًا تک دیگر جس کو وضو نماز میں وسوسہ آتا ہو یا برے خواب دیکھتا ہو یہ آیت وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهُ سے الصُّدُوْرِ تک شیشہ یا سنگ مرمر کے برتن میں لکھ کر پاک پانی سے دھو کر تین روز متواتر پیئے انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہو جاویگا دیگر

ایضاً

ایضاً

دفع خوف

امام اوزاعی سے منقول ہے کہ ایک بھوت میرے سامنے آ گیا میں ڈرا اور اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھا وہ بولا کہ تو نے بڑے کی پناہ مانگی اور یہ کہہ کر ہٹ گیا دیگر برائے دفع خوف ابن السنی سے منقول ہے کہ کسی شخص نے کسی شخص کو قتل کی دھمکی دی اسکو اندیشہ ہوا اس نے کسی عالم سے ذکر کیا انہوں نے فرمایا کہ گھر سے نکلنے کے قبل سورہ یٰس پڑھ لیا کر پھر گھر سے نکل کر وہ شخص ایسے ہی کرتا تھا اور اپنے دشمن کے روبرو آتا تھا اسکو ہرگز نظر نہ آتا دیگر برائے دفع جن ابن قتیبہ سے منقول ہے کہ کسی شخص اس سے بیان کیا کہ میں بصرہ میں خرما کی تجارت کرنے گیا کرایہ پر کوئی گھر نہ ملا صرف ایک گھر ملا جس میں مکڑی نے جالے لگا رکھے تھے میں نے اس کی وجہ پوچھی لوگوں نے کہا کہ اس میں جن رہتا ہے میں نے مالک سے کرایہ پر مانگا اس نے کہا کیوں اپنی جان کھوتے ہو اس میں بڑا بھاری جن رہتا ہے جو شخص اس میں رہتا ہے اسکو مار ڈالتا ہے میں نے کہا مجھ کو کرایہ پر دیدو اللہ تعالیٰ مدد گار ہے

دفع جن

اس نے دیدیا میں اس میں ٹھیر گیا جب رات ہوئی میری طرف ایک شخص سیاہ فام جس کی آنکھیں شعلہ آتش کے مثال روشن تھیں آیا میں نے آیۃ الکرسی پڑھنا شروع کی وہ بھی برابر پڑھتا رہا جب میں وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ پر پہنچا وہ نہ کہہ سکا میں نے اسی کو کہنا شروع کیا بس وہ تاریکی سی جاتی رہی اور رات بھر آرام سے رہا جب صبح ہوئی اس جگہ نشان جلنے کا اور راکھ دیکھی اور ایک کہنے والے کی آواز سنی کہ تو نے بڑے بھاری جن کو جلایا میں نے پوچھا کس چیز سے جل گیا جواب دیا کہ اس کلمہ سے وَلَا یَؤُدُہٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ دیگر ابن قتیبہؒ سے منقول ہے کہ ایک مصری نے مجھ سے بیان کیا کہ میں کسی عرب کے پاس اترا اس نے میری خاطر کی جب وہ بستر پر لیٹا دفعۃً چیخ کر کھڑا ہو گیا اور بیہوش ہو کر گر گیا معلوم ہوا کہ جب سونے کو پڑتا ہے یہی حال ہوتا ہے میں نے یہ آیتیں پڑھیں اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ الخ پھر کبھی اس پر اثر نہ ہوا اعمال نافع جذام وغیرہ ابن قتیبہ نے کہا ہے کہ ایک جذامی نے جس کا گوشت بالکل گرنے لگا تھا کسی بزرگ سے شکایت کی انہوں نے یہ آیت پڑھ کر جھنکار اس کی کھال نکل آئی اور اچھا ہو گیا وَاَیُّوْبَ اِذْ نَادٰی رَبَّهٗۤ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ دیگر کلبی نے ایک شخص نے حکایت بیان کی ہے کہ مجھ کو برص ہو گیا تھا کسی کے پاس نہ بیٹھ سکتا تھا ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی انہوں نے یہ آیت پڑھ کر فرمایا کہ منہ کھول میں نے منہ کھول دیا انہوں نے میرے منہ میں تھوک دیا اللہ تعالیٰ نے شفا بخشدی آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَنِّیْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ سے مُؤْمِنِیْنَ تک دیگر کسی شخص کے خارش ہو گئی تھی اور کسی تدبیر سے فائدہ نہ ہوتا تھا ایک قافلہ کے ساتھ مکہ کو چلا اور چلنے سے عاجز ہو کر قافلہ سے پیچھے رہ گیا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے مزار پر ٹھہر گیا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خواب میں دیکھا اور اپنے مرض کی شکایت عرض کی آپ نے یہ آیت پڑھی بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا سے الْخٰلِقِیْنَ تک صبح کو اچھا خاصا اٹھا۔ دیگر برائے داد ایک تاگا لیکر اس میں یہ آیت بار پڑھ کر تین گرہ لگاوے اور وہ تاگہ مریض کے باندھ دیا جاوے وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِیْثَةٍ سے قَرَارٍ تک دیگر ابن قتیبہ نے ایک مفلوج سے نقل کیا ہے کہ میں نے زمزم کے پانی سے دوات درست کر کے اور اس سے ایک برتن میں

دفع جن

برائے عارضہ ......

برائے برص

برائے خارش

برائے داد

برائے فالج

بِسۡمِ اللّٰہِ اور آخر سورہ حشر کی آیات ھُوَاللّٰہُ الَّذِیۡ سے اور نُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ الخ لکھ کر زمزم سے دھو کر پی لی اللہ تعالیٰ نے شفا عطا فرمائی دیگر کسی گنجے پر یہ آیت پڑھ کر پھتکار دیا گیا تھا وہ اچھا ہو گیا وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ھُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ دیگر ابن الکلبی سے روایت ہے اصبہان میں کسی بزرگ کو عسر البول کی بیماری ہو گئی انہوں نے یہ لکھا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط وَّبُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا فَکَانَتۡ ھَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا وَّحُمِلَتِ الۡاَرۡضُ وَ الۡجِبَالُ فَدُکَّتَا دَکَّۃً وَّاحِدَۃً فَیَوۡمَئِذٍ وَّقَعَتِ الۡوَاقِعَۃُ وَانۡشَقَّتِ السَّمَآءُ فَھِیَ یَوۡمَئِذٍ وَّاھِیَۃٌ۔ اور پانی سے دھو کر پیا پتھری نکل گئی اور باسانی پیشاب کھل گیا۔ دیگر ایضاً یہ آیۃ لکھ کر پویں وَاِذِ اسۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی لِقَوۡمِہٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِّعَصَاکَ الۡحَجَرَ سے مُفۡسِدِیۡنَ تک ایضاً یہ آیت کپڑے پر لکھ کر عانہ پر باندھ دیں وَاَنۡزَلۡنَا مِنَ الۡمُعۡصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا دیگر کسی عورت کی نکسیر جاری ہو گئی تھی ایک بزرگ نے یہ آیتیں لکھ کر بندھوا دی تھیں وَ قِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ مَآءَکِ سے الظّٰلِمِیۡنَ تک قُلۡ اَرَءَیۡتُمۡ اِنۡ اَصۡبَحَ مَآؤُکُمۡ غَوۡرًا فَمَنۡ یَّاۡتِیۡکُمۡ بِمَآءٍ مَّعِیۡنٍ۔ ابن سیرین رحمۃ اللہ سے منقول ہے کہ آیات مذکورہ سلسل بول کو بھی مفید ہیں۔

دیگر ابن کلبیؒ نے لکھا ہے کہ کسی شخص کا پیشاب رک گیا ایک فاضل نے یہ آیت لکھ کر باندھ دی شفا ہو گئی فَفَتَحۡنَاۤ اَبۡوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنۡھَمِرٍ سے قَدۡ قُدِرَ تک دیگر درد حلق اَوَلَمۡ یَرَ الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡۤا سے یُؤۡمِنُوۡنَ تک قَالَ مَنۡ یُّحۡیِ الۡعِظَامَ آخر سورہ تک دیگر برائے قے یہ آیت لکھ کر نہار منہ سات روز پلا دیں وَقِیۡلَ یٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِیۡ سے آخر سورہ تک دیگر برائے حصر یعنی بستگی بول و براز بائیں کان میں یہ آیت پڑھ دیں وَاِنَّ مِنَ الۡحِجَارَۃِ لَمَا یَتَفَجَّرُ سے تَعۡمَلُوۡنَ تک فَفَتَحۡنَاۤ اَبۡوَابَ السَّمَآءِ سے قَدۡ قُدِرَ تک **عمل شکست کفار** ابن کلبی سے منقول ہے کہ مجھ سے ایک ثقہ نے بیان کیا کسی نے ملوک کفار سے اہل اسلام کے کسی شہر کا محاصرہ کیا ان لوگوں میں کوئی نیک آدمی تھا اس نے ایک مشت خاک لیکر اس پر عمادیت سے حلیم تک اِذَا زُلۡزِلَتِ سے اَشۡتَاتًا تک پڑھ کر ان کی فرودگاہ میں ڈلوا دی وہ آپس میں لڑ کر بھاگ گئے **عمل توفیق توبہ** ایک بصری نے بیان کیا کہ ایک مشرک ایک مسلمان کے پاس آیا اور کہا کہ تمہارے قرآن میں کوئی ایسی چیز بھی ہے جو میرے دل کو بدل دے شاید میں مسلمان ہو جاؤں

اس نے کہا ہاں ہے اور اسکو اَلَمْ نَشْرَحْ لکھ کر پلائی وہ مسلمان ہو گیا **عمل مجرب قضائے حاجات** اس ترتیب سے قرآن مجید ختم کرے جس حاجت کے لئے دُعا کریگا قبول ہو گی جمعہ کے روز سورہ بقرہ سے آخر مائدہ تک اور شنبہ کے روز انعام سے آخر توبہ تک اور یکشنبہ کو سورہ یونس سے آخر مریم تک دوشنبہ کو طٰہٰ سے آخر قصص تک منگل کو سورہ عنکبوت سے سورہ صٓ تک بدھ کو سورہ زمر سے آخر سورہ رحمٰن تک پنجشنبہ کو سورہ واقعہ سے آخر قرآن تک بعد ختم سجدہ میں جا کر دعا مانگے **عمل حافظہ وانبساط نفس وراحت** اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر سورہ تک پاک برتن میں پاک سیاہی سے لکھ کر شیریں کنوئیں کے پانی سے جسپر دھوپ نہ آئی ہو لکھ کر نہار منہ پیوے تو حافظہ قوی ہو اور نفس میں انبساط پیدا ہو اور دشمن سے راحت ہو اور ظالموں سے کفایت ہو اور جو اس کو اکثر بکثرت پڑھا کرے تمام گراہیوں سے سبکدوش رہے اور قرض ادا ہو اور حسن یقین عنایت ہو **اعمال اصلاح قلب و نفس** لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ سے صَادِقِيْنَ تک بخیل کے کپڑے پر مشک و گلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر اسکو پلایا جاوے اس کا بخل جاتا رہے **دیگر** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ سے مَا يُرِيْدُ تک اسکو کسی برتن میں لکھ کر اور آتش نارسیدہ شہد سے دھو کر جو شخص وہ شہد کھاوے اس کے قلب سے شک و شبہ دین میں جاتا رہے اور اتباع حق و صحت اعتقاد نصیب ہو **دیگر** حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ سے دِيْنًا تک بارش کے پانی پر ان آیات کو شب جمعہ میں بعد نماز عشا باوضو پڑھ کر اس پانی سے قدرے آرد گندم گوندھ کر اس کی روٹی پکا کر چار حصے کرے تین حصے مسکینوں کو دے اور ایک ٹکڑا خود کھاوے تین شب متواتر ایسا کرنے سے اکل حرام اور غصب اور مال یتیم اور سود اور شراب خوری سے نفرت اور توبہ نصیب ہو **دیگر** وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمِيْثَاقَهٗ سے خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ تک شیشہ یا سنگ مرمر کے برتن لکھ کر اور پاک پانی سے دھو کر تین روز نہار منہ پیوے تو نماز وضو میں وسوسہ نہ آوے برے خواب نظر نہ آویں **دیگر** يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ سے الْمُبِيْنُ تک جو شخص ہمیشہ اسکو پڑھا کرے اس کا مال بیہودہ موقع میں صرف نہ ہو جیسے شراب خواری قمار بدکاری لہو و لعب **عمل زوال عشق و غم** وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ مَعَهٗ سے الصّٰبِرِيْنَ تک اتوار کے روز قبل طلوع فجر پاک برتن میں لکھ کر

برف یا ژالہ کے پانی سے دھوکر جو شخص کسی کے عشق یا کسی مصیبت وغم میں مبتلا ہو اس پر تین روز متواتر وہ پانی چھڑکا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ نجات ہو **عمل زوال عادت کذب** لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیْۤ اَیْمَانِکُمْ سے حَلِیْمٌ تک سیپی پر لکھ کر قبل طلوع آفتاب شہد خام سے دھو کر ایسے شخص کو بکثرت پلایا جاوے انشاء اللہ تعالیٰ جھوٹ کی عادت جاتی رہے گی **عمل شوق نماز و علم و عمل** شب پنجشنبہ میں نصف شب کے وقت اٹھ کر وضو کرکے دو رکعت پڑھے اور آیہ قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ سے تَکْبِیْرًا تک شیشہ کے برتن میں زعفران وگلاب سے لکھ کر اور برتن کو پانی سے دھو کر پھر ان آیات کو اس پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر پھر بعد نماز صبح اس پانی پر اَلَمْ نَشْرَحْ دم کرکے دعا کرے کہ یہ سستی جاتی رہے اور نیک کاموں کا شوق ہو جاوے پھر وہ پانی پی لیوے انشاء اللہ تعالیٰ مقصود حاصل ہو **عمل درستی ذہن و زبان** وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ اَقْلَامٌ سے بَصِیْرٌ تک جس کا ذہن بگڑ گیا ہو یا تقریر میں مضمون کی آمد نہ ہو تو یہ آیتیں کندر پر پڑھ کر اور نصف مثقال شہد یا شکر میں ملا کر کھایا کرے ذہن بھی اچھا ہو جاوے اور آمد مضمون کی خوب ہو **عمل ادرار خون** رصاص اسود یعنی سیسہ کی تختی پر یہ آیت وَهِیَ تَجْرِیْ بِهِمْ فِیْ مَوْجٍ کَالْجِبَالِ سے الْکٰفِرِیْنَ تک لکھ کر اور جس کے لئے یہ عمل کیا جاوے اس کا نام مع والدہ کے لکھ کر اس تختی کو آب جاری میں ڈالدے جب روکنا ہو نکال لے **عمل قطع گریہ طفل و تحسین صوت** وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ہرن کی جھلی پر لکھ کر تانبے کی نلکی میں رکھ کر بازو پر باندھنے سے دشمن کی زبان بند ہو اور جو بچہ بہت روتا ہو اس کے باندھنے سے رونا موقوف ہو اور آواز اس کی اچھی ہو جاوے اور علاوہ اعمال مذکورہ کے کتاب موصوف فی الخطبہ میں بہت سے اعمال موجود ہیں مگر بعض تو حصہ دوم اعمال قرآنی میں مذکور ہو چکے ہیں اور بعض جو غیر مذکور ہیں مگر جن اغراض کے لئے وہ اعمال ہیں ان اغراض کے دوسرے اعمال مذکور ہو چکے ہیں اور نظر اختصار پر بھی اس لئے اسی قدر اکتفا کیا گیا اور مناسب معلوم ہوا کہ چند اعمال قول الجمیل سے آخر میں اضافہ کر دیئے جاویں اور اسکے بعد حسب وعدہ دیباچہ خواص اسماء حسنیٰ لکھ کر رسالہ ختم کر دیا جاوے اب یہاں سے قول الجمیل کے بعض اعمال شروع ہوتے ہیں **عمل کشائش ظاہری و باطنی** والد مرشد قدس سرہ نے مجھ کو وصیت کی یا مغنی کی مواظبت کی ہر دن گیارہ سو بار اور سورہ مزمل

پڑھنے کو چالیس بار سو اگر نہ ہو سکے تو گیارہ بار اور فرمایا کہ یہ دونوں عمل غنائے دلی اور ظاہری دونوں کے واسطے مجرب ہیں اور مجھ کو وصیت کی درود کی ہمیشگی پر ہر روز اور فرمایا کہ اسی سبب سے ہم نے پایا جو پایا **برائے گزیدن سگ دیوانہ** اور میں نے سنا انہیں حضرت سے فرماتے تھے کہ جس باؤلا کتا کاٹے اور اسکے دیوانہ ہونے کا خوف ہو تو اس آیت کو روٹی کے چالیس ٹکڑوں پر لکھے اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَأَكِيدُ كَيْدًا اور اس سے کہدے کہ ہر دن ایک ٹکڑا کھایا کرے **عمل برائے حفظ چیچک**

برائے گزیدن سگ دیوانہ

برائے حفظ چیچک

اور میں نے حضرت والد سے سنا فرماتے تھے کہ جب چیچک کی بیماری ظاہر ہو تو نیلا تاگہ لے اور سورہ رحمٰن پڑھے اور جب بار کہ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ پر پہنچے ایک گرہ دے اور اس پر پھونک ڈال اور تاگے کو لڑکے کی گردن میں باندھ دے حق تعالیٰ اس کو اس بیماری سے آرام دیگا **اعمال آسیب زدہ** اور جس کو شیطان باؤلا کر ڈالے یعنی جس پر آسیب کا خلل ہو تو اس کے بائیں کان میں یہ آیت سات بار پڑھے وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَأَلْقَيْنَا عَلَىٰ كُرْسِيِّهِ جَسَدًا ثُمَّ أَنَابَ اور دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ اس کے کان میں سات بار آذان دے اور سورہ فاتحہ اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس اور آیۃ الکرسی اور سورہ طارق یعنی والسماء والطارق اور سورہ حشر کی آئتیں هُوَ اللَّهُ الَّذِي سے آخر تک اور سورہ صٰفّٰت ساری پڑھے آسیب جلجاوے گا **ایضاً** پانی پر سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پانچ آیتیں اول سورہ جن کی یعنی قُلْ أُوحِيَ سے كَذِبًا تک پڑھے اور اس پانی کا اس کے منہ میں چھینٹا مارے کہ ہوش میں آجاویگا اور جب کسی مکان میں جن معلوم ہو اسی پانی سے اس کے مکان کی نواحی میں چھینٹے مارے تو وہاں پھر نہ آوے گا **ایضاً برائے دفع جن از خانہ** اور واسطے قریب ہونے شیطان کے گھر سے اور پتھر پھینکنے کے یہ آیت پڑھے اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا وَأَكِيدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكَافِرِينَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا چار لوہے کی کیلوں پر ہر کیل پر پچیس پچیس بار پھر انکو گھر کی چاروں کونوں میں گاڑ دے **برائے عقیمہ** بانجھ عورت کیواسطے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے وَلَوْ أَنَّ قُرْآنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ أَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْأَرْضُ أَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتَىٰ بَل لِّلَّهِ الْأَمْرُ جَمِيعًا پھر اس تعویذ کو اس کی گردن میں باندھے **ایضاً برائے عقیمہ** چالیس لونگوں پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے أَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِّن فَوْقِهِ مَوْجٌ مِّن

برائے آسیب زدہ

ایضاً

برائے دفع جن از خانہ

برائے عقیمہ

ایضاً

فَوْقِہٖ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا وَمَنْ لَمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهُ نُورًا فَمَا لَهُ مِنْ نُورٍ اور ایک لونگ کو ہر دن کھاوے اور شروع کرے حیض کے غسل ہونے سے اور ان دنوں میں اس کا زوج اس سے صحبت کرتا رہے **ف** مولانا (شاہ عبدالعزیز صاحب) نے فرمایا اور شرط اس عمل کی یہ ہے کہ لونگ رات کو کھاوے اور اس پر پانی نہ پیوے **برائے اسقاط جنین** اور جو عورت بچہ اسقاط کر دیتی ہو ایک تاگا کسم کا رنگا اس کے قد کے برابر لے اور اس پر نو گرہیں لگاوے اور ہر گرہ پر وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِمَّا يَمْكُرُونَ إِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ اور قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ پڑھے اور پھونکے **برائے درد زہ** اور جس عورت کو درد زہ ہو یعنی لڑکا پیدا ہونیکا درد تکلیف دے تو پرچہ کاغذ میں یہ آیت لکھے وَأَلْقَتْ مَا فِيهَا وَتَخَلَّتْ وَأَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ اهيا اشراهيا اور اس پرچہ کو پاک کپڑے میں لپیٹے اور اس کی بائیں ران میں باندھے تو جلدی جنے گی **ایضاً** اگر اول سورہ سے حُقَّتْ تک شیرینی پر پڑھے اور حاملہ کو کھلاوے تو بھی جلدی جنے **برائے آنکہ فرزند نرینہ زاید** اور جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو حمل پر تین مہینے گذرنے سے پہلے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھے اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثَى وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ اور اس آیت کو لکھے يَا زَكَرِيَّا إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ اسْمُهُ يَحْيَى لَمْ نَجْعَلْ لَهُ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا پھر یہ لکھے بحق موسیٰ و عیسیٰ ابنا صالحا طویل العمر بحق محمد و آلہ پھر اس تعویذ کو حاملہ کے باندھے رہے **برائے زنیکہ فرزندش نزید** اور اس شخص نے جس پر اعتماد ہے خبر دی کہ جس عورت کا لڑکا زندہ نہ رہتا ہو تو اجوائن اور کالی مرچ لے دونوں چیزوں پر دوشنبہ کے دن دوپہر کو چالیس بار سورہ "والشمس" پڑھے ہر بار درود پڑھ کر شروع کرے اور اسی پر ختم کرے اس کو ہر روز عورت کھایا کرے حمل کے دن سے لڑکے کے دودھ چھڑانے تک **ایضاً برائے فرزند نرینہ** اور یہ بھی اسی معتمد شخص نے مجھ کو خبر دی ہے کہ جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو اس کے پیٹ پر گول لکیر کھینچے اور ستر بار انگلی کے پھیرنے کے ساتھ يَا مَتِينُ کہے۔ **برائے بردہ گریختہ** اور اگر تیرا غلام بھاگ گیا ہو تو ایک کاغذ میں لکھ اور اسکو کسی چیز میں لپیٹ کر اندھیری کوٹھری میں دو پتھروں کے بیچ میں رکھدے یعنی سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی کو پڑھ کر پھر

برائے اسقاط جنین ف

برائے درد زہ ف

برائے زنیکہ فرزند نرینہ زاید ف

برائے زنیکہ فرزندش نزید ف

برائے فرزند نرینہ ف
برائے بردہ گریختہ

اَللّٰھُمَّ سے یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ تک لکھ پھر یہ آیت لکھ اَوْ کَظُلُمَاتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ یَغْشٰہُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِہٖ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُھَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَا اَخْرَجَ یَدَہٗ لَمْ یَکَدْ یَرَاھَا وَمَنْ لَّمْ یَجْعَلِ اللّٰہُ لَہٗ نُوْرًا فَمَا لَہٗ مِنْ نُّوْرٍ وَمِنْ وَّرَائِھِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ یُبْعَثُوْنَ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِیَ خَلْقَہٗ وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَائِھِمْ مُّحِیْطٌ۔ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ پھر یہ دعا پڑھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ ھٰذِہِ الْاٰیَاتِ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی نَبِیِّکَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَتُسَلِّمَ وَاَنْ تَرُدَّ الْعَھْدَ اِلٰی مَوْلَاہُ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔ ط

ضمیمۂ آثارِ تیبانی

مُلقب بہ

اسرارِ اسمائی ربانی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بعد الحمد والصلوٰۃ یہ چند خاصیتیں اسماء الٰہیہ کی حسب وعدہ خطبہ آثارِ تیبانی کے مذکور ہوتی ہیں ان اسماء کے مع بعض نکات متعلقہ ان کے ادعیہ کہ بندہ کو ان اسماء سے اپنا کیا حصہ لینا چاہیئے جس سے تخلق باخلاق اللہ کی دولت نصیب ہو جاوے اور رسالہ اوراد رحمانی میں بیان کر چکا ہوں یہاں صرف بعض خواص مذکور ہیں اَللّٰہُ خاصیت جو شخص ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اللہ تعالیٰ اسکو کمال یقین نصیب فرماویں اور جو شخص جمعہ کے روز قبل نماز جمعہ پاک و صاف ہو کر خلوت میں دو سو بار پڑھے اس کا مطلب آسان ہو خواہ کیسا ہی مشکل ہو اور جو مریض کے علاج سے اطبار عاجز ہو گئے ہوں اس پر پڑھا جاوے تو اچھا ہو جاوے بشرطیکہ موت کا وقت نہ آگیا ہو۔ اَلرَّحْمٰنُ خاصیت ہر نماز کے بعد سو بار پڑھنے سے قلب کی غفلت اور نسیان رفع ہو اور بکثرت اسکا

کمال یقین اسمٰی
سہولت مطلب و شفائے مریض
رفع نسیان و غفلت

ذکر کرنے والا ہر امر مکروہ سے محفوظ رہے اور اگر اسکو مشک و زعفران سے لکھ کر کسی محفوظ جگہ کسی بد خلق
آدمی کے گھر میں دفن کر دیا جاوے تو اس میں حیا اور ترحم اور سکینیت پیدا ہو الرَّحِیْمُ خاصیت
جو شخص روزانہ سو بار پڑھے اس کے قلب میں رقت اور شفقت پیدا ہو اور جس کسی کو امر ناگوار کا
اندیشہ ہو الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ کی کثرت کرے یا لکھ کر باندھے اور اگر اسکو لکھ کر پانی سے دھو کر وہ
پانی کسی درخت کی جڑ میں ڈالدیں اس کے پھل میں برکت پیدا ہو اور اگر کسی کو گھول کر پلا دے ہیکے
دل میں کاتب کی محبت پیدا ہو اسی طرح اگر طالب و مطلوب کا نام مع والدہ کے لکھے اس کی محبت
میں سرگرداں ہو بشرطیکہ جائز محبت ہو۔ اَلْمَلِکُ خاصیت جو شخص زوال کے وقت ایک سو
بیس بار پڑھا کرے اللہ تعالیٰ اسکو صفائی قلب اور غنا عطا فرمائیں خواہ غنا ظاہری ہو یا غنا باطنی
اَلْقُدُّوْسُ خاصیت بعد نماز جمعہ کے ۱۰۵ بار سُبُّوْحٌ قُدُّوْسٌ رَبُّ الْمَلٰئِکَةِ وَالرُّوْحِ
لکھکر اس کو ایک روٹی پر لکھ کر جو شخص کھاوے تمام آفات سے سالم رہے اور توفیق عبادت ہو
اَلسَّلَامُ خاصیت اگر مریض کے پاس اس کے سرہانے بیٹھکر دونوں ہاتھ اٹھا کر اسکو ۱۳۶
بار بلند آواز سے کہ مریض بھی سن لے پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ اسکو شفا ہو اَلْمُؤْمِنُ خاصیت
جو بکثرت ذکر کرے اسکو امن اور قوت ایمان عطا ہو اور اگر خوف زدہ ہو اسکو ۳۶ بار کہے اپنی جان
و مال میں مامون رہے اَلْمُهَیْمِنُ خاصیت غسل کر کے دو رکعت نفل پڑھ کر سو بار خلوت میں
بحضور قلب پڑھیں تو عالی ہمتی پیدا ہو اَلْعَزِیْزُ خاصیت چالیس روز تک ہر روز اکتالیس
بار پڑھیں غنائے ظاہری یا باطنی اور عزت نصیب ہو اور کسی مخلوق کا محتاج نہ ہو اَلْجَبَّارُ
خاصیت صبح و شام ۲۱۶ بار پڑھے تو ظالموں کے شر سے محفوظ رہے اَلْمُتَکَبِّرُ خاصیت
بکثرت ذکر کرنے سے بزرگی اور برکت ہو اور شب زفاف میں بی بی کے پاس جا کر قبل مباشرت
دس بار ذکر کرے تو اولاد نرینہ نیک بخت پیدا ہو اَلْخَالِقُ خاصیت سات روز متواتر روزانہ
سو بار پڑھے تو تمام آفات سے سالم رہے اَلْبَارِئُ اَلْمُصَوِّرُ خاصیت بکثرت ذکر کرنے سے صنائع
عجیبہ کا ایجاد آسان ہو اور اگر بانجھ عورت سات روز تک روزہ رکھے اور پانی سے افطار کرے اور
بعد افطار کے ۲۱ بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پاوے اور اولاد ہو اَلْغَفَّارُ خاصیت
بعد نماز جمعہ سو بار پڑھے تو آثار مغفرت پیدا ہوں یعنی ہر تنگی دفع ہو بے گمان رزق ملے اَلْقَهَّارُ

حفاظت از مکروہ و تحسین اخلاق
رقت قلب
امن از مکروہ و تحصیل برکت
تسخیر و محبت
صفائی قلب و غنا
امن از آفات و توفیق عبادت
شفائے بیمار
امن و ایمان
علو ہمت
عزت و غنا
حفاظت از ظالمان
حصول اولاد نرینہ
حفاظت از آفات
سہولت صنائع عجیبہ
قرار حمل
مغفرت و رفع تنگی و رزق وسیع

خاصیت بکثرت ذکر کرنے سے دنیا کی محبت اور ماسوی اللہ کی عظمت دل سے جاتی رہے
اور دشمنوں پر غلبہ ہو اور اگر چینی کے برتن پر لکھ کر ایسے شخص کو پلایا جاوے جو بوجہ سحر کے عورت
پر قادر نہ ہو سحر دفع ہو اَلْوَهَّابُ خاصیت بکثرت ذکر کرنے سے غنا اور قبولیت اور ہیبت
و بندگی پیدا ہو اگر چاشت کے نفلوں کے آخری سجدہ میں اسکو چودہ بار کہے یہ مقاصد اس کو
حاصل ہو اَلرَّزَّاقُ خاصیت قبل نماز فجر گھر کے سب گوشوں میں دس دس بار کہے اور
جو گوشہ سمت قبلہ کے داہنی طرف ہو اس سے شروع کرے تو وسعت رزق حاصل ہو اَلْفَتَّاحُ
خاصیت بعد نماز فجر سینہ پر ہاتھ رکھ کر ۷۱ بار پڑھے تو تمام امور میں آسانی ہو اور قلب میں طہارت
و نورانیت ہو اور رزق میں آسانی ہو اَلْعَلِيمُ خاصیت اس کی کثرت مداومت سے حقائق
و معارف منکشف ہوتے ہیں اور حافظہ قوی ہوتا ہے اَلْقَابِضُ خاصیت چالیس روز تک
روٹی کے لقمہ پر اس کو لکھ کر کھاوے تو بھوک سے تکلیف نہ ہو اَلْبَاسِطُ خاصیت نماز چاشت
کے بعد دس بار پڑھنے سے رزق میں فراخی ہو اَلْخَافِضُ خاصیت پانچسو بار پڑھنے سے حاجت
پوری ہو۔ اَلرَّافِعُ خاصیت ستر بار پڑھنے سے ظالموں سے امن میں ہو اَلْمُعِزُّ خاصیت
شب دوشنبہ و شب جمعہ کو بعد مغرب چالیس بار پڑھنے سے اس کی ہیبت لوگوں کے دلوں
میں پیدا ہو اَلْمُذِلُّ خاصیت ۷۵ بار پڑھ کر سربسجود ہو کر دعا کرے تو حاسد کے حسد سے
محفوظ رہے اور جس کا حق دوسرے کے ذمہ آتا ہو اور وہ اسمیں ٹال مٹول کرتا ہو اس کو بکثرت
پڑھنے سے وہ اسکا حق ادا کردے اَلسَّمِيعُ خاصیت جمعرات کے روز بعد نماز چاشت کے
پانسو مرتبہ پڑھ کر جو دعا کرے قبول ہو اَلْبَصِيرُ خاصیت بعد نماز جمعہ کے سو مرتبہ پڑھنے سے
بصیرت میں صفائی ہو اور نیک عمل کی توفیق ہو اَلْحَكِيمُ خاصیت نصف شب کیوقت
باوضو حضور قلب سے ذرا دیر تک پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے قلب کو محل اسرار فرماویں اَلْعَدْلُ
خاصیت شب جمعہ میں روٹی کے بیس ٹکڑوں پر اس آیت کو لکھ کر کھانے سے قلوب مخلوق
کے مسخر ہو جاویں اَللَّطِيفُ خاصیت ۱۳۳ بار پڑھنے سے رزق میں وسعت ہو تمام کام
لطف سے پورے ہوں اَلْخَبِيرُ خاصیت سات روز تک بکثرت پڑھنے سے اخبار مخفیہ
معلوم ہونے لگیں اور جو کسی موذی کے پنجہ میں گرفتار ہو اسکو بکثرت پڑھنے سے حالت درست ہو جاوے

اَلْحَلِیْمُ خاصیت اگر رئیس آدمی اس کو بکثرت پڑھے اس کی سرداری خوب جمے اور راحت سے رہے اور اگر کاغذ پر لکھ کر پانی سے دھو کر اپنے پیشہ کے آلات واوزار پر ملے تو اس پیشہ میں برکت ہو اگر کشتی ہو غرق سے محفوظ رہے اگر جانور ہو ہر آفت سے مامون رہے اَلْعَظِیْمُ خاصیت بکثرت ذکر کرنے سے عزت اور ہر مرض سے شفا ہو اَلْغَفُوْرُ خاصیت بخار والے کو تین بار لکھ کر باندھ دیا جاوے بخار اتار رہے اَلشَّکُوْرُ خاصیت جس کو ضیق النفس یا تکان یا گرانی اعضا ہو اس کو لکھ کر بدن پر پھیر دے اور پیوے تو نفع ہو اور اگر ضعیف البصر اپنی آنکھ پر پھیرے نگاہ میں ترقی ہو اَلْعَلِیُّ خاصیت اگر لکھ کر بچہ کے باندھ دیا جاوے جلدی جوان ہو اگر مسافر اپنے پاس رکھے تو جلدی اپنے عزیزوں سے آملے اگر محتاج ہو تو غنی ہو جاوے اَلْکَبِیْرُ خاصیت بکثرت ذکر کرنے سے باب علم ومعرفت کشادہ ہو اور اگر کھانے کی چیز پر پڑھ کر زوجین کو کھلایا جاوے تو باہم الفت ہو اَلْحَفِیْظُ خاصیت اس کا ذکر کرنے والا یا لکھ کر پاس رکھنے والا ہر خوف سے محفوظ رہے اگر درندوں کے درمیان سو رہے تو ضرر نہ پہنچے۔ اَلْمُقِیْتُ خاصیت اگر روزہ دار اس کو مٹی پر پڑھ کر یا لکھ کر اس کو تر کر کے سونگھے تو قوت اور غذائیت حاصل ہو اور اگر مسافر کے کوزہ پر سات بار پڑھ کر پھر اس پر لکھ کر اس سے پانی پیا کرے تو وحشت سفر سے مامون رہے۔ اَلْحَسِیْبُ خاصیت اگر کسی سے تشدد حساب کا اندیشہ ہو یا کسی بھائی برادری سے کسی معاملہ میں خوف ہو تو سات روز تک قبل طلوع آفتاب وبعد مغرب اس کو ستر مرتبہ پڑھا کرے اَلْجَلِیْلُ خاصیت اس کو بکثرت ذکر کرنے سے یا مشک وزعفران سے لکھ کر پاس رکھنے سے قدر ومنزلت زیادہ ہو اَلْکَرِیْمُ خاصیت سوتے وقت بکثرت پڑھا کرے لوگوں کے قلب میں اس کا اکرام واقع ہو اَلرَّقِیْبُ خاصیت اس کے ذکر کرنے سے مال وعیال محفوظ رہے اور جس کی کوئی چیز گم ہو جاوے اس کو بہت پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ مل جاوے اور اگر اسقاط حمل کا اندیشہ ہو تو اس کو سات مرتبہ پڑھے تو ساقط نہ ہو۔ اور سفر کے وقت جس بال بچہ کی طرف سے فکر ہو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھے تو وہ مامون رہے اَلْمُجِیْبُ خاصیت دعا کے ساتھ اس کو ذکر کرنا موجب قبولیت دعا ہے اَلْوَاسِعُ خاصیت بکثرت ذکر کرنے سے غنا ظاہری وباطنی حاصل ہو اور فراخ حوصلگی

ریاست وراحت
وبرکت در پیشہ وحفظ کشتی
عزت وشفا
بخار
ضیق النفس
نفع ضعف بصر
بلندی درجہ وجلدی جوان شدن
وسلامت مسافر
غنائے فقیر
ترقی علم ومعرفت
والفت زوجین
حفظ از خوف
حصول قوت وغذا
دفع وحشت
سہولت حساب
وامن از اہل برادری
قدر ومنزلت
اکرام
حفظ مال وعیال
وملنا چیز گم شدہ
حفظ اسقاط حمل
امن سفر
قبولیت دعا
وغنا وفراخ حوصلگی

وبردباری پیدا ہو اَلْحَکِیْمُ خاصیت بکثرت ذکر کرنے سے مصائب دفع ہوں اور دروازہ
علم وحکمت کشادہ ہو اَلْوَدُوْدُ خاصیت اگر کھانے پر ایک ہزار بار پڑھ کر بی بی کے ساتھ
کھاوے تو وہ محب اور فرمان بردار ہو جائے۔ اَلْمَجِیْدُ خاصیت اگر مبروص ایام بیض میں روزہ
رکھے اور ہر روز افطار کے وقت اس کو بکثرت پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ اچھا ہو جاوے اَلْبَاعِثُ
خاصیت سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر اس کو سو بار پڑھا کرے تو اس کا قلب علم وحکمت
سے منور ہو اَلشَّہِیْدُ خاصیت اگر نافرمان اولاد یا بی بی کی پیشانی پکڑ کر اس کو پڑھے یا ہزار
بار پڑھ کر ان پر دم کرے فرمان بردار ہو جاویں اَلْحَقُّ خاصیت ایک مربع کاغذ کے چاروں
گوشوں میں لکھ کر اس کو ہتھیلی پر رکھ کر آخر شب میں آسمان کی طرف بلند کرے تو مہمات کو
کفایت ہو اَلْوَکِیْلُ خاصیت ہر حاجت کے لئے اس کی کثرت مفید ہے اَلْقَوِیُّ
خاصیت اگر کم ہمت پڑھے باہمت ہو جاوے اگر کمزور پڑھے زور آور ہو اگر مظلوم اپنے ظالم کو
مغلوب کرنے کو پڑھے وہ مغلوب ہو جاوے اَلْمَتِیْنُ خاصیت مثل خواص اَلْقَوِیُّ
کے ہے اور اگر کسی فاجر مرد یا عورت پر پڑھا جاوے تو فجور سے باز آوے اَلْوَلِیُّ خاصیت
جو بکثرت اس کو پڑھے محبوب ہو جاوے اور جس کو کوئی مشکل پیش آوے شب جمعہ میں ہزار
بار پڑھے اَلْحَمِیْدُ خاصیت اس کی کثرت سے اخلاق واقوال وافعال حمیدہ حاصل
ہوں۔ اَلْمُحْصِیُ خاصیت اگر روٹی کے بیس ٹکڑوں پر بیس بار پڑھے تو خلقت مسخر ہو
اَلْمُبْدِئُ خاصیت حاملہ کے بطن پر آخر شب میں پڑھے تو حمل محفوظ رہے اور ساقط نہ ہو
اَلْمُعِیْدُ خاصیت اگر کوئی بات بھول جاوے اور یاد کرنے سے یاد نہ آوے تو اس کو
بار بار ذکر کرے خواہ تنہا یا مُبْدِئُ کے ساتھ ان شاء اللہ تعالیٰ یاد آجاوے اَلْمُحْیِیْ خاصیت
جس کو کسی سے مفارقت کا اندیشہ یا خوف قید کا ہو اس کو بکثرت پڑھے اَلْمُمِیْتُ خاصیت
جس کو عادت اسراف کی ہو گئی ہو یا نفس طاعت پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس کی کثرت کرے اَلْحَیُّ
خاصیت اس کی کثرت یا لکھ کر پینے سے ہر قسم کے امراض سے نجات ہو اَلْقَیُّوْمُ خاصیت
اس کی کثرت سے نیند آجاتی ہے اور یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کو فجر سے طلوع آفتاب تک پڑھنے سے
مستعدی اور آمادگی طاعات میں حاصل ہو اَلْوَاجِدُ خاصیت لقمہ پر پڑھ کر کھاوے تو

تقویت قلب حاصل ہو اَلْمَاجِدُ خاصیت جو دوام پڑھے قلب منور ہو۔ اَلْوَاحِدُ الْاَحَدُ خاصیت اگر ہزار بار پڑھے تعلق مخلوق کا اس کے قلب سے زائل ہو جاوے اَلصَّمَدُ خاصیت آخر شب میں ایک سو پچیس بار پڑھے تو آثار صدق و صدیقیت ظاہر ہوں اور جب تک اس کا ذکر کرتا رہے بھوک کا اثر نہ ہو اَلْقَادِرُ خاصیت دو رکعت پڑھ کر اس کو سو بار پڑھے تو قوت حاصل ہو اور اگر وضو کرتے ہوئے اس کی کثرت کرے تو دشمنوں پر غالب ہو اَلْمُقْتَدِرُ خاصیت جب سو کر اٹھے اس کی کثرت کرے تو جو اس کی مراد ہو اس کی تدبیر اللہ تعالیٰ آسان کر دیں اَلْمُقَدِّمُ خاصیت معرکہ میں جا کر پڑھے تو قوت اور نجات ہو اَلْمُؤَخِّرُ خاصیت کثرت سے پڑھے تو برے کاموں سے توبہ نصیب ہو اَلْاَوَّلُ خاصیت اگر مسافر ہر جمعہ کو ہزار بار پڑھے تو جلدی اپنے لوگوں سے آملے اَلْاٰخِرُ خاصیت اگر ہر روز ہزار بار پڑھے تو ماسوی اللہ دل سے نکل جاوے اَلظَّاهِرُ خاصیت اشراق کے وقت بکثرت پڑھے تو قلب میں نور ولایت ظاہر ہو اَلْبَاطِنُ خاصیت ہر روز تین سو بار ایک گھنٹہ تک اسکو پڑھے تو تکلیف انس کی حاصل ہو۔ اَلْوَالِيُ خاصیت اس کی کثرت کڑک بجلی سے محفوظ رکھتی ہے اَلْمُتَعَالِيُ خاصیت اس کے ذکر سے رفعت اور درستی حاصل ہو اَلْبَرُّ خاصیت اگر سات مرتبہ پڑھ کر بچہ پر دم کیا کرے تو نیک بخت اٹھے اَلتَّوَّابُ خاصیت بعد نماز چاشت ۳۶۰ بار پڑھے تو توبہ کی توفیق حاصل ہو۔ اور اگر ظالم پر دس بار پڑھے تو اس سے خلاصی ہو۔ اَلْمُنْتَقِمُ خاصیت جو شخص اپنے ظالم دشمن سے انتقام نہ لے سکتا ہو تو اس کی کثرت کرے اللہ تعالیٰ اس سے انتقام لے لیں اَلْعَفُوُّ خاصیت بکثرت ذکر کرے تو گناہوں سے معافی اور رضائے الٰہی حاصل ہو اَلرَّؤُفُ خاصیت اپنے غصہ کے وقت یا دوسرے شخص کے غصہ کے وقت دس بار اسکو پڑھے اور دس بار درود شریف تو غصہ کو سکون ہو جاوے مَالِكُ الْمُلْكِ خاصیت اس پر مداومت کرے تو مال تونگری حاصل ہو ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ خاصیت اس کے ذکر کرنے سے عزت و بزرگی حاصل ہو اَلْمُقْسِطُ خاصیت اس کی مداومت سے عبادت میں وسوسہ نہ آوے اَلْجَامِعُ خاصیت اس کی مداومت سے اپنے مقاصد و احباب سے مجتمع رہے اور جس کی کوئی چیز گم ہو جاوے اس کو پڑھے تو مل جاوے۔

اَلْغَنِیُّ خاصیت کسی مرض یا بلا کیوقت پڑھا کرے تو جاتا رہے۔
اَلْمُغْنِیُّ خاصیت ہزار بار پڑھے تو تونگری حاصل ہو اور اگر مشغولی جماع کے وقت خیال سے پڑھے تو بیوی اس سے محبت کرنے لگے۔
اَلْمُعْطِیُّ خاصیت ہر مراد کے حاصل ہونے کے لئے مفید ہے۔
اَلْمَانِعُ خاصیت جو اپنی مراد تک نہ پہنچ سکے اسکو صبح وشام پڑھا کرے مراد حاصل ہو۔
اَلضَّارُّ خاصیت شب جمعہ میں سو بار پڑھے تو ضرر سے محفوظ رہے۔
اَلنَّافِعُ خاصیت جس چیز سے نفع حاصل کرنا ہو اس کو دل سے پڑھے۔
اَلنُّوْرُ خاصیت اس کے ذکر سے نور قلب حاصل ہو۔
اَلْهَادِیُّ خاصیت اس کے ذکر سے یا لکھکر پاس رکھنے سے بصیرت اور فہم صحیح پیدا ہو اہل حکومت کے لئے بھی مناسب ہے۔
اَلْبَدِیْعُ خاصیت اسکو ہزار بار پڑھے تو حاجت پوری ہو اور ضرر وغم سے خلاصی ہو۔
اَلْبَاقِیُّ خاصیت ہزار بار پڑھے تو ضرر وغم سے خلاصی ہو
اَلْوَارِثُ خاصیت درمیان مغرب وعشاء کے ہزار بار پڑھے تو حیرت دفع ہو۔
اَلرَّشِیْدُ خاصیت بعد عشاء کے سو بار پڑھے تو عمل مقبول ہو۔
اَلصَّبُوْرُ خاصیت آفتاب کے طلوع ہونے سے پہلے سو بار پڑھا کرے تو کوئی تکلیف نہ پہنچے۔
اور کتابوں میں اور بھی بیشمار خواص مذکور ہیں مگر اخلاص واعتقاد کیساتھ اس قدر بھی کافی ہے۔

دفع مرض وبلا
غنا ومحبت زوجہ
حصول مراد
ایضاً
امن از ضرر
حصول نفع
نورانیت قلب
فہم صحیح
قضاء حاجات ودفع ضرر
خلاصی از ضرر
دفع حیرت
قبول اعمال
حفاظت از تکالیف

ہر قسم کی کتابیں، عربی، فارسی، اردو۔ درسی، غیر درسی، مصری، استنبولی، وغیرہ حمائلیں، پارے، قاعدے، تصانیف علمائے حقانی دیوبند، بکفایت وارزاں
ملنے کا پتہ
(مولوی) سید احمد مالک کتب خانہ اعزازیہ دیوبند یو۔پی۔

فائدۂ تامّہ عامّہ

احقر کو اعلیحضرت مرشدی سیدی علیہ الرحمۃ نے ارشاد فرمایا تھا کہ اگر کوئی حاجتمند تعویذ وغیرہ لینے آوے تو انکار مت کیا کرو جو خیال میں آیا کرے لکھدیا کرو۔
چنانچہ احقر کا معمول ہے کہ اس حاجت کے مناسب کوئی آیت قرآنی یا کوئی اسم الٰہی سوچ کر لکھدیتا ہے اور بفضلہ تعالیٰ اس میں برکت ہوتی ہے۔
چنانچہ ایک بی بی کی مانگ باوجود کوشش بار بار کے سیدھی نہ نکلتی تھی احقر نے کہا اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ پڑھ کر مانگ نکالو چنانچہ اس کا پڑھنا تھا اور مانگ بے تکلف سیدھی نکل آئی۔
احقر نے یہ حکایت اس لیے عرض کی ہے کہ اور کوئی طالب صادق بھی اس معمول کو اختیار کرے تو امید نفع اور برکت ہے۔
الحمد للہ کہ اعمال قرآنی کا تیسرا حصہ بھی بمقام چرتھاول میں ۲۲ محرم ۱۳۳۲ھ ہجری کو اختتام کو پہنچا۔

مسائل ضروریہ متعلقہ اعمال قرآنی

(۱) بے وضو آیات قرآنی کاغذ یا طشتری پر لکھنا جائز نہیں۔
(۲) بلا وضو اس کاغذ یا طشتری کا چھونا جائز نہیں پس چاہئے کہ لکھنے والا اور طشتری یا تعویذ کا ہاتھ میں لینے والا اور اسکو دھونے والا سب باوضو ہوں ورنہ سب گنہگار ہونگے
(۳) جب تعویذ سے کام ہو چکے تو اس کو قبرستان میں کسی احتیاط کی جگہ دفن کردے۔

تمّت

ہر قسم کی کتابیں درسی، غیر درسی، فارسی، اردو، عربی، مصری، استنبولی بکفایت ملنے کا پتہ (مولوی) سید احمد مالک کتبخانہ عزیزیہ دیوبند (یوپی)

(زیر نگرانی منشی رفیق احمد خورجوی مدن موہن پریس دہلی میں چھپی)